# پاکستان میں نو مسلموں کو درپیش سماجی مسائل کی صورتیں اور معاشرتی رویے


**Submitted By :**

**ASMARA BIBI**

**01-259221-003**

**Supervised By**

**DR. SYED MUHAMMAD SHAHID TIRMAZI**

**Department of Islamic Studies**

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD**


**Session 2022-2024**

# پاکستان میں نومسلموں کو درپیش سماجی مسائل کی صورتیں اور معاشرتی رویہ


*Submitted By*

ASMARA BIBI

01-259221-003

*Supervised By*

DR. SYED MUHAMMAD SHAHID TIRMAZI


A Thesis Submitted in the Fulfilment of the Requirement for the Award of the Degree in Master of Science (Islam and Life)


Department of Islamic Studies

School of Humanities and Social Sciences

BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD


Session (2022 - 2024)

## THESIS APPROVAL SHEET

**Topic of Research:** پاکستان میں نومسلموں کو درپیش سماجی مسائل کی صورتیں اور معاشرتی رویہ

**Name of Student:** **ASMARA BIBI**

Enrollment No: 01-259221-003

Programme: MS Islamic Studies (Islam & Life)

Approved by:

**Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi**

Thesis Supervisor

**KIRAN LATIF**

Internal Examiner

**DR RIAZ AHMAD SAEED**

External Examiner

**Dr. RAHIM ULLAH**

Program Coordinator

**Dr Syed Muhammad Shahid Tirmazi**

Head of Dep

# Supervisor's Statement

This is certified that the work contained in this thesis, entitled "پاکستان میں نو مسلموں کو درپیش سماجی مسائل کی صورتیں اور معاشرتی رویہ", has been carried out under my supervision by **Asmara Bibi** and is approved for submission in partial fulfilment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies.

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi

Head of the Department

Department of Islamic Studies

Bahria University Islamabad

# Bahria University

Discovering Knowledge

**MS-13**

## Thesis Completion Certificate

Student's Name**: Asmara Bibi**

Enrollment No. **01-259221-003**

Programme of Study: **MS-Islamic Studies**

Thesis Title: پاکستان میں نومسلموں کو درپیش سماجی مسائل کی صورتیں اور معاشرتی رویہ

It is to certify that the above student's thesis has been completed to my satisfaction and,to my belief, its standard is appropriate for submission for evaluation. I have also conducted a plagiarism test on this thesis using the HEC prescribed software and found a similarity index of **14%** that is within the permissible limit set by the HEC for the MS/MPhil degree thesis. I have also found the thesis in a format recognized by the BU for the MS/MPhil thesis.

Principal Supervisor's Signature: ____________________

Name: Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi

Date: 15-02-2024

# Bahria University

Discovering Knowledge

## MS-14A

## Author’s Declaration

I, **Asmara Bibi**, hereby state that my MS thesis titled "پاکستان میں نومسلموں کو درپیش سماجی مسائل کی صورتیں اور معاشرتی رویہ", is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from this University (Bahria University) or anywhere else in the country or world. At any time, if my statement is found to be incorrect, even after my graduation, the university has the right to withdraw or cancel my MS degree.

Scholar/Author’s Signature: ____________

Scholar/Author’s Name: Asmara Bibi

Date: 15-02-2024

# Bahria University

Discovering Knowledge

**MS-14B**

## Plagiarism Undertaking

I, **Asmara Bibi**, solemnly declare that the research work presented in the thesis titled

"پاکستان میں نومسلموں کو درپیش سماجی مسائل کی صورتیں اور معاشرتی رویہ", is solely my research work with no significant contribution from any other person. Any small contribution or help, wherever taken, has been duly acknowledged, and the complete thesis has been written by me. I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Bahria University towards plagiarism. Therefore, I, as the author of the above titled thesis, declare that no portion of my thesis has been plagiarized and that any material used as a reference is properly referred to and cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above titled thesis even after the award of my MS degree, the university reserves the right to withdraw or revoke my MS degree, and that HEC and the university have the right to publish my name on the HEC/University website, where the names of students, who submitted plagiarized theses are placed.

Scholar/Author's Signature: Asmara

Scholar/Author's Name: Asmara Bibi

Date: 15-02-2024

# ACKNOWLEDGMENT

A major research thesis like this is never the work of anyone alone. The contributions of many different people, in their different ways, have made this possible. I would like to extend my appreciation especially to the following.

Foremost, I thank **ALLAH ALMIGHTY** for the wisdom and perseverance that HE bestowed upon me during this research, and indeed, throughout my life: I can do everything through HIS blessings that give me strength".

Moreover, I would like to express my sincere gratitude to my supervisor Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmizi for his continuous guidance during my MS research. I could not have imagined having a better supervisor and mentor for my MS research.

I would also like to thank all my teachers for their intellectually constructive comments and recommendations for improving my study throughout my degree.

Finally, I would like to thank my beloved parents, spouse and children for their unconditional love and support, both financially and emotionally throughout my degree. The patience and understanding shown by my family during the MS years is greatly appreciated.

# فہرستِ مضامین

**صفحہ نمبر**

**باب اول: تعارف، مذاہب اور دعوتِ اسلام**

**خاکہ تحقیق** ........ 1

تعارف موضوع ........ 1

ضرورت و اہمیت ........ 1

مقاصدِ تحقیق ........ 2

تحقیقی خلاء ........ 2

بیان مسئلہ ........ 2

سوالاتِ تحقیق ........ 3

سابقہ کام کا تحقیقی جائزہ ........ 3

منہجِ تحقیق ........ 4

تحقیقی طریقہ کار ........ 4

مواد کی جمع و ترتیب ........ 5

سامپلنگ(Sampling) ........ 5

تحقیقی اخلاقیات ........ 5

تحقیقی دائرہ کار ........ 5

حوالہ جات ........ 5

ابواب بندی ........ 5

**فصل اول: پاکستان میں موجود مختلف مذاہب اور ان کا پس منظر** ........ 7

ہندو مت ........ 8

عیسائیت ........ 9

قادیانیت یا احمدیت ........ 11

سکھ مت ........ 12

زرتشتیت ........ 13

بہائیت ........ 13

بدھ مت ........ 14

جین مت ........ 15

یہودیت ........ 16

کالاشی / کیلاشی مذہب ........ 18

(Population by Religion) Figure 1 ........ 19

Figure 2 (مذہبی اعتبار سے پاکستان کی آبادی) ........ 20

**فصل دوم: دعوتِ اسلام اور نو مسلم کی اہمیت وحیثیت** ........ 21

دعوتِ اسلام امتِ مسلمہ کی ذمہ داری ........ 22

دعوتِ دین دینے والے کی فضیلت ........ 24

دعوتِ دین میں حکیمانہ اسلوب ........ 25

حکمت ........ 25

موعظ حسنہ ........ 26

جدالِ احسن ........ 26

امر بالمعروف و نہی عن المنکر ........ 26

اخلاق حسنہ اور قول و فعل میں مطابقت ........ 27

اخلاص نیت اور خیر خواہی ........ 27

علم دین پر عبور اور تربیت یافتہ ........ 27

مخاطب کے مزاج اور نفسیات کو مدِ نظر رکھنا.......... 27
تفرقہ بازی سے بچنا.......... 27
جبر کرنے سے بچنا.......... 27
صبر و تحمل.......... 29
تقابلِ ادیان کے علم پر عبور اور مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے لیے مختلف اسلوبِ دعوت.......... 28
تالیفِ قلب.......... 28
نومسلم کی فضیلت.......... 28

**باب دوم: سابقہ مذہب کی کمیونٹی کے سماجی رویے**

**فصل اول: سماجی مشکلات**.......... 31
ذہنی ونفسیاتی دباؤ.......... 32
مال ودولت اور دیگر مراعات کالالچ.......... 32
تشدد اور نظر بندی.......... 33
اغوا.......... 34
قتل.......... 35
بائیکاٹ.......... 36
دیگر مسلمانوں پر معاشرتی دباؤ.......... 36
**فصل دوم: معاشی و قانونی مشکلات**.......... 38
معاشی مسائل.......... 38
رہائش کے مسائل.......... 38
روزگار کے مسائل.......... 38
غربت و مفلسی.......... 39
قانونی مسائل.......... 39

عدالتی مقدمات ........................................................ 39

کاغذی کاروائی ........................................................ 39

قانونی چارہ جوئی میں تاخیر ........................................................ 40

جانی ومالی تحفظ کی عدم موجودگی ........................................................ 40

**باب سوم: مسلم معاشرے کے سماجی رویے**

**فصل اول: مثبت سماجی رویے** ........................................................ 41

حکومتی تعاون ........................................................ 41

عوامی تعاون ........................................................ 42

حسن سلوک ........................................................ 42

مالی تعاون ........................................................ 42

مختلف جماعتوں اور نجی اداروں کا تعاون ........................................................ 43

تحفظ اور رہائش کی فراہمی ........................................................ 43

روزگار کی فراہمی اور مالی تعاون ........................................................ 44

تعلیم وتربیت میں تعاون ........................................................ 44

قانونی مسائل میں تعاون ........................................................ 44

سماجی حلقہ بندی اور شادی بیاہ میں تعاون ........................................................ 44

صحت کے مسائل اور علاج معالجہ میں تعاون ........................................................ 44

**فصل دوم: منفی سماجی رویے** ........................................................ 45

جان ومال کا عدم تحفظ ........................................................ 45

فرقہ واریت ........................................................ 46

تعلیم وتربیت کے مسائل ........................................................ 47

ذات پات اور شادی بیاہ کے مسائل ........................................................ 47

عدم تعاون ........ 47

اخلاقی پستی ........ 48

علم و فہم کا فقدان ........ 49

میڈیا کا کردار ........ 50

**باب چہارم: نو مسلمین، خدمات اور عہدہ داران**

**فصل اول: نو مسلمین کے انٹرویز** ........ 51

Demographic Data Sheet ........ 51

انٹرویو کے سوالات برائے نو مسلم ........ 52

انٹرویو نمبر 1 ........ 53

انٹرویو نمبر 2 ........ 60

انٹرویو نمبر 3 ........ 64

انٹرویو نمبر 4 ........ 67

انٹرویو نمبر 5 ........ 71

انٹرویو نمبر 6 ........ 75

انٹرویو نمبر 7 ........ 82

انٹرویو نمبر 8 ........ 86

انٹرویو نمبر 9 ........ 91

انٹرویو نمبر 10 ........ 95

انٹرویو نمبر 11 ........ 99

انٹرویو نمبر 12 ........ 104

**فصل دوم: نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے عہدہ داران کے انٹرویز** ........ 108

Demographic Data Sheet ........ 108

انٹرویو کے سوالات برائے عہدہ دارِ ادارہ ........................................................ 109

انٹرویو نمبر 1 ........................................................ 110

انٹرویو نمبر 2 ........................................................ 115

انٹرویو نمبر 3 ........................................................ 118

**نتائج** ........................................................ 121

**سفارشات** ........................................................ 122

**ضمیمہ جات**

فہرستِ آیات ........................................................ 123

فہرستِ احادیث ........................................................ 124

فہرستِ اماکن ........................................................ 125

**مصادر و مراجع** ........................................................ 126

# ABSTRACT

This paper describes the social problems faced by the new-Muslims of Pakistan. Pakistan is an Islamic Republic Country where non-Muslim minorities are also part of the population. Preaching Islam is a significant responsibility of the Muslim Ummah. At the state level in Pakistan, there is no formal system to preach Islam to non-Muslim minorities. However, some individuals and private organizations are playing a role in the process of preaching Islam, due to which many non-Muslims are accepting Islam.

The social problems faced by the new-Muslims after accepting Islam are very painful and regrettable. The new-Muslims of Pakistan generally face social, economic and legal problems as a result of two types of social attitudes towards them: the attitude of the community of their previous religion and the attitude of the Muslim society. As a result of accepting Islam, the reaction of the community of their previous religion to the new-Muslims is very oppressive and aggressive. However, there is a mixed trend in the attitudes of Muslim society.

During the research, according to the interviews conducted with the new-Muslims and with the officials of the organizations that provide services regarding new-Muslims, some organizations and groups of people in Pakistan are not only playing a role in preaching Islam to non-Muslims but also giving services to new-Muslims, such as shelter, protection, financial support, legal support, etc. Although such people are making efforts to solve the problems of the new-Muslims, their number and domain are limited. Therefore, there is a need for a central institution at the state level in Pakistan which can be helpful in these matters.

***Keywords:*** new-Muslims, social problems, social attitudes, communities of previous religion, Muslim society

# باب اول: تعارف، مذاہب اور دعوتِ اسلام

خاکہ تحقیق

فصل اول: پاکستان میں موجود مختلف مذاہب اور ان کا پس منظر

فصل دوم: دعوتِ اسلام اور نو مسلم کی اہمیت وحیثیت

# خاکہ تحقیق

## 1۔تعارفِ موضوع

انسانی تعلقات کا مسئلہ سماج کا اہم ترین مسئلہ ہے جو حقوق و فرائض پر مبنی ہے۔اس کی اہمیت اس وقت اور بھی بڑھ جاتی ہے جب سماج میں مختلف افکار و نظریات اور عقائد کے ماننے والے ساتھ ساتھ رہتے ہوں۔ایسی صورتحال میں فکری تعصبات،ذاتی مفادات،نسلی رجحانات اور سماجی مسائل رکاوٹ بننے لگتے ہیں۔

پاکستان میں رہنے والے غیر مسلموں کو آئین پاکستان کے آرٹیکل نمبر 36 کے مطابق تمام شہری حقوق حاصل ہیں۔[1] اس کے برعکس مسلمانوں کی طرف سے پاکستان میں غیر مسلموں کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے باقاعدہ کوئی منظم کاوش ریاستی سطح پر نظر نہیں آتی۔ البتہ کچھ محدود افراد یا نجی ادارے اپنی سطح پر اس کوشش پر توجہ دیتے نظر آتے ہیں جن کی وجہ سے بہت سے غیر مسلم اسلام قبول کر رہے ہیں۔اسلام قبول کرنے کے بعد انہیں سماج کی طرف سے جو مسائل درپیش ہوتے ہیں وہ نہایت ہی تکلیف دہ اور قابلِ افسوس ہیں اور ان کا کوئی مناسب حل نظر نہیں آتا۔اگرچہ چند نجی ادارے ان مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہیں مگر یہ کوشش محدود اور ناکافی ہے۔لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک کے نومسلموں کو درپیش مسائل کی طرف پاکستان کے مسلمانوں کی توجہ مبذول کرائی جائے اور ان مسائل کی وجوہات کے تناظر میں ان کے مناسب حل کے لیے ممکنہ سفارشات پیش کی جائیں۔

## 2۔ضرورت واہمیت

پاکستان میں اسلام قبول کرنے والوں کو متعدد مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ایک نومسلم قبولِ اسلام کے بعد اجنبی ماحول اور اجنبی لوگوں میں آتا ہے۔ ایسے میں اسے اس نئے ماحول میں اجنبیت محسوس ہونا فطری بات ہے۔ان حالات میں اگر اسے مسلمانوں کی طرف سے سہارا اور اپنائیت محسوس ہونے لگے تو اسے اپنے ٹوٹے ہوئے رشتے، بچھڑے ہوئے عزیز و اقارب،اسلام کی خاطر ظلم و ستم کا نشانہ بننے اور مال و اسباب سے محروم ہو جانے کا احساس کم ہو جائے۔

[1] The Pakistan Code: Ministry of Law and Justice, "The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973", pakistancode.gov.pk, accessed October 1, 2023, https://pakistancode.gov.pk/english/UY2FqaJw1-apaUY2Fqa-apaUY2Fvbpw%3D-sg-jjjjjjjjjjjj

اسلام قبول کرنے والے ہر شخص کا پاکستانی مسلم معاشرے میں وقتی طور پر استقبال واکرام کیا جاتا ہے، اس کے لیے تحسینی کلمات اور استقامت کی دعا بھی کی جاتی ہے اور اسے درپیش فوری ضروریات کے اخراجات بھی خوش دلی سے برداشت کیے جاتے ہیں مگر معاشرے میں موجود افراد کا یہ جوش وولولہ وقت کے ساتھ ساتھ سرد پڑ جاتا ہے۔ بڑی تعداد ایسے مسلمانوں کی بھی ہے جو نومسلموں کے حقوق سے یکسر غافل ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سے افراد نومسلموں کے مسائل ومصائب سے اور اس سلسلے میں اپنی ذمہ داری سے قابل افسوس حد تک لاپرواہ یا ناواقف ہیں۔ لہٰذا پاکستان کے مسلم معاشرے کی ذہن سازی کی اشد ضرورت ہے۔ مسلمانوں کے منفی رویوں کے نتیجے میں بسا اوقات نو مسلم اسلام اور مسلمانوں سے بد ظن ہو جاتے ہیں یا پھر مرتد ہو جاتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ معاشرتی طور پر ہم نومسلموں کے مسائل کو اپنا اجتماعی مسئلہ سمجھیں۔ چونکہ یہ مسائل ایک مدت سے ہمارے معاشرے کی عدم توجہ کا شکار رہے، اس لیے ایک ایسی تحریر سامنے لائی گئی ہے جس میں ابھی تک کے سامنے آنے والے نومسلموں کے سماجی مسائل کی مختلف صورتوں کو ایک جگہ تفصیلاً مرتب کیا گیا ہے اور ان کے حل کے لیے ممکنہ شفارشات پیش کی گئی ہیں۔

## 3۔ مقاصدِ تحقیق

i. پاکستان میں نومسلموں کے سماجی مسائل کی مختلف صورتوں کو بیان کرنا۔

ii. نومسلموں کے مسائل سے متعلق پاکستانی مسلمانوں کی معاشرتی وریاستی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلانا۔

## 4۔ تحقیقی خلاء

پاکستان میں نومسلموں کے مسائل کے موضوع پر تحریر شدہ کام بہت محدود سطح پر حاصل دسترس ہوا ہے جو کہ اس معاملے پر توجہ مبذول کروانے کے لیے ناکافی ہے۔

## 5۔ بیانِ مسئلہ

اِس مقالے میں پاکستان کے نومسلموں کو معاشرتی رویوں کے نتیجے میں پیش آنے والے ان سماجی مسائل کو تلاش کیا گیا ہے جن کی وجہ سے نومسلم یا تو خود دلبر داشتہ ہو کر مرتد ہو جاتے ہیں یا پھر دیگر غیر مسلم شہری اسلام قبول کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں۔

## 6۔ سوالاتِ تحقیق

i. پاکستان میں نومسلموں کے سماجی مسائل کی مختلف صورتیں کون سی ہیں؟

ii. نومسلموں کے سماجی مسائل کے حل کے لیے پاکستانی مسلم معاشرہ کیسے مددگار ہو سکتا ہے؟

## 7۔ سابقہ کام کا تحقیقی جائزہ

اگر عمومی طور پر دیکھا جائے تو دنیا بھر میں نومسلمین کے مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے بہت سا تحریری کام کیا گیا ہے جس میں مریم جمیلہ کا کام سرفہرست ہے۔ اس حوالے سے مریم جمیلہ کی چند تحریریں نہایت اہمیت کی حامل ہیں، مثلاً Islam and Modernism[1]، Islam Versus the West[2]، Islam and Orientalism[3]۔ مریم جمیلہ کی یہ تحریریں اسلام کے مختلف پہلوؤں اور جدید دنیا میں اس کی مطابقت کے بارے میں بصیرت فراہم کرتیں ہیں۔ ان کتب میں صرف مذہب کی تبدیلیوں پر توجہ مرکوز نہیں کی جاتی بلکہ یہ عصری معاشرے میں مسلمانوں کو درپیش چیلنجوں اور مواقع سے متعلق موضوعات پر توجہ دلاتی ہیں، بشمول مذہب تبدیل کرنے والوں کے۔

اس کے برعکس خصوصی طور پر پاکستان کے نومسلمین کے مسائل کے حوالے سے بہت ہی محدود سطح پر تحریری کام حاصلِ دسترس ہوا ہے۔ پاکستان میں نومسلموں کے مسائل کے موضوع سے متعلق درج ذیل لٹریچر کا جائزہ لیا گیا ہے:

- **"پاکستان میں نومسلم افراد کی مشکلات اور ان کا حل"**: اس مقالے میں پاکستانی نومسلموں کی مشکلات بیان کی گئی ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے جو تجاویز پیش کی گئی ہیں وہ تقریباً اخلاقی درس و تربیت پر مبنی ہیں۔ جبکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ اخلاقی تجاویز کے ساتھ ساتھ دورِ حاضر کے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے عملی تجاویز بھی پیش کی جائیں تاکہ نومسلموں کے مسائل عملی میدان میں حقیقی طور پر کسی حل تک پہنچ سکیں۔[4]
- **"نومسلموں کے مسائل"**: اس مضمون میں مصنف نے پاکستان کے نومسلموں کے مسائل بیان کیے ہیں اور کہا ہے کہ حکومت ان کے مسائل کا حل فراہم نہیں کر رہی ہے۔ انہوں نے خاص طور پر یہاں خانیوال کے ایک نومسلم خاندان کا ذکر کیا ہے جسے مختلف مسائل کا سامنا تھا۔ تاہم اس تحریر میں تفصیلات فراہم نہیں کی گئی ہیں۔[5]

---

[1] Jameelah, Maryam, *Islam and Modernism* (n.p. Kazi Publications Incorporated, 1977)

[2] Jameelah, Maryam, *Islam versus The West* (n.p. Markazi Maktaba Islami Publishers, 1993)

[3] Jameelah, Maryam, *Islam and Orientalism* (n.p. Kazi Publications Incorporated, 1991)

[4] قطب نثار، "پاکستان میں نومسلم افراد کی مشکلات اور ان کا حل"، (مقالہ برائے پی ایچ ڈی، دی یونیورسٹی آف لاہور، 2018ء)

[5] ابوعمارہ زاہد الراشدی، "نومسلموں کے مسائل"، zahidrashdi.org, accessed July 1, 2023, http://zahidrashdi.org/503

- **"نو مسلموں کے حقوق اور ہمارا معاشرہ"**: اس مضمون میں مصنف نے ایک پاکستانی نو مسلم کی کہانی بیان کی ہے جو سابق کیتھولک عیسائی تھا۔ یہ مضمون ان کے ساتھ دوسرے مسلمانوں کی طرف سے اسے قبول نہ کرنے کے رویے کے بارے میں ہے جس کی وجہ سے اسے اپنی اسلامی زندگی میں بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ مضمون چونکہ ایک ہی شخص کے مسائل کے گرد گھومتا ہے، لہٰذا اس مضمون سے پاکستان کے تمام نو مسلمین کے مسائل کی مکمل نمائندگی نہیں ہوتی۔[1]
- **"داستان"**: اس کتاب میں مصنف نے پاکستان کے اُن نو مسلموں کے قبولِ اسلام کے واقعات اور مسائل کو بیان کیا ہے جو داعی اسلام مولانا نور اللہ رشیدی صاحب کی جانب سے دعوتِ اسلام ملنے کے ذریعے مسلمان ہوئے۔ اس کتاب میں نو مسلمین کے مسائل پر کم توجہ دی گئی ہے جبکہ ان کے قبولِ اسلام کی ایمان افروز داستانوں کا ذکر زیادہ ملتا ہے۔[2]
- **"جنت تلواروں کے سائے تلے ہے"**: اس مضمون میں مصنف نے پاکستان میں نو مسلموں کو درپیش مسائل کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے۔ اگرچہ حکومت اور دیگر مسلمانوں کی عدم توجہ کی وجہ سے نو مسلمین کی اسلامی زندگی بہت سی مشکلات کا شکار ہے لیکن وہ اپنے اسلامی عقیدے پر ثابت قدم ہیں۔ یہاں مضمون نگار نے چند الفاظ میں ان مسائل کا اظہار کیا ہے لیکن انہیں تفصیل سے بیان نہیں کیا۔[3]

## 8۔ منہجِ تحقیق

### i. تحقیقی طریقہ کار

- اس مقالے میں Qualitative Research Approach کا استعمال کیا گیا ہے۔
- موضوع کا تعارف اور پس منظر بیانیہ طریقہ کار اور تاریخی مطالعہ پر مبنی ہیں۔
- نو مسلموں کے سماجی مسائل بیانیہ اور تجزیاتی طریقہ کار پر مبنی ہیں۔
- نتائج و سفارشات تقییمی طریقہ کار پر مبنی ہیں۔

---

[1] رانا اورنگزیب، "نو مسلموں کے حقوق اور ہمارا معاشرہ"، mukaalma.com, accessed July 3, 2023, https://www.mukaalma.com/13489/

[2] خان، ابو محمد ذوہیب، **داستان** (کراچی: ادارہ تبلیغ اسلام پاکستان، 2018ء)، م-ن-ر

[3] عبد الوارث گل، "جنت تلواروں کے سائے تلے ہے"، huqooq.org, accessed July 3, 2023, https://huqooq.org/%d8%ac%d9%86%d8%aa-%d8%aa%d9%84%d9%88%d8%a7%d8%b1%d9%88%da%ba-%da%a9%db%92-%d8%b3%d8%a7%db%8c%db%81-%d8%aa%d9%84%db%92-%db%81%db%92/

### ii. مواد کی جمع و ترتیب

معلومات کے حصول کے لیے بنیادی مصادر اور مراجع کی طرف رجوع کیا گیا ہے۔ البتہ بوقت ضرورت ثانوی مصادر سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں بذریعہ تحریری مطالعہ، انٹرویوز اور مختلف ویب سائٹس سے مدد لی گئی ہے۔

### iii. سامپلنگ (Sampling)

Cluster Sampling کا طریقہ کار استعمال کیا گیا ہے جس میں نو مسلموں کے لیے کام کرنے والے اداروں سے مواد جمع کیا گیا ہے۔ Snowball Sampling کا طریقہ کار بھی استعمال کیا گیا ہے۔ Sampling بذریعہ انٹرویوز کی گئی ہے۔ تحقیق کے دوران کل پندرہ انٹرویوز لیے گئے ہیں جن میں سے بارہ انٹرویوز نو مسلمین کے ہیں اور تین انٹرویوز نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے عہدہ داران کے ہیں۔ ان سب کا تعلق پاکستان کے مختلف علاقوں سے ہے۔

### iv. تحقیقی اخلاقیات

- نقل کرنے میں عبارت باحوالہ نقل کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔
- مقالے میں غیر سنجیدہ اور غیر شائستہ زبان کے استعمال سے گریز کیا گیا ہے۔

### v. تحقیقی دائرہ کار

تحقیق کو متعین کرنے اور طوالت سے بچانے کے لیے پاکستان میں نو مسلموں کو درپیش سماجی مسائل کو 1998ء تا 2022ء کے تناظر میں دیکھا گیا ہے۔

### vi. حوالہ جات

اس مقالہ میں حوالہ جات کے لیے Chicago Manual of Style استعمال کیا گیا ہے جو بحریہ یونیورسٹی کا مقالہ نگاری کے لیے طے کردہ فارمیٹ ہے۔

## 9۔ ابواب بندی

➢ **باب اول: تعارف، مذاہب اور دعوتِ اسلام**

- خاکہ تحقیق
- فصل اول: پاکستان میں موجود مختلف مذاہب اور ان کا پس منظر

- فصل دوم: دعوتِ اسلام اور نو مسلم کی اہمیت و حیثیت

➢ **باب دوم: سابقہ مذہب کی کمیونٹی کے سماجی رویے**

- فصل اول: سماجی مشکلات
- فصل دوم: معاشی و قانونی مشکلات

➢ **باب سوم: مسلم معاشرے کے سماجی رویے**

- فصل اول: مثبت سماجی رویے
- فصل دوم: منفی سماجی رویے

➢ **باب چہارم: نو مسلمین، خدمات اور عہدہ داران**

- فصل اول: نو مسلمین کے انٹرویوز
- فصل دوم: نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے عہدہ داران کے انٹرویوز

➢ **نتائج**

➢ **سفارشات**

## فصل اول: پاکستان میں موجود مختلف مذاہب اور ان کا پس منظر

قیامِ پاکستان سے پہلے موجودہ پاکستان کا علاقہ برطانیہ کی حکومت کے ماتحت تھا۔ قدیم ادوار میں یہ علاقہ برصغیرِ ہند کی قدیم تہذیبوں کا مرکز رہا اور مختلف بادشاہوں نے مختلف ریاستیں قائم کیں۔ ان قدیم تہذیبوں میں وادی سندھ (ہڑپہ اور موہنجوداڑو) کی تہذیب،[1] آریائی تہذیب،[2] گندھارا تہذیب،[3] وغیرہ شامل ہیں۔ برصغیر پاک وہند میں بسنے والے آج کے دور کے مذاہب اُن قدیم تہذیبوں کے مذاہب سے بہت مختلف ہیں۔ وقت کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ ساتھ وہ قدیم تہذیبیں مٹتی گئیں اور اُن کی جگہ جدید تہذیبوں اور دیگر مذاہب نے لے لی۔

دورِ بنو امیہ میں 712ء میں مسلمان حکمران محمد بن قاسم نے ہندوستان میں قدم رکھا اور سندھ کے علاقے کو فتح کر کے ہندوستان پر مسلمانوں کی حکمرانی کا آغاز کیا۔[4] اگرچہ اس خطے میں محمد بن قاسم کے دور سے پہلے دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ہی اسلام متعارف ہو چکا تھا، جب عرب کے لوگ ہندوستان تجارت کے لئے آتے جاتے تھے،[5] مگر محمد بن قاسم کے سندھ فتح کرنے کے بعد اسلام اس علاقے میں تیزی سے پھیلنے لگا۔ 1526ء میں ظہیر الدین بابر نے ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کی بنیاد رکھی[6] اور 1857ء کی جنگِ آزادی کے بعد آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کی حکومت کے خاتمے کے ساتھ ہی اس خطے سے مکمل طور پر مسلمانوں کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔[7] جنگِ آزادی کے بعد سے 1947ء میں قیامِ پاکستان تک یہ خطہ برطانوی راج کے ماتحت رہا۔[8]

قیامِ پاکستان سے پہلے موجودہ پاکستان کے خطے میں کئی مذاہب کے ماننے والے لوگ آباد تھے، جن میں مسلمانوں کی تعداد کی کثرت تھی اور اسی بنا پر اس خطے میں پاکستان کا قیام وجود میں آیا۔ پاکستان کے قیام کے وقت کچھ اقلیتیں تو یہاں سے ہجرت کر کے بھارت چلی گئیں،

---

[1] انور جلال، "وادی سندھ کی قدیم تہذیب"، humsub.com, accessed December 5, 2023, https://www.humsub.com.pk/415551/anwar-jalal-10/

[2] اکرام سہگل، "جنوبی ایشیا کی تہذیبیں اور ہندوازم"، express.pk, accessed December 5, 2023, https://www.express.pk/story/2299280/268/

[3] اکرام سہگل، "جنوبی ایشیا کی تہذیب گندھارا"، Express.pk, accessed December 5, 2023, https://www.express.pk/story/2296257/268/

[4] فہمی، شوکت علی، **ہندوستان پر اسلامی حکومت** (کراچی: سٹی بک پوائنٹ، 2005ء)، 41

[5] ایضاً: 32

[6] فہمی، شوکت علی، **ہندوستان پر مغلیہ حکومت** (کراچی: سٹی بک پوائنٹ، 2007ء)، 24

[7] ایضاً: 272

[8] ایضاً: 288

جبکہ کچھ اقلیتیں آج بھی آباد ہیں جن کو آئین پاکستان کے آرٹیکل نمبر 36 کے مطابق تمام شہری حقوق حاصل ہیں۔[1] ذیل میں ان اقلیتوں کے مذاہب کا مختصر تعارف اور پس منظر بیان کیا گیا ہے:

## 1۔ ہندومت

ہندو مذہب دنیا کے قدیم ترین مذاہب میں سے ایک ہے۔ یہ ایک پیچیدہ اور کثیر جہتی مذہب ہے جس کا کوئی ایک بانی نہیں ہے۔ اس کی کوئی ایک جامع تعریف کرنا ممکن نہیں ہے۔ اس مذہب میں عقائد، نظریات اور رسومات کی ایک ایسی وسعت پائی جاتی ہے جو اس خطے کی تاریخ میں ہزاروں سال کے تہذیبی ارتقاء کا نتیجہ ہے، جس میں ایک بڑا عنصر آریائی تہذیب کا نظر آتا ہے جو وسطِ ایشیا سے ہندوستان پر حملہ آور ہوئی تھی۔[2]

تقریباً 1700 قبل مسیح میں آریاؤں کی آمد سے پہلے ہند میں قدیم دراوڑی تہذیب آباد تھی۔ ہند کے مقامی باشندے دراوڑ بت پرست تھے اور ان کے دو مشہور قدیم شہر ہڑپہ اور موہنجوداڑو تھے جن سے ان کے تہذیبی آثار ملتے ہیں۔ آریا بھی اپنے مذہب کے دیوی دیوتاؤں کے نظریات ساتھ لے کر آئے تھے۔ جب دراوڑی اور آریائی عقائد و نظریات نے ایک دوسرے کا اثر حاصل کیا تو اُن نئے مذہبی و تہذیبی افکار نے جنم لیا جن کو بعد میں ہندومت کہا گیا۔[3] اس مذہب کی نمایاں خصوصیت عقیدہ وحدۃ الوجود ہے، جس میں ایک طرف تو ایشور کو ایک ایسی خدائی طاقت مانا جاتا ہے جو یکتا اور غیر مجسم ہے اور دوسری طرف اسی ذات کو مختلف اوتاروں کے روپ میں مجسم قرار دیا جاتا ہے۔ یہ اوتار انسانوں، حیوانوں، شجر، سورج، چاند، ستاروں اور دیگر شکلوں میں اس مذہب میں پائے جاتے ہیں اور ان کی مورتیوں کو بھی قابلِ بندگی گردانا جاتا ہے۔[4]

ہندوؤں میں تثلیث کا عقیدہ بھی پایا جاتا ہے جو "تری مورتی" کہلاتا ہے۔ یہ عقیدہ تین خُدائی دیوتاؤں پر مشتمل ہے، جن میں سب سے پہلا "براہما" ہے جسے خالق مانا جاتا ہے، دوسرا "وِشنو" ہے جسے ربوبیت کے کام سرانجام دینے والا مانا جاتا ہے، اور تیسرا "شِو" ہے جسے فنا کرنے والا اور موت دینے والا مانا جاتا ہے۔[5]

---

[1] The Pakistan Code: Ministry of Law and Justice, "The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973"

[2] منظور احمد، میاں، **تقابلِ ادیان و مذاہب** (لاہور: علمی بک ہاؤس، 2004ء)، 12

[3] حدوٹی، محمود الرشید، **مطالعہ مذاہب** (لاہور: مکتبہ آبِ حیات، 2005ء)، 39

[4] فلاحی، انیس احمد، **مذاہبِ عالم: ایک تقابلی مطالعہ** (مکتبہ قاسم العلوم)، 236، م-ن-ر

[5] جنید احمد، "ہندوؤں کا عقیدہ تثلیث"، alamaat.com, accessed December 5, 2023, https://alamaat.com/trilogy-in-hinduism-the-basic-concept-of-hinduism/

اِس مذہب کی اہم کتابیں وید (چار وید جو اہم ترین مانے جاتے ہیں)، برہمن گرنتھ، اپنیشد، گیتا، پران، مہابھارت اور رامائن ہیں۔ ان کتابوں میں بے شمار دیوی دیوتاؤں کی نظمیں اور کہانیاں ملتی ہیں جن پر مختلف ہندو فرقوں کی بنیادیں کھڑی ہیں۔[1] ہندوؤں کی عبادت گاہ مندر (temple) کہلاتی ہے۔

1830ء میں پہلی مرتبہ انگریزوں نے مسلمانوں اور عیسائیوں کے علاوہ، ہندوستان میں رہنے والے باقی تمام عقائد کے ماننے والوں کا نام "ہندو" رکھا اور اس مذہب کو "ہندومت" کا نام دیا۔ جبکہ ہندو مفکرین کا کہنا ہے کہ اس مذہب کو ہندومت کے بجائے "سناتن دھرما" کہنا چاہیے، جس کا مطلب ہے "دوامی مذہب" یا "ویدا کا مذہب"۔[2]

اسلام کے بعد ہندومت پاکستان کا دوسرا بڑا مذہب ہے۔ پاکستان میں 2017ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی کُل آبادی کا تقریباً 1.6 فیصد حصہ ہندو آبادی پر مشتمل ہے۔[3]

## 2۔ عیسائیت

دنیا میں عیسائیت کو خاص اہمیت حاصل ہے کیونکہ یہ دنیا کا سب سے بڑا مذہب ہے۔ یہ ایک ابراہیمی مذہب ہے۔ عقیدہ تثلیث، عقیدہ حیاتِ ثانیہ اور عقیدہ کفارہ اِس مذہب کے بنیادی عقائد میں شامل ہیں۔[4]

عقیدہ تثلیث کے حوالے سے عیسائیوں میں یہ بات عام ہے کہ "تین ایک میں، ایک تین میں۔" اِس کے مطابق خدا تین ہستیوں کے مجموعے کا نام ہے۔ پہلی ہستی باپ (خدا کی تنہا ذات) ہے، دوسری ہستی بیٹا (خدا کی صفتِ کلام جس کا عیسیٰ علیہ السلام کی مجسم صورت میں زمین پر ظہور ہوا) ہے اور تیسری ہستی روح القدس (باپ اور بیٹے کے درمیان صفتِ محبت) ہے یا پھر بعض عیسائیوں کے مطابق تیسری ہستی مریم علیہا السلام ہیں۔ اِس عقیدے کے مطابق باپ بھی خدا ہے، بیٹا بھی خدا ہے اور روح القدس یا مریم علیہا السلام بھی خدا ہے۔ مگر یہ تین الگ خدا نہیں ہیں بلکہ ایک ہی خدا ہیں۔[5]

---

[1] ثناء ناز، "ہندومت کی کتب کا مختصر تعارف"،

zindgienau.com, accessed December 5, 2023, http://zindgienau.com/Issues/2018/November2018/images/unicode_files/heading7.htm

[2] نائیک، ذاکر عبدالکریم، **اسلام اور ہندومت: ایک تقابلی جائزہ**، مترجم محمد زاہد ملک (لاہور: زبیر پبلشرز)، 8، م-ن-ر

[3] Pakistan Bureau of Statistics, “Population by Religion”, pbs.gov.pk, accessed December 3, 2023, https://www.pbs.gov.pk/node/96

[4] اکرام سہگل، "جنوبی ایشیاء میں عیسائیت کا فروغ"،

mukaalma.com, accessed December 6, 2023, https://www.mukaalma.com/139913/

[5] عثمانی، تقی، **عیسائیت کیا ہے؟** (کراچی: دار الاشاعت)، 12، م-ن-ر

عیسیٰ علیہ السلام کی حیاتِ ثانیہ کے حوالے سے عیسائیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام کو مصلوب کیا گیا تو وہ اصل خدا کو قتل نہیں کیا گیا بلکہ خدا کے مظہر انسانی کو قتل کیا گیا۔ دفن ہونے کے تین دن بعد عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ زندہ ہوئے اور حواریوں کو کچھ ہدایات دیں۔ پھر آسمان پر واپس چلے گئے اور ایک وقتِ مقرر کے بعد دوبارہ زمین پر آئیں گے۔[1]

عیسائیوں کے عقیدہ کفارہ کے مطابق ہر انسان اُس گناہ کا بوجھ لے کر پیدا ہوتا ہے جو آدم علیہ السلام نے جنت کے اُس درخت کا پھل کھا کر کیا تھا جس کو کھانے سے منع کیا گیا تھا۔ لہٰذا تمام انسانوں کو اُس گناہ کے بوجھ سے نجات دلانے کے لئے کفارے کی ادائیگی کے طور پر عیسیٰ علیہ السلام نے مصلوب ہو کر اپنی قربانی دی۔[2]

عیسائیت کی مقدس کتاب بائبل ہے جس کے دو حصے ہیں، توریت (عہد نامہ قدیم / عتیق) اور انجیل (عہد نامہ جدید)۔ ویسے تو اِس مذہب میں بہت سے فرقے پائے جاتے ہیں مگر چار بڑے فرقے رومن کیتھولک، پروٹسٹنٹ، ایسٹرن آرتھوڈوکس اور اورینٹل آرتھوڈوکس ہیں۔[3] عیسائیوں کی عبادت گاہ کو church (گرجا گھر / کلیسا) کہا جاتا ہے۔

برصغیر میں عیسائیت کے آغاز پر مؤرخین کا اختلاف ہے مگر زیادہ مروجہ رائے یہ پائی جاتی ہے کہ یہاں عیسائیت کا آغاز پہلی صدی عیسوی میں ہوا جب سینٹ تھامس عیسائیت کی تبلیغ کے لئے کیرالہ آئے تھے۔ عیسائیوں کے مطابق سینٹ تھامس عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ حواریوں میں سے ایک تھے۔ سرزمینِ پاک و ہند میں عیسائیت کی تبلیغ باقاعدہ طور پر پندرویں صدی عیسوی میں یورپی نوآبادیات کے ساتھ شروع ہوئی۔ بعد میں جب یہاں انگریزوں کا قبضہ ہوا تو یہاں کے پادریوں کو حکومتی سرپرستی حاصل ہو گئی جس سے عیسائیت کی تبلیغ اور مشنری سرگرمیوں میں مزید تیزی پیدا ہو گئی۔ اُس دور میں سماجی، علمی اور مالی خدمات کے ذریعے عیسائیت کو بہت فروغ حاصل ہوا۔ نتیجتاً برصغیر پاک و ہند کی ایک بڑی آبادی، خصوصاً نچلی ذاتوں سے تعلق رکھنے والوں نے ذات پات کی تقسیم سے تنگ آ کر عیسائیت قبول کر لی۔[4]

عیسائیت پاکستان کا تیسرا بڑا مذہب ہے۔ پاکستان میں 2017ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی کُل آبادی کا تقریباً 1.59 فیصد حصہ عیسائی آبادی پر مشتمل ہے۔[5]

---

[1] عثمانی، **عیسائیت کیا ہے؟**:44

[2] ایضاً

[3] اکرام سہگل، "جنوبی ایشیاء میں عیسائیت کا فروغ"

[4] ایضاً

[5] Pakistan Bureau of Statistics, “Population by Religion”

## 3۔ قادیانیت یا احمدیت

قادیانیت دنیا کے جدید ترین مذاہب میں سے ایک ہے۔ قادیانی جن کو احمدی بھی کہا جاتا ہے، ان کا یہ عقیدہ ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی ظلّی و بروزی نبی تھا، یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت مرزا کے وجود میں اپنے تمام کمالاتِ نبوت کے ساتھ دوبارہ جلوہ گر ہوئی۔[1] یہ مذہب پاکستان میں موجود دیگر مذاہب سے اِس لحاظ سے مختلف ہے کہ دیگر مذاہب کے ماننے والے خود کو غیر مسلم تسلیم کرتے ہیں مگر قادیانی خود کو مسلمان کہتے ہیں، اپنی عبادت گاہ کو مسجد کہتے ہیں اور اپنے علاوہ دیگر مسلمانوں کو کافر اور گمراہ قرار دیتے ہیں۔[2] ایسی صورت میں کم علم مسلمانوں کا قادیانیوں کے فتنے میں مبتلا ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ اسی لئے حکومتِ پاکستان نے 1974ء میں آئین پاکستان کی دوسری قانونی ترمیم کے تحت، آرٹیکل نمبر 106 اور آرٹیکل نمبر 260 میں قادیانیوں کو کافر قرار دے دیا۔[3] بعد میں جنرل محمد ضیاء الحق نے 1984ء میں امتناع قادیانیت آرڈیننس جاری کیا جس کے تحت احمدیہ کیمونٹی کے مذہبی عقائد، شخصیات، عبادات اور دیگر مذہبی امور کے لیے اسلامی اصطلاحات کا استعمال بھی ممنوع قرار پایا۔[4] آج بھی قادیانیوں کی اکثریت اسلام کا لبادہ اوڑھے ہوئے اپنی شناخت بطورِ سنی مسلمان کرواتی ہے۔[5]

قادیانیت کے بانی، مرزا غلام احمد قادیانی کی تحریر کردہ تصانیف میں روحانی خزائن، ملفوظات، مجموعہ اشتہارات، مکتوبات احمدیہ، سیرت مہدی اور تذکرہ وغیرہ شامل ہیں۔[6]

قادیانیت کا ظہور برصغیر میں انگریز کے دورِ حکومت میں ہوا جب 1882ء میں مرزا غلام احمد قادیانی نے مسیح موعود، مہدی اور نبی ہونے کا دعویٰ کیا۔[7] انگریزوں کو ایسے ہی شخص کی ضرورت تھی جو نبوت کا جھوٹا دعویٰ کر کے مسلمانوں کو انگریزوں کی اطاعت کا حکم دے اور

---

[1] علوی، منیر احمد، **احمدیت اسلام کیوں نہیں؟** (شان ختم نبوت)، 52، م-ن-ر

[2] ختم نبوت، "قادیانی مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟"،
khatm-e-nubuwwat.org, accessed December 7, 2023, https://khatm-e-nubuwwat.org/qadiani-musalmano-ko-keya-samjtay-hain/

[3] The Constitution of Pakistan, “Constitution (Second Amendment) Act, 1974”, pakistani.org, accessed December 7, 2023, https://www.pakistani.org/pakistan/constitution/amendments/2amendment.html

[4] ختم نبوت، "صد سالہ جشن پر پابندی اور شعائر اسلامی کا استعمال–سپریم کورٹ آف پاکستان"،
khatm-e-nubuwwat.org, accessed December 7, 2023, https://khatm-e-nubuwwat.org/100-sala-jashan-par-pabandi-or-shayar-islami-ka-istamal-scmr-1718-1993-supreem-court-of-pakistan/

[5] محمد آصف (انٹرویو) از اسمارہ بی بی، اسلام آباد، 26 دسمبر 2023ء بوقت رات 8 بجے

[6] ختم نبوت، "قادیانیوں کی کتابیں"،
khatmenabowat.wordpress.com, accessed December 7, 2023, https://khatmenabowat.wordpress.com/%D9%82%D8%A7%D8%AF%DB%8C%D8%A7%D9%86%DB%8C%D9%88%DA%BA-%DA%A9%DB%8C-%DA%A9%D8%AA%D8%A7%D8%A8%DB%8C%DA%BA/

[7] علوی، **احمدیت اسلام کیوں نہیں؟**: 223

جہاد کو منسوخ قرار دے۔ غلام احمد قادیانی انگریزوں کے لئے ایک مناسب شخص تھا جس کے ذریعے وہ اسلام کے خلاف اپنے عزائم کو پورا کر سکتے تھے، کیونکہ اس کا خاندان ہمیشہ سے ہی انگریزوں کی خدمت کرتا چلا آیا تھا۔[1]

قادیانی پاکستان کی کُل آبادی کا تقریباً 0.22 فیصد حصہ ہیں۔[2]

## 4۔ سکھ مت

سکھ مت دنیا کے جدید مذاہب میں شامل ہوتا ہے جس نے پنجاب کے علاقے میں زیادہ پزیرائی حاصل کی اور ایک پنجابی مذہب کے طور پر ابھر کر سامنے آیا۔[3] اس مذہب کی تعلیمات میں مختلف خداؤں کو پوجنے کے بجائے ایک ہی خدا کو پوجنے کے لائق قرار دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ مذہب ہندو مسلم اخوت اور مساوات پر زور دیتا ہے۔[4] اس مذہب کا بانی گرونانک تھا۔ گرونانک کے مرنے کے بعد یہ سلسلہ دس گروؤں تک چلتا رہا اور اس کے بعد سکھ مت کی مقدس کتاب "گروگرنتھ" کو گرو قرار دے دیا گیا۔[5] سکھوں کی عبادت گاہ "گردوارہ" کہلاتی ہے۔

سکھ مت پندرویں صدی کے آخر میں برصغیر میں ایک نئے مذہب کے طور پر ابھر کر سامنے آیا جب پاکستان کے پنجاب کے علاقے تلونڈی (موجودہ ننکانہ صاحب) کے ہندو خاندان میں پیدا ہونے والے گرونانک نے صوفی اسلام سے متاثر ہو کر اسلام اور ہندومت کے مخلوط نظریات کی تبلیغ شروع کی۔[6]

سکھ پاکستان میں پائی جانے والی چھوٹی اقلیتوں میں شمار ہوتے ہیں۔[7]

[1] ختم نبوت، "انگریز نے مرزا کادیانی کو کیوں چنا"،
khatm-e-nubuwwat.org, accessed December 7, 2023, https://khatm-e-nubuwwat.org/angraiz-nay-mirza-qadiani-ko-ku-chunaa/

[2] Pakistan Bureau of Statistics, "Population by Religion"

[3] مور، لیوس، **مذاہبِ عالم کا انسائیکلوپیڈیا**، مترجم سعدیہ جواد، یاسر جواد (لاہور: نگارشات پبلشرز، 2003ء)، 251

[4] ایضاً: 254

[5] فلاحی، **مذاہبِ عالم: ایک تقابلی مطالعہ**: 343

[6] ایضاً: 336

[7] Iftikhar H. Malik, "Religious Minorities in Pakistan", refworld.org, accessed December 3, 2023, https://www.refworld.org/pdfid/469cbfc30.pdf

## 5۔ زرتشتیت

زرتشتیت دنیا کے قدیم مذاہب میں سے ایک ہے۔ اس مذہب کے پیروکار زرتشت کی شخصیت کو اپنے مذہب کا بانی مانتے ہیں۔ زرتشت خود توحید پرست تھے اور اسی کی تعلیم دیتے تھے۔[1] زرتشت کے مرنے کے بعد ان کے پیروکاروں نے مشرکانہ عقائد اپنا لئے جن میں دو خداؤں کا عقیدہ سرفہرست ہے، ایک خیر کا خدا اور دوسرا شر کا خدا۔ اس کے علاوہ اس مذہب میں آگ کی تعظیم اور پرستش کرنا بھی شامل کر دیا گیا۔[2] زرتشتیت کی مقدس کتب "دساتیر" اور "آوستا" ہیں۔[3] اس مذہب کی عبادت گاہ کو آتش کدہ کہا جاتا ہے۔

زرتشت کی پیدائش، ایک اندازے کے مطابق چھٹی صدی قبل مسیح میں فارس کے ایک شاہی خاندان میں ہوئی۔ وقت کے ساتھ ساتھ ان کا مذہب پورے فارس میں پھیل گیا۔[4] ساتویں صدی عیسوی میں جب اسلام نے ایران پر غلبہ پایا تو وہاں کے زرتشتی پیروکاروں کی ایک بڑی تعداد نے ہندوستان ہجرت کر لی جہاں وہ "پارسی" کہلائے۔[5] اسی نسبت سے یہ مذہب پارسی مذہب بھی کہلاتا ہے۔

زرتشت مذہب کے پیروکار بھی پاکستان کی چھوٹی اقلیتوں میں سے ایک ہیں۔[6]

## 6۔ بہائیت

بہائیت دنیا کے جدید ترین مذاہب میں سے ایک ہے۔ بہائی مذہب کا بانی بہاء اللہ تھا جس کا اصل نام مرزا حسین علی تھا جو 1817ء میں ایراان میں پیدا ہوا۔[7] بہائیت کو سمجھنے کے لئے ہمیں پہلے بابیت کو سمجھنا ہوگا۔

بابیت کے بانی مرزا محمد علی شیرازی نے 1844ء میں ایران میں "موعود" کا "باب" ہونے کا دعوٰی کیا،[8] یعنی خدا تک پہنچنے کا وہ دروازہ جس کے ذریعے آنے والے نبی (موعود) کی خبر معلوم کی جا سکے۔ اپنے اس دعوے کو حقیقت کا رنگ دینے کے لئے اس نے خود نبی

---

[1] حدوٹی، **مطالعہ مذاہب**:66

[2] ایضاً:68

[3] نائیک، ذاکر عبد الکریم، **مذاہب عالم میں تصور خدا**، مترجم سید امتیاز احمد (لاہور: دار النوادر، 2006ء)، 19

[4] حدوٹی، **مطالعہ مذاہب**:66

[5] اکرام سہگل، "جنوبی ایشیا میں زرتشتی مذہب"، express.pk, accessed December 9, 2023, https://www.express.pk/story/2265806/268/

[6] Iftikhar H. Malik, "Religious Minorities in Pakistan"

[7] ظہیر، احسان الٰہی، **البہائیۃ: نقد و تحلیل**:35، م-ن-س

[8] ظہیر، احسان الٰہی، **البابیۃ: عرض و نقد**:111، م-ن-س

ہونے کا دعویٰ کیا تاکہ وہ یہ ثابت کر سکے کہ یہ خبر اسے خدا کی طرف سے وحی ہوئی ہے کہ جلد ایک نبی آنے والا ہے جو عیسیٰ علیہ السلام یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح ہو گا۔

مرزا حسین علی (بہاء اللہ) نے باب کے مذہب کو اپنایا اور اُس کا پیروکار بن گیا۔[1] باب اور اُس کے مذہب کے زیادہ تر ماننے والوں کو اُن کے غلط عقائد کے سبب ایرانی حکومت نے 1850ء میں سزائے موت دے دی۔[2] روس بہاء اللہ کا پشت پناہ تھا جس کی وجہ سے وہ قتل ہونے سے بچ گیا اور اسے ایران سے جلاوطن کر دیا گیا۔[3] جلاوطن ہونے کے بعد 1868ء میں اس نے یہ دعویٰ کر دیا کہ میں ہی وہ موعود نبی ہوں جس کی باب نے پیشگوئی کی تھی۔[4] بہاء اللہ کے اس دعوے کو قبول کرنے والے بہائی کہلاتے ہیں۔

بہاء اللہ کی تصنیف "الایقان" میں اس نے شیرازی کے دعوؤں کی تائید کی ہے۔[5] اس نے اپنی سب سے اہم تصنیف، "اقدس" کو قرآن کا منسوخ قرار دیا ہے۔[6]

برصغیر میں بہائیت کا آغاز بابیت کے آغاز کے ساتھ جڑا ہے جب 1844ء میں ایران میں بابیت کا آغاز ہوا تو بابیت کی بیعت کرنے والے اولین افراد میں سے چار کا تعلق ہندوستان سے تھا۔[7]

بہائی اقلیت بھی پاکستان کی چھوٹی اقلیتوں میں سے ایک ہے۔[8]

### 7۔بدھ مت

یہ مذہب دنیا کے قدیم مذاہب میں شامل ہوتا ہے۔ اس مذہب کا بانی گوتم بدھ تھا۔ اس مذہب کی بنیاد تقریباً 600 قبل مسیح میں پڑی جب برصغیر ہند میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد ہندو مت میں برہمنیت میں پائے جانے والے ظلم و جبر اور ذات پات کے نظام سے متنفر ہو کر گوتم بدھ کی فلسفیانہ، صوفیانہ اور اصلاحی تعلیمات سے متاثر ہوئی۔[9]

---

[1] ظہیر، **البہائیہ: نقد و تحلیل**:43

[2] ظہیر، **البابیہ: عرض و نقد**:168

[3] ظہیر، **البہائیہ: نقد و تحلیل**:55

[4] **ایضاً**:67

[5] **ایضاً**:106

[6] **ایضاً**105

[7] Sepehr Manuchehri, "Historical Accounts of two Indian Babis: Sa'in Hindi and Sayyid Basir Hindi", h-net.org, accessed December 10, 2023, https://www.h-net.org/~bahai/notes/vol5/hunud.htm

[8] Iftikhar H. Malik, "Religious Minorities in Pakistan"

[9] منظور احمد، **تقابلِ ادیان و مذاہب**:35

گوتم بدھ ہندوستان میں تقریباً568 قبل مسیح میں موجودہ نیپال کے ایک شاہی خاندان میں پیدا ہوئے۔ گوتم بدھ کا اصل نام سدھارتھ تھا۔[1] وہ اپنی جوانی ہی میں دنیا کی رنگینی اور ذات پات کے نظام سے تنگ آکر تارک الدنیا ہو کر ریاضت میں مصروف ہو گئے اور بعد میں اصلاحی، صوفیانہ اور فلسفیانہ تعلیمات کی تبلیغ شروع کر دی۔[2] ان تعلیمات کا بنیادی نچوڑ اس وقت کے موجودہ ذات پات کے نظام کے برعکس انسانی مساوات کا الم بلند کرنا تھا۔[3] گوتم بدھ کی پیروی میں آج بھی بہت سارے بدھ مت کے پیروکار اپنے تزکیہ نفس کے لیے رہبانیت اختیار کرتے ہیں۔

اس مذہب کے دو بڑے فرقے ہنایان اور مہایان ہیں۔[4] ہنایان کی مقدس کتاب تری پٹیکا (تین ٹوکریاں) ہے۔ پہلی ٹوکری نظم وضبط کی ہے جسے ونایا پٹیکا کہا جاتا ہے،[5] دوسری ٹوکری تقاریر اور مکالمات کی ہے جسے سُتا پٹیکا کہا جاتا ہے اور تیسری ٹوکری مابعد الطبیعات کی ہے جسے ابھی دھما پٹیکا کہا جاتا ہے۔ مہایان کی بھی تین مذہبی کتابیں ہیں جن میں سے مذہبی نظام کے قواعد ونایا کہلاتے ہیں، تقاریر اور مکالمے سوتر کہلاتے ہیں[6] اور فلسفیانہ مباحث شاستر کہلاتے ہیں۔[7] اس مذہب کی عبادت گاہ کو مندر (temple) کہتے ہیں۔[8]

پاکستان میں پائی جانے والی چھوٹی اقلیتوں میں سے ایک اقلیت بدھ مت کے پیروکاروں کی بھی ہے۔[9]

## 8۔ جین مت

جین مت بھی دنیا کے قدیم مذاہب میں شمار ہوتا ہے۔ اس مذہب کا بانی مہاویر جین تھا۔ اسی نسبت سے اس مذہب کے پیروکار جینی کہلاتے ہیں۔ یہ مذہب بھی بدھ مت کی طرح ہندو مت میں برہمنیت کے ذات پات کے جابرانہ نظام کے ردعمل کے طور پر تقریباً600 قبل مسیح میں برصغیر ہند میں ابھر کر سامنے آیا۔[10] اس مذہب کی تعلیمات انسانی مساوات، اہنسا (عدم تشدد)،[11] تزکیہ نفس اور رہبانیت پر

---

[1] منظور احمد، **تقابلِ ادیان ومذاہب**:37

[2] فلاحی، **مذاہبِ عالم: ایک تقابلی مطالعہ**:370

[3] ایضاً:386

[4] ایضاً:380

[5] ایضاً:377

[6] ایضاً:378

[7] ایضاً:379

[8] منظور احمد، **تقابلِ ادیان ومذاہب**:39

[9] Iftikhar H. Malik, "Religious Minorities in Pakistan"

[10] فلاحی، **مذاہبِ عالم: ایک تقابلی مطالعہ**:203

[11] ایضاً:206

مبنی تھیں۔[1] خدا کی ذات کے حوالے سے جین مت کا عقیدہ یہ ہے کہ یہ کائنات ایک ازلی و ابدی فطری نظام کے تحت خود بخود چل رہی ہے، نہ تو کوئی اس کو پیدا کرنے والا ہے، نہ ہی کوئی اس کے نظام کو چلانے والا ہے اور نہ ہی کوئی اسے ختم کرنے والا ہے۔ لہٰذا ایشور نام کی کوئی ہستی اپنا وجود نہیں رکھتی۔[2]

مہاویر جین کی پیدائش 599 قبل مسیح میں ہندوستان کے صوبہ بہار کے شہر ویشالی کے ایک گاؤں کنڈپور میں ہوئی۔ جین کا اصل نام وردھمان تھا۔[3] اپنے والد کی وفات کے بعد 30 سال کی عمر میں اس نے اپنی ساری دولت غرباء میں تقسیم کر دی اور رہبانیت اختیار کر کے ریاضت میں مصروف ہو گیا۔ دنیا سے بے نیاز ہونے کے تقاضے کے طور پر اس نے خود کو لباس کی قید سے آزاد کر دیا اور یوں وہ ستر پوشی سے بے نیاز ہو گیا۔ بارہ سال کی کٹھن ریاضت کے بعد جب اسے معرفت حاصل ہوئی تو پھر پورے برصغیر ہند میں جہاں تک ممکن ہو سکا، اس نے اپنی تعلیمات کی تبلیغ شروع کر دی۔[4]

اس مذہب کے دو بڑے فرقے ہیں، سوئتامبر اور دگامبر۔[5] سوئتامبر فرقے کے نزدیک جین مت کے مقدس صحیفے 45 آگماؤں پر مشتمل ہیں،[6] جبکہ دگامبر فرقے کے مطابق یہ آگمائیں اب ناپید ہو چکی ہیں۔[7] جین مت کی عبادت گاہ کو مندر (temple) کہا جاتا ہے۔[8]

جینی بھی پاکستان میں پائی جانے والی ایک نہایت ہی چھوٹی اقلیت پر مشتمل ہیں۔[9]

## 9۔ یہودیت

یہ ایک ابراہیمی مذہب ہے جس کے ماننے والے نسلی اعتبار سے یعقوب علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔ یعقوب علیہ السلام کا لقب اسرائیل تھا جس کی نسبت سے یہودیوں کو بنی اسرائیل بھی کہا جاتا ہے۔[10] اس لحاظ سے یہ ایک نسلی مذہب ہے۔ یہودی شریعتِ موسوی

---

[1] فلاحی، **مذاہبِ عالم: ایک تقابلی مطالعہ**:204

[2] ایضاً:207

[3] ایضاً:206

[4] ایضاً:207

[5] ایضاً:215

[6] ایضاً:212

[7] ایضاً:213

[8] ایضاً:218

[9] Iftikhar H. Malik, "Religious Minorities in Pakistan"

[10] فلاحی، **مذاہبِ عالم: ایک تقابلی مطالعہ**:42

کے ماننے والے ہیں۔[1]عقیدے کے اعتبار سے یہودیت ایک توحیدی مذہب ہے جو خدا کے ایک ہونے اور اس کے غیر مادی وجود کے ہونے کو تسلیم کرتا ہے۔ ان کے عقائد میں آخرت اور نبوت ورسالت پر ایمان بھی پایا جاتا ہے مگر بنی اسرائیل بعض نبیوں اور رسولوں پر ایمان نہیں رکھتے جن میں عیسیٰ علیہ السلام اور آخری رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی شامل ہیں۔[2]ان کے عقائد میں ایک بنیادی عقیدہ یہ بھی ہے کہ بنی اسرائیل کو تمام قوموں پر برتری حاصل ہے اور صرف یہی قوم اللہ کی چہیتی ہونے کی وجہ سے جنت کی مستحق ہے۔[3]

یہودیوں کی مقدس کتابیں توریت (عہد نامہ قدیم / عہد نامہ عتیق)، تالمود اور پروٹوکولز ہیں۔[4]یہودیت میں تین بڑے فرقے پائے جاتے ہیں، آرتھوڈوکس، ریفارمسٹ اور کنزرویٹو۔[5]ان کی عبادت گاہ کو سsynagogue (کنیسہ) کہتے ہیں۔[6]

1839ء میں جب ایران میں یہودیوں کو مسلم اکثریت میں ان کے اقلیتی مقام کی وجہ سے ظلم و ستم کا نشانہ بنایا گیا[7]تو مسلمانوں کی طرف سے کی جانے والی بغاوت کی وجہ سے بھاگنے والے یہودیوں کی ایک بڑی جماعت ہندوستان کے مختلف علاقوں میں آکر آباد ہو گئی، جن میں پاکستان کے دو بڑے شہر، راولپنڈی اور پشاور بھی شامل ہیں۔[8]قیامِ پاکستان کے بعد زیادہ تر یہودی پاکستانی علاقوں سے بھارت ہجرت کر گئے۔ جب 1948ء میں فلسطین میں اسرائیلی ریاست کا قیام ہوا، تو اس کے بعد پاکستان میں موجود بقایا یہودیوں میں سے ایک بڑی تعداد اسرائیل نقل مکانی کر گئی۔[9]

اب صرف گنتی کے چند یہودی خاندان ہی پاکستان میں ایک چھوٹی اقلیت کے طور پر باقی رہ گئے جو اب کراچی میں آباد ہیں۔[10] 2017ء میں نادرا کے بتائے گئے ریکارڈ کے مطابق پاکستان میں تقریباً 745 رجسٹرڈ یہودی خاندان آباد ہیں۔ پاکستانی یہودی عام طور پر عوام سے اپنی شناخت چھپاتے ہیں اور نادرا کے ریکارڈ میں ان کی شناخت کی تفصیلات سربستہ راز تصور کی جاتی ہیں۔[11]

---

[1] فلاحی، **مذاہبِ عالم: ایک تقابلی مطالعہ**:43

[2] ایضاً:72

[3] ایضاً:70

[4] ایضاً:74

[5] My Jewish Learning, "The Jewish Denominations", myjewishlearning.com, accessed December 13, 2023, https://www.myjewishlearning.com/article/the-jewish-denominations/

[6] منظور احمد، **تقابلِ ادیان و مذاہب**:81

[7] Tsadik, Daniel, *Between Foreigners and Shi'is: Nineteenth-Century Iran and Its Jewish Minority* (Stanford: Stanford University Press, 2007), 54

[8] Saif Tahir, "The lost Jewish history of Rawalpindi", tribune.com.pk, accessed December 13, 2023, https://tribune.com.pk/article/32513/the-lost-jewish-history-of-rawalpindi/

[9] Liel Leibovitz, "Pakistan's Jewish Ghosts", tabletmag.com, accessed December 13, 2023, https://www.tabletmag.com/sections/news/articles/pakistans-jewish-ghosts

[10] Saif Tahir, "The lost Jewish history of Rawalpindi"

[11] Danish Hussain, "Pakistani man wins right to correction of religion from Islam to Judaism", tribune.com.pk, accessed December 13, 2023, https://tribune.com.pk/story/1366268/man-interfaith-parents-wins-right-religion-choice/

## 10۔کالاشی/کیلاشی مذہب

کالاش ایک منفرد غیر مسلم قوم ہے جو پاکستان کے ضلع چترال کی تین مختلف وادیوں میں آباد ہے۔کالاشی مذہب ہندومت کی ایک شکل ہے جو بہت سے دیوتاؤں اور روحوں کو تسلیم کرتا ہے۔ کالاش اپنی منفرد ثقافت، لباس اور روحوں سے متعلق رسومات و عقائد (Animism) کے لیے مشہور ہیں۔ اس کے علاوہ اس مذہب کا تعلق قدیم یونانیوں کے مذہب سے بھی جوڑا جاتا ہے۔ کالاشی مذہب کے ماننے والوں کا دعویٰ ہے کہ وہ ان مٹھی بھر یونانی سپاہیوں کی نسل سے ہیں جو اُس وقت اس خطے میں پیچھے رہ گئے تھے جب سکندر اعظم کی فوج چوتھی صدی قبل مسیح میں یہاں سے گزری تھی۔ اس دعوے کے نتیجے میں مؤرخین نے کالاشی قوم کے تانے بانے یونانیوں سے جوڑنے کی کوششیں کیں مگر ناکام رہے۔ تاہم، مؤرخین کے مطابق کالاشوں کی ہند آریائی زبان کو دیکھتے ہوئے یہ امکان زیادہ ہے کہ یہ مذہب یونانیوں کے مذہب کے مقابلے میں کالاش کے ہندوستانی پڑوسیوں کے ہندو مذہب سے زیادہ قریب اور جڑا ہوا ہے۔[1]

[1] West, Barbara A., *Encyclopedia of the Peoples of Asia and Oceania* (New York: Infobase Publishing, 2009), 357

**Figure 1**[1]

**POPULATION BY RELIGION**

(In percent)


| Administrative Unit | | Muslim | Christian | Hindu (Jati) | Qadiani (Ahmadi) | Scheduled Castes | Others |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Pakistan | | 96.28 | 1.59 | 1.60 | 0.22 | 0.25 | 0.07 |
| | Rural | 96.49 | 1.10 | 1.80 | 0.18 | 0.34 | 0.08 |
| | Urban | 95.84 | 2.59 | 1.16 | 0.29 | 0.06 | 0.06 |
| Khyber Pakhtunkhwa | | 99.44 | 0.21 | 0.03 | 0.24 | * | 0.08 |
| | Rural | 99.65 | 0.03 | * | 0.22 | * | 0.08 |
| | Urban | 98.42 | 1.06 | 0.11 | 0.31 | 0.01 | 0.09 |
| F A T A | | 99.6 | 0.07 | 0.03 | 0.21 | 0.03 | 0.07 |
| | Rural | 99.63 | 0.04 | 0.03 | 0.21 | 0.03 | 0.06 |
| | Urban | 98.16 | 1.17 | 0.32 | 0.10 | .007 | 0.23 |
| Punjab | | 97.21 | 2.31 | 0.13 | 0.25 | 0.03 | 0.07 |
| | Rural | 97.66 | 1.87 | 0.15 | 0.19 | 0.05 | 0.08 |
| | Urban | 96.25 | 3.27 | 0.06 | 0.37 | 0.02 | 0.03 |
| Sindh | | 91.31 | 0.97 | 6.51 | 0.14 | 0.99 | 0.08 |
| | Rural | 88.12 | 0.14 | 9.77 | 0.12 | 1.79 | 0.06 |
| | Urban | 94.67 | 1.84 | 3.08 | 0.17 | 0.14 | 0.10 |
| Balochistan | | 98.75 | 0.40 | 0.49 | 0.15 | 0.10 | 0.10 |
| | Rural | 99.42 | 0.06 | 0.15 | 0.14 | 0.12 | 0.10 |
| | Urban | 96.61 | 1.49 | 1.58 | 0.16 | 0.05 | 0.10 |
| Islamabad | | 95.53 | 4.07 | 0.02 | 0.34 | * | 0.03 |
| | Rural | 98.80 | 0.94 | * | 0.23 | * | 0.03 |
| | Urban | 93.83 | 5.70 | 0.03 | 0.40 | * | 0.03 |

* Refers to a very small proportion.

پاکستان میں 2017ء کی مردم شماری کے مطابق ملک میں تقریباً 96.28 فیصد افراد مسلمان ہیں اور باقی تقریباً 3.72 فیصد آبادی کا تعلق دیگر مذاہب کے افراد سے ہے۔

[1] Pakistan Bureau of Statistics, "Population by Religion"

**Figure 2**[1]




[1] Pakistan Bureau of Statistics, "Population by Religion"

## فصل دوم: دعوتِ اسلام اور نو مسلم کی اہمیت و حیثیت

اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر اپنا خلیفہ بنا کر بھیجا اور اس کو صرف اپنی بندگی کی تعلیم دی۔ یہی حقیقی مقصدِ حیات ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کو دیے گئے خلافت کے منصب کا تقاضا ہے کہ نا صرف انسان خود اللہ کی بندگی اختیار کرے بلکہ جو لوگ عقیدہ توحید اور اللہ کی بندگی کو ترک کر بیٹھے ہیں، ان کو بھی راہِ راست پر واپس آنے کی دعوت دے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُون۔[1]

" کہہ دو اے اہل کتاب! آؤ ایک ایسی بات کی طرف جو ہمارے درمیان اور تمھارے درمیان یکساں ہے، یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں اور ہم میں سے کوئی کسی کو اللہ کے سوا رب نہ بنائے، پھر اگر وہ پھر جائیں تو کہہ دو گواہ رہو کہ بے شک ہم فرماں بردار ہیں۔"

عقیدہ توحید ہی انسان کا اولین عقیدہ ہے۔ پھر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انسان گمراہی کی طرف جاتا رہا اور ایک خدا کے علاوہ اپنے لئے دیگر خداؤں کے تصور کا قائل ہوتا رہا اور خود کو مختلف مذاہب اور گروہوں میں بانٹ دیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا [2]

"اور نہیں تھے لوگ مگر ایک ہی امت، پھر انہوں نے (دین میں) اختلاف کیا۔"

إِنَّ هَذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُونِ۔[3] وَتَقَطَّعُوا أَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ كُلٌّ إِلَيْنَا رَاجِعُونَ۔[4]

" بے شک یہ ہے تمھاری امت، جو ایک ہی امت ہے اور میں ہی تمھارا رب ہوں، سو میری عبادت کرو۔ اور وہ اپنے معاملے (دین) میں آپس میں ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔ سب ہماری ہی طرف لوٹنے والے ہیں۔"

انسانوں کو راہِ ہدایت پر لانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہر زمانے میں اپنے پیغمبروں کو اپنی روشن آیات کے ساتھ بھیجا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللَّهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ [5]

---

[1] آل عمران:64

[2] یونس:19

[3] الأنبیاء:92

[4] ایضاً:93

[5] البقرۃ:213

"سب لوگ ایک ہی امت تھے، (پھر جب دین میں اختلاف پیدا ہوا) تو اللہ نے نبی بھیجے خوش خبری دینے والے اور ڈرانے والے، اور ان کے ہمراہ حق کے ساتھ کتاب اتاری، تاکہ وہ لوگوں کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے جن میں انھوں نے اختلاف کیا تھا۔"

اسلام دینِ فطرت ہے اور اس کی تعلیمات عالمگیر ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

إِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ [1]

"بے شک دین اللہ کے ہاں اسلام ہی ہے۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

كل مولود يولد على الفطرة، فابواه يهودانه او ينصرانه او يمجسانه [2]

"ہر بچے کی پیدائش فطرت پر ہوتی ہے پھر اس کے ماں باپ اسے یہودی یا نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔"

اسی لئے جب بھی کوئی غیر مسلم اسلام قبول کرتا ہے تو مسلمانوں کی طرف سے اس کے لیے Converted Muslim کے بجائے Reverted Muslim کی اصطلاح استعمال کرنے پر زیادہ زور دیا جاتا ہے، کیونکہ وہ ایک نئے مذہب میں داخل نہیں ہوتا بلکہ اپنی اصل کی طرف واپس لوٹتا ہے۔

## 1۔ دعوتِ اسلام امتِ مسلمہ کی ذمہ داری

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لیے زندگی گزارنے کا بہترین نمونہ ہیں۔ زندگی کے ہر شعبے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا عملی نمونہ ہمارے سامنے موجود ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کی ذمہ داریوں میں سے بنیادی ذمہ داری دعوتِ دین تھی۔ مکی دور ہو یا مدنی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی دین کی تبلیغ سے کبھی بھی خالی نہ رہی تھی۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

قُلْ هَذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ عَلَى بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ۔[3]

"کہہ دو، یہی میرا راستہ ہے، میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں، پوری بصیرت پر، میں اور وہ بھی جنھوں نے میری پیروی کی ہے اور اللہ پاک ہے اور میں شریک بنانے والوں میں سے نہیں ہوں۔"

---

[1] آل عمران:19

[2] بخاری، محمد بن اسماعیل، **صحیح بخاری**، مترجم محمد ناصر الدین ناصر (لاہور: پروگریسو بکس، 2016ء) کتاب الجنائز، باب ما فی اولاد المشرکین، ح1385، 1/711

[3] یوسف:108

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اسلام قبول کرتے ہی لوگوں کو اسلام کی دعوت دینا شروع کر دی۔ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ مَردوں میں سب سے پہلے شخص تھے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے۔ یہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی دعوت کا ہی نتیجہ تھا کہ عثمان بن عفان، زبیر بن العوام، عبد الرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاص اور طلحہ بن عبید رضی اللہ عنہم نے اسلام قبول کیا۔[1] اسی طرح مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی دعوتِ اسلام کے نتیجہ میں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔ قبولِ اسلام کے فوراً بعد ہی انہوں نے اپنی قوم کو دعوتِ اسلام دی۔ اسی دعوت کی بدولت ان کی ساری قوم نے اسلام قبول کر لیا۔[2] اسی طرح دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے واقعات بھی ملتے ہیں جنہوں نے اسلام قبول کرتے ہی اسلام کی دعوت و تبلیغ کے کام کا آغاز کیا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اب کوئی نبی نہیں آئے گا۔ اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تبلیغِ اسلام کی ذمہ داری امتِ محمدیہ پر ہے، اسی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بلغوا عني ولو آية [3]

"میری طرف سے پہنچادو، اگرچہ ایک آیت ہی ہو۔"

اسلام کسی ایک علاقے یا کسی ایک قوم یا قبیلے کا دین نہیں بلکہ یہ دنیا کے تمام انسانوں کے لئے آیا ہے اور لوگوں تک اسے پہنچانے کی ذمہ داری ہم مسلمانوں کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں مختلف مقامات پر فرمایا:

وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ۔[4]

"اور چاہیے کہ تم میں سے ایک جماعت ایسی ہو جو خیر کی طرف بلاتی رہے اور اچھے کاموں کا حکم کرتی رہے اور برے کاموں سے روکتی رہے، اور وہی لوگ نجات پانے والے ہیں۔"

وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِمَّنْ دَعَا إِلَى اللهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ۔[5]

"اور بات کے اعتبار سے اس سے اچھا کون ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور کہے کہ بے شک میں فرمانبر داروں میں سے ہوں۔"

---

[1] مبارکپوری، صفی الرحمٰن، **الرحیق المختوم** (لاہور: المکتبۃ السلفیۃ، 2002ء)، 109

[2] ایضاً: 208

[3] ترمذی، محمد بن عیسیٰ، **جامع ترمذی**، مترجم بدیع الزمان (لاہور: نعمانی کتب خانہ، 2012ء) ابواب العلم، باب ماجاء فی الحدیث عن بنی اسرائیل، ح2669، 2/438

[4] آل عمران: 104

[5] فصلت: 33

وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا [1]

"اور اسی طرح ہم نے تمہیں برگزیدہ امت بنایا تاکہ تم دیگر لوگوں پر گواہ ہو اور رسول تم پر گواہ ہو۔"

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت سے نقل کی ہے:

والذي نفسي بيده لتامرن بالمعروف، ولتنهون عن المنكر، او ليوشكن الله ان يبعث عليكم عقابا منه، ثم تدعونه فلا يستجاب لكم [2]

"(نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم بھلائی کا حکم دو اور برائی سے روکو ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر اپنا عذاب بھیج دے، پھر تم اللہ سے دعا کرو اور تمہاری دعا قبول نہ کی جائے۔"

قرآن وحدیث کی روشنی میں امتِ مسلمہ دوسرے انسانوں تک اللہ کا پیغام پہنچانے کی ذمہ دار ہے، تاکہ دیگر انسانوں کی زندگیاں بھی واپس اپنے مقصدِ حیات کی طرف لوٹیں اور جہنم کی آگ سے بچ سکیں۔

مولانا مودودی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

"اس میں شک نہیں کہ دعوت اسلام ایک فرض کفایہ ہے جس کے لیے کسی ایک جماعت کا کھڑا ہونا تمام امت کے لیے کفایت کرتا ہے، لیکن شریعت کی یہ رخصت محض مسلمانوں کی آسانی کے لیے ہے۔ اس رخصت کا مطلب اگر کچھ ہے تو وہ صرف یہ ہے کہ فرض عائد تو تمام مسلمانوں پر ہوتا ہے جسے سب کو ادا کرنا چاہیے، لیکن کم از کم ایک جماعت تو ایسی ضرور رہنی چاہیے جو ہمیشہ بالالتزام اسے ادا کرتی رہے اور وہ جماعت یقیناً علماء وصلحائے امت کی جماعت ہے۔"[3]

## 2۔ دعوتِ دین دینے والے کی فضیلت

مسلمانوں میں سے جو بھی دعوتِ دین کے فریضے کو انجام دیتا ہے، قیامت تک کے لیے اس کا یہ عمل اس کے لیے صدقہ جاریہ بن جاتا ہے۔ دعوت دینے والے کی دعوت جب کوئی قبول کرتا ہے، تو دعوت قبول کرنے والے کے ہر نیک عمل کا ثواب جتنا خود اس کو ملتا ہے، اتنا ہی دعوت دینے والے کو بھی ملتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

[1] البقرۃ:143

[2] ترمذی، **جامع ترمذی**، ابواب الفتن، باب ماجاء فی الامر بالمعروف والنھی عن المنکر، ح2169، 2/67

[3] مودودی، سید ابوالاعلیٰ، **دعوتِ دین کی ذمہ داری** (لاہور: اسلامک پبلی کیشنز، 1996ء)، 18

من دعا إلى هدى كان له من الاجر مثل اجور من يتبعه لا ينقص ذلك من اجورهم شيئا [1]

"جس نے لوگوں کو ہدایت کی طرف بلایا، تو جو لوگ اس کی پیروی کریں گے ان کے اجر کے برابر ہدایت کی طرف بلانے والے کو بھی ثواب ملے گا بغیر اس کے کہ اس کی اتباع کرنے والوں کے اجر و ثواب میں کچھ بھی کمی ہو۔"

دعوتِ دین کا فریضہ انجام دینے والے کی دعوت کے سبب جب کوئی ہدایت پاتا ہے، تو اس کے بدلے میں داعی کو ملنے والا اجر دنیا کے مال ومتاع سے کہیں بہتر ہوتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

والله لان يهدى بك رجل واحد، خير لك من حمر النعم [2]

"اللہ کی قسم! اگر تمہارے ذریعے سے ایک شخص کو بھی ہدایت مل جائے تو یہ تمہارے حق میں سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔"

## 3۔ دعوت دین میں حکیمانہ اسلوب

کسی بھی غیر مسلم کو دعوت دیتے وقت یہ بات ہمیشہ مدِ نظر رکھنی چاہیے کہ اسے حکمت و دانائی کے ساتھ اللہ کے دین کی طرف بلایا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ارشاد فرمایا:

ادْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ [3]

"اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ بلاؤ اور ان سے اس طریقے کے ساتھ بحث کرو جو سب سے اچھا ہے۔"

مندرجہ بالا آیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دعوت و تبلیغ کے مندرجہ ذیل اصولوں کو ذہن نشین کرنا ضروری ہے:

i. **حکمت:** دین کی دعوت دینے کے لئے حکمت یعنی دانائی، دانش مندی اور معاملہ فہمی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مناسب وقت پر مناسب بات کرنا ایک داعی کی تربیت میں شامل ہونا ضروری ہے۔ مولانا مودودی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"حکمت کا مطلب یہ ہے کہ بے وقوفوں کی طرح اندھا دھند تبلیغ نہ کی جائے، بلکہ دانائی کے ساتھ مخاطب کی ذہنیت، استعداد اور حالات کو سمجھ کر، نیز موقع و محل دیکھ کر بات کی جائے۔ ہر طرح کے لوگوں کو ایک ہی لکڑی سے نہ ہانکا جائے۔ جس

---

[1] ترمذی، **جامع ترمذی**، ابواب العلم، باب فی من دعا الیٰ ھدیً فاتبع او الیٰ ضلالۃ، ح2674، 2/440

[2] بخاری، **صحیح بخاری**، کتاب الجہاد والسیر، باب دعاء النّبی صلی اللہ علیہ وسلم الیٰ الاسلام والنبوّہ، وان لایتّخذ بعضہم بعضًا ارباباً من دون اللہ، ح2942، 2/225

[3] النحل:125

شخص یا گروہ سے سابقہ پیش آئے، پہلے اس کے مرض کی تشخیص کی جائے، پھر ایسے دلائل سے اس کا علاج کیا جائے جو اس کے دل و دماغ کی گہرائیوں سے اس کے مرض کی جڑ نکال سکتے ہوں۔"[1]

ii. **موعظ حسنہ:** دعوتِ دین میں حکمت کے ساتھ ساتھ موعظ حسنہ یعنی عمدہ نصیحت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ مولانا مودودی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"عمدہ نصیحت کے دو مطلب ہیں: ایک یہ کہ مخاطب کو صرف دلائل ہی سے مطمئن کرنے پر اکتفانہ کیا جائے، بلکہ اس کے جذبات کو بھی اپیل کیا جائے۔ برائیوں اور گمراہیوں کا محض عقلی حیثیت ہی سے ابطال نہ کیا جائے، بلکہ انسان کی فطرت میں ان کے لیے جو پیدائشی نفرت پائی جاتی ہے، اسے بھی ابھارا جائے اور ان کے برے نتائج کا خوف دلایا جائے۔ ہدایت اور عمل صالح کی محض صحت اور خوبی ہی عقلاً ثابت نہ کی جائے بلکہ ان کی طرف رغبت اور شوق بھی پیدا کیا جائے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ نصیحت ایسے طریقے سے کی جائے جس سے دل سوزی اور خیر خواہی ٹپکتی ہو۔ مخاطب یہ نہ سمجھے کہ ناصح اسے حقیر سمجھ رہا ہے اور اپنی بلندی کے احساس سے لذت لے رہا ہے، بلکہ اسے یہ محسوس ہو کہ ناصح کے دل میں اس کی اصلاح کے لیے ایک تڑپ موجود ہے اور وہ حقیقت میں اس کی بھلائی چاہتا ہے۔"[2]

iii. **جدالِ احسن:** اگر دعوت دینے والا یہ محسوس کرے کہ جسے دعوت دی جارہی ہے، وہ اسے بحث و تکرار میں الجھا رہا ہے اور اشتعال انگیز رویہ اختیار کر رہا ہے، تب بھی ایک داعی کو چاہیے کہ وہ اپنے لہجے کی شائستگی بر قرار رکھے اور صبر و تحمل سے کام لیتے ہوئے اپنی گفتگو میں جواباً اشتعال انگیز رویہ اختیار نہ کرے تاکہ دعوت کا مقصد پورا ہو سکے۔ جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کو جب اللہ نے فرعون کو دعوت دینے کا حکم دیا تو موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا:

فَقُولا لَهُ قَوْلًا لَيِّنًا لَعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَى[3]

"پس اس سے بات کرو، نرم بات، اس امید پر کہ وہ نصیحت حاصل کرلے، یا ڈر جائے۔"

iv. **امر بالمعروف و نہی عن المنکر:** اچھائی اور برائی (خیر و شر) کی جنگ عالمگیر ہے۔ نہ صرف قرآن نے اس کی تعلیم دی ہے بلکہ کسی بھی مذہب کے ماننے والے اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہیں کہ ہمیشہ نیکی کو بدی پر ترجیح دینی چاہیے۔ ایک مومن کو دعوتِ دین کے اسلوب کی عمارت کی بنیاد اسی نیکی و بدی کی آفاقی حقیقت پر رکھنی چاہیے۔

---

[1] مودودی، سید ابوالاعلیٰ، **تفہیم القرآن** (لاہور: ادارہ ترجمان القرآن، 2012ء)، 581/2

[2] ایضاً

[3] طٰہٰ:44

v. **اخلاق حسنہ اور قول و فعل میں مطابقت:** ایک داعی سب سے پہلے خود اعمالِ صالح کی تصویر بنے اور برائیوں سے بچنے کی کوشش کرے، اس کے بعد دوسروں کو نصیحت کرے۔ وہ اچھے کردار و اخلاق کا مالک ہو، تاکہ اس کی شخصیت قابلِ اعتماد رہے اور اس میں قول و فعل کا تضاد نظر نہ آئے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ۔[1] كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللَّهِ أَنْ تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ۔[2]

"اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کیوں کہتے ہو جو تم نہیں کرتے۔ اللہ کے نزدیک ناراض ہونے کے اعتبار سے بڑی بات ہے کہ تم وہ کہو جو تم نہیں کرتے۔"

vi. **اخلاص نیت اور خیر خواہی:** اخلاص نیت کا ہونا ایک داعی کی اہم خصوصیت ہے۔ ایک داعی کے لئے دعوت دینے کا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنا ہو نہ کہ دنیاوی مفاد حاصل کرنا۔ وہ مخاطب کو پورے جذبہ خیر خواہی اور محبت کے ساتھ بغیر کسی صلے کی امید کے دعوت دینے کا کام سرانجام دے۔ ھود علیہ السلام نے اپنی قوم کو دعوت دیتے ہوئے فرمایا تھا:

يَا قَوْمِ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى الَّذِي فَطَرَنِي أَفَلَا تَعْقِلُونَ [3]

"اے میری قوم! میں اس (وعظ و نصیحت) کا تم سے کچھ اجر نہیں مانگتا۔ میرا اجر تو اس کے ذمہ ہے، جس نے مجھے پیدا کیا۔ بھلا تم سمجھتے کیوں نہیں؟"

vii. **علم دین پر عبور اور تربیت یافتہ:** ایک دائی کے لیے ضروری ہے کہ اسے علم دین پر عبور حاصل ہو اور وہ اصولِ تدریج سے واقف ہو۔ یعنی وہ مکمل تربیت یافتہ ہو تاکہ پورے یقین اور اعتماد کے ساتھ وہ دعوتِ دین کا کام کر سکے اور ہر سوال کا جواب بلا جھجک حکیمانہ انداز میں دے سکے۔

viii. **مخاطب کے مزاج اور نفسیات کو مدِ نظر رکھنا:** دین کی دعوت دیتے وقت دوسرے کے مزاج، نفسیات اور ذہنی استعداد کو سمجھنا ضروری ہے۔

ix. **تفرقہ بازی سے بچنا:** فرقہ واریت نے اسلام کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ ایک داعی کی دعوت مکمل دین اسلام کی طرف ہونی چاہیے نہ کہ کسی ایک فرقے کی طرف۔

x. **جبر کرنے سے بچنا:** مخاطب کو کسی موقع پر بھی یہ محسوس نہ ہو کہ داعی اس پر کسی قسم کی کوئی زبردستی کر رہا ہے۔ مخاطب کو دلائل کے ساتھ قائل کیا جائے، نہ کہ اس پر زبردستی کی جائے۔ ایک داعی کا کام صرف اللہ کے دین کو مخاطب تک اخلاص

---

[1] الصف:2

[2] ایضاً:3

[3] ھود:51

کے ساتھ پہنچانا ہے۔ اب سننے والا اللہ کا پیغام قبول کرے یا نہ کرے، اس کی ذمہ داری داعی پر عائد نہیں ہوتی اور نہ ہی کسی کو ہدایت دینا داعی کے اختیار میں ہے۔ بلکہ ہدایت کا ملنا یا نہ ملنا اللہ ہی کی توفیق سے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا:

لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ [1]

"دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے۔"

xi. **صبر و تحمل:** ایک داعی کو صبر و تحمل اور استقامت کا پیکر ہونا چاہیے۔ مخاطب کے سوالات کرنے اور اور اس کی طرف سے بحث و تکرار میں الجھانے کی کوشش کرنے کی صورت میں داعی کو چاہیے کہ وہ صبر و تحمل اور برداشت سے کام لیتے ہوئے اپنی گفتگو میں جواباً اشتعال انگیزی پیدا نہ کرے۔

xii. **تقابلِ ادیان کے علم پر عبور اور مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے لیے مختلف اسلوبِ دعوت:** دعوتِ دین کے دوران ایک داعی کو مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے لیے مختلف اسلوبِ دعوت اختیار کرنے چاہییں۔ مذہبی اعتبار سے چونکہ غیر مسلم عموماً اپنے ہی مذہب کے ساتھ اسلام کا تقابل کرتے ہیں، لہٰذا ایک داعی کے لئے ضروری ہے کہ اسے تقابلِ ادیان کے علم پر مکمل عبور حاصل ہو۔

xiii. **تالیفِ قلب:** جہاں مالی تعاون کی ضرورت ہو وہاں داعی کی جانب سے مخاطب کے تالیفِ قلب کے لیے مالی تعاون بھی کیا جائے۔

## 4۔ نو مسلم کی فضیلت

دین اسلام دنیا میں بہت تیزی کے ساتھ پھیل رہا ہے لیکن جو شخص بھی اسلام قبول کرتا ہے، اسے اللہ کے دین کی خاطر بہت سی قربانیاں دینی پڑتی ہیں۔ اسے اپنے والدین، بیوی بچے، بہن بھائی، دیگر رشتہ دار اور برادری کو چھوڑنے کی قربانی دینی پڑتی ہے۔ زیادہ تر صورتوں میں اسے اپنے مال سے بھی ہاتھ دھونے پڑتے ہیں۔ بعض اوقات جسمانی تکالیف سے بھی گزرنا پڑتا ہے۔ اسلام کی خاطر وہ اپنا سب کچھ چھوڑ کر ایک نئی زندگی کی طرف آتا ہے۔ بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ اسلام قبول کرنے کے بعد پیش آنے والی مشکلات پر ثابت قدم نہ رہنے کی وجہ سے لوگ اپنے سابقہ مذہب میں واپس چلے جاتے ہیں لیکن جو نو مسلم اپنے اسلام پر استقامت سے قائم رہتے ہیں اور نئی زندگی کی مشکلات پر بھی وہ صبر کے ساتھ ثابت قدم رہتے ہیں، وہ نہایت قدر و منزلت کے حامل ہیں، کیونکہ یہ سب کچھ کرنا اتنا آسان

[1] البقرۃ:256

نہیں ہوتا۔ اسی لیے ایک نو مسلم اپنی دی گئی قربانیوں اور بعد میں آنے والی مشکلات پر استقامت کا مظاہرہ کرنے اور صبر کرنے کے بدلے میں بہت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے:

أَحَسِبَ النَّاسُ أَنْ يُتْرَكُوا أَنْ يَقُولُوا آمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ۔[1] وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِينَ۔[2]

"کیالوگ یہ خیال کئے ہوئے ہیں کہ صرف یہ کہنے سے کہ ہم ایمان لے آئے چھوڑ دیئے جائیں گے اور ان کی آزمائش نہیں کی جائے گی۔ اور جو لوگ ان سے پہلے ہو چکے ہیں ہم نے اُن کو بھی آزمایا تھا اور اِن کو بھی آزمائیں گے سو اللہ ان کو ضرور معلوم کرے گا جو اپنے ایمان میں سچے ہیں اور ان کو بھی جو جھوٹے ہیں۔"

ایک نو مسلم جب پیش آنے والی آزمائشوں پر ثابت قدم رہتا ہے، تو وہ نہ صرف دوسرے نو مسلموں کے لیے مثال قائم کرتا ہے بلکہ پیدائشی اور روایتی مسلمانوں کو بھی خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ پیدائشی مسلمانوں میں زیادہ تر ایسے ہوتے ہیں جو صرف مسلمان خاندانوں میں پیدا ہوتے ہیں اور دین انہیں ورثے میں ملتا ہے۔ چونکہ بغیر تکلیف اٹھائے حاصل کی گئی چیز کی قدر کم ہی کی جاتی ہے، اس لیے ایسے مسلمانوں کو دین کی چند بنیادی تعلیمات کے علاوہ باقی علم نہیں ہوتا اور بعض اوقات تو وہ بنیادی علوم سے بھی غافل ہوتے ہیں، لہٰذا وہ دین پر عمل کی عمدہ تصویر بننے سے قاصر رہتے ہیں۔ جبکہ ایک نو مسلم آزمائشوں اور تکالیف سے گزر کر اور اسلام کا حقیقی معنوں میں علم حاصل کر کے دینِ اسلام میں داخل ہوتا ہے۔ اس لئے وہ دینِ اسلام کی قدر و منزلت سے بخوبی واقف ہوتا ہے۔ وہ نہ صرف دین پر عمل کی بہتر تصویر بنتا ہے بلکہ دوسرے لوگوں تک بھی دین کی اشاعت میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اسلام مخالف عناصر کی جانب سے دنیا بھر میں مسلمانوں اور اسلام کو دہشت گردی اور ظلم و تشدد کا المبر دار بنا کر پیش کیا جاتا ہے تاکہ عام لوگ اسلام سے متنفر ہو جائیں۔ اسلام کے خلاف پھیلائی جانے والی نفرت کے باوجود بھی جب کوئی اسلام قبول کرتا ہے تو نہ صرف غیر مسلموں پر اسلام کی دھاک بیٹھتی ہے بلکہ پیدائشی مسلمانوں کو بھی اپنے دین کی حقانیت کا پتہ چلتا ہے کہ واقعی دینِ اسلام میں کوئی خاص بات موجود ہے اور یہی سچا دین ہے جو اس کی مخالفت کے باوجود بھی لوگ اسے اپنا رہے ہیں۔ نو مسلمین اپنی سابقہ کمیونٹی کو پیدائشی مسلمانوں سے زیادہ اچھے اور بہتر طریقے سے دعوتِ دین دے سکتے ہیں کیونکہ اپنے سابقہ مذہب میں رائج مذہبی طریقوں اور سابقہ کمیونٹی کے ذہنوں میں چلنے والی مذہبی کشمکش سے وہ اچھی طرح واقف ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دعوت و تبلیغ کے شعبے سے منسلک افراد میں عام مسلمانوں سے زیادہ تعداد نو مسلمین کی ہے۔ نو مسلمین امتِ مسلمہ کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انتہائی قابلِ قدر ہیں، لہٰذا وہ ہماری خصوصی توجہ کے مستحق ہیں۔

---

[1] العنکبوت:2

[2] ایضاً:3

دعوت و تبلیغ کے اصولوں کو مد نظر رکھ کر اگر دیکھا جائے تو یہ بات واضح ہے کہ ہر مذہبی طبقے کے لیے دعوت و تبلیغ کا علیحدہ علیحدہ اسلوب ہو گا مگر اسلام قبول کرنے کے بعد کسی بھی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے نومسلموں کے سماجی مسائل مشترکہ ہیں۔ آگے کے ابواب میں انہی سماجی مسائل کو زیرِ بحث لایا گیا ہے۔

# باب دوم: سابقہ مذہب کی کمیونٹی کے سماجی رویے

فصل اول: سماجی مشکلات

فصل دوم: معاشی و قانونی مشکلات

## فصل اول: سماجی مشکلات

یہ اصول کہ افراد کو اپنی پسند کے کسی بھی مذہب کو منتخب کرنے اور اس پر عمل کرنے کا حق حاصل ہے، انسان کی مذہبی آزادی کے تصور سے جڑا ہوا ہے اور اسے اکثر انسانی حقوق کے بین الاقوامی معیارات سے تحفظ حاصل ہے۔ یہ اصول مختلف بین الاقوامی دستاویزات اور اعلامیوں میں درج ہے۔ مثال کے طور پر "انسانی حقوق کا عالمی اعلامیہ" (Universal Declaration of Human Rights) 1948ء میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے ذریعہ منظور کیا گیا، جس کے آرٹیکل نمبر 18 میں فکری اور مذہبی آزادی کے حق کو تسلیم کیا گیا ہے۔ اِس حق میں اپنا مذہب یا عقیدہ تبدیل کرنے کی آزادی شامل ہے۔[1] اسی طرح "یورپین کنونشن آن ہیومن رائٹس 1950ء" (European Convention on Human Rights) کے آرٹیکل نمبر 9 میں[2] اور "شہری اور سیاسی حقوق پر بین الاقوامی معاہدہ 1976ء" (International Covenant on Civil and Political Rights) کے آرٹیکل نمبر 18 میں[3] بھی واضح طور پر کسی کو بھی اپنی مرضی کا عقیدہ یا مذہب رکھنے یا اختیار کرنے کی آزادی کو تسلیم کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ "مذہب یا عقیدے کی بنیاد پر ہر قسم کی عدم برداشت اور امتیازی سلوک کے خاتمے کا اعلان 1981ء" (Declaration on the Elimination of All Forms of Intolerance and of Discrimination Based on Religion or Belief) کا اعلامیہ مذہب یا عقیدے سے متعلق معاملات میں عدم امتیاز اور رواداری کے اصولوں کو تقویت دیتا ہے۔[4] بہت سے ممالک اپنے قومی آئین میں مذہب کی آزادی کے حق کو شامل کرتے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ افراد ظلم و ستم کے خوف کے بغیر اپنے مذہب پر عمل کرنے، مذہب اختیار کرنے اور تبدیل کرنے کے لیے آزاد ہوں۔

آئینِ پاکستان 1973ء کے آرٹیکل نمبر 20 کے تحت پاکستانی شہریوں کو بھی مذہبی آزادی حاصل ہے۔[5] مذہبی آزادی کے تمام قومی اور بین الاقوامی قوانین کے باوجود پاکستان میں جب بھی کوئی فرد یا خاندان اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کرتا ہے تو اس کے سابقہ مذہب کی کمیونٹی تمام قوانین کو پامال کرتے ہوئے نہ صرف جبری تبدیلی مذہب کا نعرہ بلند کرتی ہے بلکہ اس کی جانب سے نو مسلم فرد یا افراد کو نہایت کٹھن اور تکلیف دہ مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔ ایسی تکالیف سے گھبرا کر اور مشکلات سے پریشان ہو کر کچھ لوگ اپنے

---

[1] United Nations Human Rights: Office of The High Commissioner, “Universal Declaration of Human Rights”, orchr.org, accessed December 21, 2023, https://www.ohchr.org/en/universal-declaration-of-human-rights
[2] European Court of Human Rights, “European Convention on Human Rights”, echr.coe.int, accessed December 21, 2023, https://www.echr.coe.int/documents/d/echr/convention_ENG
[3] United Nations Human Rights: Office of The High Commissioner, “International Covenant on Civil and Political Rights”, orchr.org, accessed December 21, 2023, https://www.ohchr.org/en/instruments-mechanisms/instruments/international-covenant-civil-and-political-rights
[4] United Nations Human Rights: Office of The High Commissioner, “Declaration on the Elimination of All Forms of Intolerance and of Discrimination Based on Religion or Belief”, orchr.org, accessed December 21, 2023, https://www.ohchr.org/en/instruments-mechanisms/instruments/declaration-elimination-all-forms-intolerance-and-discrimination
[5] The Pakistan Code: Ministry of Law and Justice, “The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973”

سابقہ مذہب کی طرف واپس چلے جاتے ہیں مگر اکثریت ایسے نومسلمین کی ہے جو پوری استقامت کے ساتھ ان تکالیف، مشکلات اور آزمائشوں کو برداشت کرتے ہوئے ان کٹھن مراحل سے گزر کر نہ صرف خود پختہ ایمان والے مسلمان بن جاتے ہیں بلکہ پیدائشی مسلمانوں کے لیے بھی عملی نمونہ بن جاتے ہیں۔ ذیل میں پاکستانی نومسلموں کے اُن سماجی مسائل کا ذکر کیا گیا ہے جو اُن کے سابقہ مذہب کی کمیونٹی کی جانب سے اُن کو پیش آتے ہیں۔

## 1۔ذہنی ونفسیاتی دباؤ

جب بھی کوئی غیر مسلم اسلام قبول کرتا ہے تو سب سے پہلے اس کے گھر والے اس کی مخالفت کرتے ہیں کیونکہ وہ اپنے خاندان کے فرد کا اسلام قبول کرنا اپنے لیے اپنی برادری میں قابل ذلت تصور کرتے ہیں۔ لہٰذا اُس نومسلم کو واپس اپنے سابقہ مذہب کی طرف لانے کے لیے سب سے پہلا حربہ جو اس کے گھر والے اس کے ساتھ استعمال کرتے ہیں، وہ ذہنی ونفسیاتی دباؤ ہے۔ اس کے گھر والے اسے اپنے رشتے اور محبت کا واسطہ دے کر اسے جذباتی طور پر اپنی طرف ابھارتے ہیں، گزرے ہوئے اچھے وقت کو یاد دلا کر اسے سمجھاتے ہیں۔ جب وہ نہیں مانتا تو اسے آنے والی مشکلات سے خوف دلا کر اس کی برین واشنگ (brain-washing) کرتے ہیں تاکہ آنے والی تکالیف اور آزمائشوں کے ڈر سے وہ واپس اپنے آبائی مذہب کی طرف پلٹ جائے۔ وہ اسے گھر سے نکالنے کی دھمکی، رشتے ناطے قطع کرنے کی دھمکی اور برادری کے بائیکاٹ کی دھمکی دے کر آنے والے مشکل وقت کا اور تنہا و اکیلے رہ جانے کا خوف دلاتے ہیں۔ اسے والدین اور بہن بھائیوں سے جدائی کا خوف دلایا جاتا ہے۔ اگر وہ شادی شدہ ہے تو بیوی بچوں یا شوہر اور اولاد کی دوری سے ڈرایا جاتا ہے۔ اگر اہل وعیال سمیت کوئی مسلمان ہوتا ہے تو اس کو بے آسرا اور بے گھر ہونے اور مفلسی کے خوف سے ذہنی دباؤ کا شکار بنایا جاتا ہے۔ وہ اسے خوف دلاتے ہیں کہ برادری سے کٹ جانے کے بعد اسے بہت سے معاشرتی اور معاشی مسائل کا شکار ہونا پڑے گا۔ اسے قانونی مسائل میں الجھانے کی دھمکی بھی دی جاتی ہے۔

## 2۔مال ودولت اور دیگر مراعات کا لالچ

ذہنی دباؤ کے باوجود بھی جب ایک نومسلم اپنے ایمان پر استقامت سے قائم رہتا ہے تو اس کے گھر والوں اور برادری کا اگلا حربہ اسے مال و دولت کا لالچ دینا ہوتا ہے۔ بہت سارے ایسے بین الاقوامی ادارے صرف اس کوشش کے لیے بنائے گئے ہیں کہ وہ فلاحی اداروں کی آڑ میں نومسلمین کو مال و دولت یا مغربی ممالک میں آباد (well-settled) کرنے کا لالچ دیتے ہیں تاکہ ان کو واپس اپنے آبائی مذہب کی طرف پلٹا سکیں۔ ایسے ادارے پس پردہ اسلام مخالف کوششوں میں لگے رہتے ہیں جنہیں دیگر مغربی تنظیمیں اسی مقصد کے لیے باقاعدہ

فنڈنگ کرتی ہیں۔ یہ ادارے نہ صرف نومسلموں کو مرتد بنانے کی جدوجہد کرتے ہیں بلکہ پیدائشی مسلمانوں کو بھی مرتد بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔[1] مال و دولت کی محبت چیز ہی ایسی ہے کہ بعض اوقات نہ صرف انسان کو اس کے رشتوں سے توڑ دیتی ہے بلکہ اسے اس کے عقیدے اور مذہب سے بھی دور کر دیتی ہے۔

## 3۔ تشدد اور نظربندی

جب کوئی نومسلم مال و دولت کے لالچ میں نہیں آتا تو اس کے گھر والے اسے پیار محبت سے بہلانا پھُسلانا چھوڑ دیتے ہیں اور ان کے اندر کی اسلام سے نفرت باہر آنا شروع ہو جاتی ہے۔ اب وہ نومسلم کو ذہنی دباؤ دینے کے بجائے جسمانی اذیت دینا شروع کر دیتے ہیں۔ نومسلم چاہے کم عمر ہو یا اپنی عمر کی پختگی کو پہنچ چکا ہو، عمر کے لحاظ سے قطع نظر اس کے گھر والے اور برادری اس کو اپنے آبائی مذہب میں واپس لانے کے لیے اس کے ساتھ شدید مار پیٹ کا برتاؤ کرتے ہیں تاکہ جسمانی تکالیف کے خوف سے وہ اسلام سے مرتد ہو جائے۔ عموماً جب کسی کے پاس دلائل نہیں ہوتے تو وہ کسی نہ کسی طریقے سے اپنا غصہ نکالتا ہے۔ لہٰذا پاکستان کے نومسلمین پر بھی تشدد کی صورت میں اس کے گھر والے اپنا غصہ نکالتے ہیں۔

تشدد کے واقعات ہمیشہ سے حق قبول کرنے والوں کے ساتھ پیش آتے رہے ہیں۔ سیرتِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں بھی متعدد واقعات ایسے ملتے ہیں جن میں اسلام قبول کرنے پر ان کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ بلال رضی اللہ عنہ امیہ بن خلف کے غلام تھے۔ جب انہوں نے اسلام قبول کیا تو امیہ بن خلف نے ان کو شدید جسمانی اذیت پہنچائی۔ ان کو دوپہر کی کڑی دھوپ میں کنکریلی زمین پر لٹا کر ان کے سینے پر بھاری پتھر رکھوائے جاتے۔ اسی طرح عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ اور ان کے والدین بھی جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے تو ابو جہل کی طرف سے ان کو بھی اسی قسم کی شدید جسمانی سزائیں دی گئیں جن کی تاب نہ لاتے ہوئے یاسر رضی اللہ عنہ وفات پا گئے۔ اسی طرح دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی مختلف جسمانی تکالیف سے دوچار کیا گیا۔[2]

پاکستان میں اکثر نومسلموں کے ساتھ یہ معاملہ بھی پیش آتا ہے کہ ان کے گھر والے ان کو اپنے گھروں میں ہی قید کر دیتے ہیں۔ ان کے باہر آنے جانے اور کسی سے ملنے جلنے پر پابندی عائد کر دی جاتی ہے۔ گھر کے مخصوص لوگ یا پھر کمیونٹی کے چند ایسے لوگ جو معتبر مانے جاتے ہیں، صرف ان کو ملنے کی اجازت ہوتی ہے جو نومسلمین کی مسلسل برین واشنگ (brain-washing) کرتے رہتے ہیں۔ ایسی صورت میں ایک نومسلم کو اس کے گھر والوں کی طرف سے حلال و حرام کی تمیز کے بغیر کھانا پینا دیا جاتا ہے۔ اگر اسلام قبول کرنے والی لڑکی ہو تو اس کی شادی زبردستی اپنی کمیونٹی میں کروانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ نومسلم کے گھر والوں کی طرف سے اسے نظربند اس

[1] صدیقی، محمد کلیم، **نسیم ہدایت کے جھونکے** (آکولہ: مکتبہ دار العلوم سنوری، 2010ء)، 191

[2] مبارکپوری، **الرحیق المختوم**، 129-128

لیے کیا جاتا ہے تا کہ وہ باہر کے دیگر مسلمانوں سے میل جول نہ رکھ سکے اور مسلمانوں سے مل کر اسے کسی قسم کی حوصلہ افزائی حاصل نہ ہو سکے۔ اسے یہ باور کروایا جاتا ہے کہ وہ اسلام قبول کر کے ایک بڑی مشکل میں پھنس چکا ہے، جس سے جان چھڑانے کا حل صرف یہی ہے کہ وہ اپنے سابقہ مذہب میں واپس آ جائے۔ نو مسلم کو گھر میں قید کرنے کی ایک دوسری وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ گھر والوں کو یہ ڈر رہتا ہے کہ اگر اسے آزاد چھوڑ دیا گیا تو وہ کہیں انہیں چھوڑ کر چلا نہ جائے، کیونکہ جب تک وہ ان کے پاس رہے گا، انہیں یہ امید رہے گی کہ وہ اسے بہلا پھسلا کر برین واشنگ (brain-washing) کے ذریعے واپس اس کے آبائی مذہب کی طرف لا سکتے ہیں۔

انٹرویو کے دوران ایک نو مسلم جو سابقہ قادیانی مربی تھا، اس نے بتایا کہ جب اس نے اسلام قبول کیا تو اس کے گھر والوں نے اسے خوب لعن طعن کیا۔ پھر اسے قادیانیوں کی خصوصی فورس (special-force) آ کر لے گئی، جنہوں نے اسے تہہ خانے میں بند کر کے پہلے تو اس کی برین واشنگ (brain-washing) کی اور پھر خاطر خواہ نتائج بر آمد نہ ہونے پر اسے شدید ٹارچر (torture) کیا۔[1]

## 4۔ اغوا

ایک نو مسلم کی استقامت دیکھتے ہوئے بعض اوقات اس کے گھر والے اس کو معاشرے کی نظر میں تو آزاد چھوڑ دیتے ہیں، مگر پسِ پردہ یا تو خود اسے اغوا کر کے ہمیشہ کے لیے قید کر لیتے ہیں یا پھر کمیونٹی کے وہ تربیت یافتہ لوگ جو اغوا کاری کے ماہر ہوتے ہیں، ان سے اغوا کروا لیا جاتا ہے۔ بعض اوقات ایسے لوگ نو مسلم کے والدین یا گھر والوں سے بھی اس کے اغوا کو خفیہ رکھتے ہیں۔ بہر حال اغوا چاہے گھر والوں کی مرضی سے ہو یا ان سے خفیہ ہو، دونوں ہی صورتوں میں گھر والوں کی طرف سے گمشدگی کی ایف آئی آر (FIR) درج کروائی جاتی ہے اور وقتی طور پر قانونی چارہ جوئی بھی کی جاتی ہے مگر خاطر خواہ نتیجہ بر آمد نہیں ہوتا اور یوں ایک نو مسلم ہمیشہ کے لیے گمشدہ بن کر رہ جاتا ہے۔

نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے ایک ادارے کے سربراہ نے انٹرویو کے دوران بتایا کہ کراچی کے رہائشی ایک خاندان، جو میاں بیوی اور ڈیڑھ سالہ بچے پر مشتمل تھا، ان کے ساتھ اغوا کا ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس کو جان کر انسان کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ کراچی کے رہائشی ایک ایسے شخص کی درد بھری کہانی ہے جس نے ایک نو مسلمہ سے شادی کی۔ نو مسلمہ کے خاندان والوں کے ساتھ قانونی جنگ جیتنے کے بعد دونوں ہنسی خوشی زندگی بسر کرنے لگے۔ اللہ نے ان کو ایک بیٹے سے بھی نوازا۔ جب وہ بچہ قریباً ڈیڑھ سال کا ہوا تو نو مسلمہ کے خاندان والوں نے اس فیملی سے رابطہ کیا کہ وہ سب کچھ بھول کر اپنی بیٹی، داماد اور نواسے کے ساتھ ایک نئی زندگی کا آغاز کرنا چاہتے ہیں۔ ایسے میں اس فیملی نے ان کو خوش آمدید کہا اور کچھ دنوں تک دونوں خاندانوں کا آپس میں آنا جانا اور میل

[1] عامر منیر (انٹرویو) از اسمارہ بی بی، اسلام آباد، 30 جولائی 2023ء بوقت رات 8 بجے

جوں خوشگوار طریقے سے جاری رہا۔ ایک دن بیوی اکیلے اپنے میکے گئی اور پھر کبھی لوٹ کر نہ آئی۔ شوہر نے جب بیوی کے خاندان والوں سے رابطہ کیا اور اپنی بیوی کے بارے میں دریافت کیا تو وہ نہ صرف اس بات سے انکاری ہو گئے کہ بیٹی ان کے گھر آئی تھی بلکہ داماد کے ساتھ بھی تلخ رویہ اور گالم گلوچ پر اتر آئے اور پرانی باتوں کے نہ صرف اسے طعنے دینے لگے بلکہ اس کی بیوی کی گمشدگی پر طنز کرنے اور اپنا بدلہ پورا ہونے پر اپنے کلیجے کی ٹھنڈک اور اپنی خوشی کا اظہار بھی کرنے لگے۔ شوہر نے بیوی کی گمشدگی کا پرچہ درج کروایا اور بیوی کے خاندان والوں پر اپنا شک بھی ظاہر کیا، مگر کوئی ٹھوس ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے آج تک اس کیس کا کوئی نتیجہ اخذ نہ ہو سکا اور وہ چھوٹا سا بچہ اپنے باپ کے پاس بن ماں کے ہی رہ گیا۔[1]

## 5۔ قتل

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ غیر مسلم اسلام دشمنی میں اس حد تک آگے نکل جاتے ہیں کہ وہ یہ بات بھُول جاتے ہیں کہ ان کے خاندان کے جس فرد نے اسلام قبول کیا ہے، وہ ان کا اپنا خون ہے اور ان کا پیارا ہے۔ انتقام کی آگ میں جلتے ہوئے وہ اس قدر انتہائی قدم اٹھانے کو تیار ہو جاتے ہیں کہ اپنے ہی پیارے کو قتل کرنے کی ٹھان لیتے ہیں۔ البتہ قتل کی اقسام مختلف ہو سکتی ہیں۔ یہ اعلانیہ قتل کی شکل میں بھی ہو سکتا ہے اور slow poisoning کی صورت میں بھی۔

کراچی کے رہائشی ایک نو مسلم بھائی جو سابقہ عیسائی پادری تھا، اس نے انٹرویو کے دوران بتایا کہ اس نے جب اسلام قبول کیا تو اس کے گھر والوں نے 40 دن تک اس کے پاؤں زنجیر کے ساتھ باندھے رکھے۔ اس کے بعد اسے شدید تشدد کا نشانہ بنایا، یہاں تک کہ اسے مار مار کر اس کے دونوں بازو توڑ دیے، اس کی زبان کاٹ دی، اس کا گلا کاٹ دیا، اس کا پیٹ کاٹ دیا اور اپنی طرف سے قتل کر کے اسے پھینک دیا مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے خصوصی فضل و کرم سے اسے بچا لیا۔ اس نے بتایا کہ بعد میں بھی اس پر قاتلانہ حملے کیے گئے ہیں جس کی وجہ سے اپنے علاقے سے ہجرت کرنے کے باوجود آج بھی اسے جانی خطرات لاحق ہیں۔[2]

نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے ایک ادارے کے سربراہ نے انٹرویو کے دوران بتایا کہ حیدر آباد، سندھ کا سابقہ ہندو پجاری، جس کے شاگردوں کی تعداد پانچ سو سے زائد تھی، جب وہ بچایا فقیر سے محمد قاسم ہوا تو مسلمان ہونے کے بعد اسے انہی ہندوؤں سے شدید جانی خطرات لاحق تھے جو کبھی اس کے چیلے ہوا کرتے تھے۔[3]

---

[1] عبد الوارث گِل (انٹرویو) از اسمارہ بی بی، لاہور، 19 جولائی 2023ء بوقت دن 9 بجے

[2] محمد سیف اللہ (انٹرویو) از اسمارہ بی بی، کراچی، 10 دسمبر 2023ء بوقت دن 2 بجے

[3] نور اللہ رشیدی (انٹرویو) از اسمارہ بی بی، اسلام آباد، 3 اگست 2023ء بوقت دن 2 بجے

ایک سابقہ قادیانی نو مسلم نے اپنے انٹرویو کے دوران بتایا کہ جب اس نے اسلام قبول کیا تو اسے قادیانیوں کی خصوصی فورس (special-force) آکر لے گئی، جنہوں نے اسے تہہ خانے میں بند کر دیا اور اسے ذہنی اور نفسیاتی مریض قرار دے دیا، جبکہ وہ اسلام قبول کرنے سے پہلے تک بطورِ مربی، اپنی کمیونٹی میں ایک معتبر انسان مانا جاتا تھا۔ اس کے گھر والوں کو بتایا گیا کہ اس کے نفسیاتی علاج کے لیے اسے مخصوص قسم کے ٹیکے لگائے جارہے ہیں۔ درحقیقت وہ ٹیکے ذہنی طور پر مفلوج کرنے کے اور slow poisoning کے تھے تاکہ وہ نو مسلم اسلام قبول کرنے کے بعد یا تو زندہ ہی نہ بچے اور اگر بچ بھی جائے تو ذہنی طور پر مکمل مفلوج ہو جائے اور اسلام کے لیے اپنی خدمات سرانجام دینے کے قابل نہ رہ سکے۔ اس نے بتایا کہ ان ٹیکوں کی وجہ سے نہ صرف اس کی ذہنی حالت متاثر ہوئی تھی بلکہ اس کی آنکھوں کی نظر بھی متاثر ہوئی تھی۔ بعد میں یہ کہہ کر کہ اس کا علاج ممکن نہیں، اسے اس کے گھر والوں کے پاس چھوڑ دیا گیا۔ جب ڈاکٹروں نے اس کی میڈیکل رپورٹس دیکھیں تو کہنے لگے کہ آپ کو اس قدر زہر دیا گیا ہے کہ ہم حیران ہیں کہ آپ زندہ کیسے ہیں۔[1]

## 6۔ بائیکاٹ

تحقیق کے دوران نو مسلمین کے جتنے بھی کیسز سامنے آئے ہیں، تقریباً ان تمام نو مسلمین کے ساتھ ان کی برادری کی طرف سے بائیکاٹ کیا گیا۔ ایک نو مسلم جب اسلام قبول کرتا ہے تو اس کے گھر والوں کا رویہ یکایک اس کے ساتھ سختی میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ وہی شخص جو کبھی گھر والوں کا لاڈلا ہوا کرتا تھا، اسلام قبول کرتے ہی وہ ان کی نفرت کا نشانہ بن جاتا ہے۔ اس کے گھر والے اسے لعن طعن کرنا شروع کر دیتے ہیں اور بات نہ ماننے پر گھر سے نکال دیتے ہیں۔ نہ صرف اسے گھر سے نکال دیا جاتا ہے بلکہ اس کے ساتھ تمام رشتے بھی قطع کر دیے جاتے ہیں۔ والدین، بہن بھائی، بیوی بچے، دوست احباب، سب اس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ اس کے ساتھ پوری برادری بائیکاٹ کر دیتی ہے اور اسے تن تنہا اور بے آسرا چھوڑ کر زمانے کی ٹھوکروں کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔ بائیکاٹ کا شکار نو مسلمین نہ صرف رہائش کے مسائل کا شکار ہوتے ہیں بلکہ تمام رشتوں کے کٹ جانے کے بعد وہ خود کو اکیلا اور تنہا محسوس کر کے جذباتی طور پر بھی کافی متاثر ہو جاتے ہیں۔

## 7۔ دیگر مسلمانوں پر معاشرتی دباؤ

نو مسلمین کو کلمہ پڑھانے والے افراد اور وہ افراد جو نو مسلمین کی کفالت کا ذمہ اٹھاتے ہیں، ان پر اکثر و بیشتر نو مسلمین کی سابقہ کمیونٹی کی جانب سے جبری تبدیلی مذہب اور اغوا وغیرہ کے الزامات لگا کر ان کو مقدمات وغیرہ میں الجھایا جاتا ہے۔ ایسے افراد کا زیادہ تر تعلق

[1] عامر منیر (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

دعوت و تبلیغ کے شعبے یا ان اداروں سے ہوتا ہے جو نو مسلمین کی کفالت اور ان کے مسائل حل کرنے کے لیے کوشاں رہتی ہیں۔ ایسی صورت میں چونکہ ان کے پاس ان کی لیگل ٹیم موجود ہوتی ہے، لہٰذا ایسے مقدمات سے نمٹنا ان کے لیے قدرے آسان رہتا ہے۔ جب ایک عام مسلمان ان حالات کو دیکھتا ہے تو اسے یہ خدشہ لاحق ہوتا ہے کہ اگر کبھی اس نے کسی نو مسلم سے کوئی تعاون کیا تو کہیں اس کو نو مسلم کی سابقہ برادری کسی قسم کے مقدمات میں الجھا نہ دے۔ مستقبل میں ہونے والے قانونی اخراجات اور کورٹ کچہری کے دھکوں سے گھبرا کر بہت سے دیگر مسلمان نو مسلمین کے ساتھ تعاون نہیں کر پاتے۔ کوئی مسلمان کسی نو مسلم کو ملازمت دینے، اس کے شادی بیاہ کے مسائل حل کرنے اور اس کے ساتھ ہمدردانہ تعلقات قائم کرنے سے اس لیے کتراتا ہے کہ اس پر غیر مسلم کمیونٹی کی طرف سے کسی قسم کا کوئی معاشرتی دباؤ نہ ڈالا جائے۔ بعض اوقات عام آدمی کے اندر یہ خوف اس قدر پیدا ہو جاتا ہے کہ وہ کرائے پر بھی ایک نو مسلم فرد یا نو مسلم خاندان کو اپنا گھر بطورِ رہائش دینے کو تیار نہیں ہوتا۔

تحقیق کے دوران اس بات کا انکشاف ہوا ہے کہ بعض اوقات جب نو مسلمین اسلام قبول کرنے کے بعد مسلمانوں کی پناہ میں آتے ہیں تو ان کے سابقہ مذہب کی کمیونٹی مسلمانوں پر دباؤ ڈال کر نو مسلمین کو واپس طلب کرتی ہے۔ بعض اوقات اس دباؤ کی وجہ سے انہیں واپس کر دیا جاتا ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ جب بھی کوئی نو مسلم ان کے پاس پناہ لینے آئے، تو اسے کسی دباؤ یا کسی قسم کے وعدے پر اس کے خاندان والوں کو واپس کر کے اسے آزمائش میں نہ ڈالیں۔ خاص کر وہ خواتین جو اسلام قبول کر کے دائرہ اسلام میں داخل ہو کر مسلمانوں کی پناہ میں آتی ہیں، جب ان کو ان کے خاندان والوں کے حوالے کر دیا جاتا ہے تو وہ زبردستی ان کی شادی اپنی غیر مسلم کمیونٹی کے لوگوں میں کروا دیتے ہیں۔ اسی بات کا حکم ہمیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں دیا ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ اللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيمَانِهِنَّ فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ [1]

"اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تمھارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو ان کی جانچ پڑتال کرو، اللہ ان کے ایمان کو زیادہ جاننے والا ہے۔ پھر اگر تم جان لو کہ وہ مومن عورتیں ہیں تو انھیں کفار کی طرف واپس نہ کرو، نہ یہ عورتیں ان (کافروں) کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کافر) ان (عورتوں) کے لیے حلال ہیں۔"

[1] الممتحنۃ:10

## فصل دوم: معاشی و قانونی مشکلات

نومسلموں کو قبول اسلام کے بعد ان کی سابقہ کمیونٹی کی جانب سے پیش آنے والے سماجی مسائل اُن کی معاشی زندگی پر براہِ راست اثر انداز ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان سماجی مسائل کے نتیجے میں نومسلموں کو معاشی مسائل کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ اسی طرح آئینِ پاکستان میں دیکھا جائے تو نومسلموں پر خود قانون کی طرف سے کوئی پابندی عائد نہیں ہوتی کیونکہ آئینِ پاکستان 1973ء کے آرٹیکل نمبر 20 کے تحت انہیں مذہب تبدیل کرنے کی اجازت آئینی طور پر حاصل ہے۔[1] اس کے برعکس پاکستان میں رہنے والے نومسلمین کچھ قانونی مسائل کا بھی شکار ہو جاتے ہیں جس کی بڑی وجہ اُن کے سابقہ مذہب کی کمیونٹی کے سماجی رویے ہیں۔ اس لیے اگر یوں کہا جائے کہ نومسلموں کے سماجی مسائل کی ایک صورت ان کے معاشی اور قانونی مسائل بھی ہیں، تو ایسا کہنا غلط نہ ہوگا۔ لہٰذا ذیل میں اُن معاشی و قانونی مسائل کو بھی بیان کیا گیا ہے جو ایک نومسلم کے سابقہ مذہب کی کمیونٹی کے رویوں کے نتیجے میں سامنے آتے ہیں۔

### 1۔ معاشی مسائل

i. **رہائش کے مسائل:** نومسلموں کو اسلام قبول کرنے کی وجہ سے جب ان کے گھر والے ان کو گھروں سے نکال دیتے ہیں تو اس کے نتیجے میں سب سے پہلا معاشی مسئلہ جو انہیں پیش آتا ہے، وہ رہائش کا ہے۔ اگر کوئی اکیلا مسلمان ہوا ہو تو وہ کسی مسجد، دربار یا ریلوے اسٹیشن وغیرہ پر سو کر رات گزار لیتا ہے مگر جب کوئی بیوی بچوں سمیت مسلمان ہوتا ہے تو اسے اپنے ساتھ ساتھ اپنے اہل و عیال کے رہنے کا بندوبست بھی کرنا پڑتا ہے جو کہ آغاز میں اس کے لیے ایک نہایت مشکل مرحلہ ہوتا ہے۔ مسلمان ہونے والی اگر کوئی اکیلی خاتون ہے تو اس کے لیے یہ مرحلہ مزید پریشانی کا سبب بن جاتا ہے۔

ii. **روزگار کے مسائل:** نومسلمین اگر اپنی کمیونٹی میں ملازمت یا کاروبار کر رہے ہوں تو قبولِ اسلام کے بعد وہاں سے نکال دیے جاتے ہیں۔ اگر وہ اپنی کمیونٹی سے باہر بھی ملازمت یا کاروبار کر رہے ہوں، تو چونکہ ان کو اپنی کمیونٹی کی طرف سے جانی خطرات لاحق ہوتے ہیں، اس لئے ان کے لئے ان کے اپنے علاقے میں رہنا مشکل ہو جاتا ہے، لہٰذا وہ ہجرت کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنی ملازمت یا کاروبار وہاں سے چھوڑ آتے ہیں اور یوں روزگار کے مسائل کا شکار ہو جاتے ہیں۔ خاص کر وہ نومسلم جو اپنے سابقہ مذہب میں رہتے ہوئے کسی اقلیتی یا مذہبی عہدے پر فائز ہوتے ہیں جیسے پادری، مربی یا اقلیتی وزیر وغیرہ، ایسے لوگ زیادہ محنت مشقت والا کام کرنا نہیں جانتے، جب وہ اسلام قبول کرتے ہیں تو انہیں اپنا مذہبی یا اقلیتی عہدہ چھوڑنا پڑتا ہے اور کوئی دوسرا روزگار نہ ملنے کی صورت میں محنت مزدوری بھی کرنی پڑتی ہے۔ ایک نومسلم جو

---

[1] The Pakistan Code: Ministry of Law and Justice, "The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973"

سابقہ پادری تھا، اس نے انٹرویو کے دوران بتایا کہ جب اس کے مسلمان ہونے کا اس کے بھائیوں کو معلوم ہوا تو انہوں نے اسے مار مار کر اس کے دونوں بازو توڑ دیے اور اس کا جسم ناکارہ بنا دیا۔ لہٰذا اب وہ کوئی کام بھی صحیح طرح سے نہیں کر سکتا اور بے روزگاری کی وجہ سے وہ شدید معاشی مسائل کا شکار ہو چکا ہے۔[1]

iii. **غربت و مفلسی:** مناسب روزگار کی عدم موجودگی کی وجہ سے اکثر نو مسلم غربت و مفلسی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ معاشی بدحالی کی وجہ سے وہ اپنے یا اپنے بچوں کے تعلیمی اخراجات برداشت نہیں کر سکتے اور یوں ان کو اپنا تعلیمی سلسلہ منقطع کرنا پڑتا ہے۔ اسی طرح کاغذی کاروائی اور قانونی چارہ جوئی کے اخراجات، شادی بیاہ اور علاج معالجہ کے اخراجات برداشت کرنا بھی ان کے لیے مشکل ہو جاتا ہے۔

## 2۔ قانونی مسائل

i. **عدالتی مقدمات:** جب کوئی غیر مسلم مسلمان ہوتا ہے تو بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس کے گھر والے اسے گھر سے نکالنے کے بعد اس پر چوری کا الزام لگا دیتے ہیں کہ گھر سے نکلتے وقت وہ نقدی، زیورات یا دیگر چیزیں ساتھ لے گیا ہے۔ اسی طرح گستاخیِ مذہب کے الزامات بھی لگا دیے جاتے ہیں کہ اس شخص نے ہمارے مذہب کے خلاف بغاوت کی ہے جس سے ہماری دل آزاری ہوئی ہے۔ زیادہ تر نو مسلم اسلام قبول کرنے کے بعد دعوت و تبلیغ کے شعبے سے منسلک ہو جاتے ہیں۔ دعوت کے حوالے سے بھی ایک نو مسلم کو اس کی سابقہ کمیونٹی کی طرف سے ٹارگٹ کیا جاتا ہے کہ چونکہ یہ شخص ہمارے سارے راز جانتا ہے، اس لیے یہ ہمارے لوگوں میں آکر انہیں ہمارے خلاف بغاوت پر ابھارتا ہے اور ہمارے مذہب کے بارے میں نفرت پھیلاتا ہے، لہٰذا نو مسلم پر دہشت گردی کا مقدمہ بھی دائر کر دیا جاتا ہے۔ ایک نو مسلم نے انٹرویو کے دوران بتایا کہ جب وہ مسلمان ہوا تھا تو اس کے والد نے اُس وقت وزیرِ اعظم پاکستان کو یہ درخواست بھیجی تھی کہ ہمارا بچہ چھوٹا ہے، نابالغ ہے، تو اسے زبردستی مسلمان کیا گیا ہے تو ہماری مدد کی جائے۔[2] اس طرح کے دیگر مقدموں میں نو مسلموں کو الجھا کر انہیں ستایا جاتا ہے تا کہ وہ ان مشکلات سے تنگ آ کر یا تو اپنے آبائی مذہب میں واپس آجائیں، یا پھر ایسے مسائل میں الجھ کر ہی رہ جائیں اور باعمل مسلمان بن ہی نہ سکیں۔

ii. **کاغذی کاروائی:** بہت سے نو مسلم ایسے ہوتے ہیں جو معاشی بدحالی کے سبب اپنی تعلیمی اسناد میں اپنا سابقہ نام تبدیل کروانے کے واجبات ادا کرنے سے قاصر ہوتے ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنا سابقہ نام تبدیل نہیں کروا سکتے۔ کاغذی کاروائی کے اس

---

[1] محمد سیف اللہ (انٹرویو) از اسارہ بی بی

[2] عبد الرحمٰن (انٹرویو) از اسارہ بی بی، سرگودھا، 16 دسمبر، 2023ء بوقت دن 11 بجے

عمل سے جو نو مسلمین گزرتے ہیں ان کو اکثر اس بات کی شکایت ہوتی ہے کہ اس عمل کے دوران ان کو تاخیر کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسے میں ان کو ہر لمحہ یہ فکر لاحق ہوتی ہے کہ اس دوران اگر ان کی موت واقع ہوگئی تو قانونی طور پر انہیں مسلمانوں کے قبرستان میں جگہ نہیں مل پائے گی اور ان کے خاندان والے نہ صرف اپنے مذہب کے طریقے کے مطابق ان کی آخری رسومات پوری کریں گے بلکہ ان کی جائیداد کے بھی قانونی وارث قرار پائیں گے۔ سرگودھا کے ایک نو مسلم بھائی نے بتایا کہ قبولِ اسلام کے بعد جب اس نے سیکنڈری بورڈ سے میٹرک کی سند میں اپنا سابقہ نام تبدیل کرنا تھا، اس وقت اس سے باقاعدہ طور پر ٹیسٹ لیا گیا اور اسے کچھ دعائیں سنانے کو کہا گیا۔ یہ بات اس کے لیے کافی حیران کن تھی کہ ایک نو مسلم جو آغاز میں ابھی پوری طرح فرائض کو بھی نہیں سمجھ پاتا، وہ مسنون دعائیں کیسے سنا پائے گا۔[1]

iii. **قانونی چارہ جوئی میں تاخیر:** کسی نو مسلم کو جب اس کی سابقہ کمیونٹی کی جانب سے مختلف مقدمات میں پھنسایا جاتا ہے تو معاشی بدحالی کی وجہ سے ایک نو مسلم کے لیے قانونی چارہ جوئی کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ہمارے روایتی عدالتی نظام میں نو مسلمین کے کیسز کے ساتھ بھی اسی روایتی انداز کا برتاؤ کیا جاتا ہے جو برتاؤ دیگر عوام کے کیسز کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نو مسلمین کے مقدمات کے فیصلے تاخیر کا شکار ہو جاتے ہیں، جبکہ ایک نو مسلم کا کیس دیگر افراد کے کیسز سے مختلف ہوتا ہے کیونکہ ایک تو وہ کفر و ایمان کے درمیان لٹک رہا ہوتا ہے، دوسرا اسے شدید جانی اور مالی خطرات لاحق ہوتے ہیں۔

iv. **جانی و مالی تحفظ کی عدم موجودگی:** غیر مسلم گھر والوں کی دھمکیوں کی وجہ سے نو مسلمین کو جان کے تحفظ کی فکر بھی لاحق ہوتی ہے۔ عیسائی برادری سے ایک بہن نو مسلم ہوئی تو عدالت جانے تک اس کی سابقہ برادری نہ صرف اس کا پیچھا کرتی رہی بلکہ عدالت کے باہر دھرنا بھی دیا کہ ہماری لڑکی ہمیں واپس چاہیے۔[2] ایسی صورت میں نو مسلمین کو جانی تحفظ کی سخت ضرورت پڑتی ہے، جبکہ حکومت کی جانب سے اس کا کوئی مناسب انتظام موجود نہیں ہے۔ ایک نو مسلم بھائی نے انٹرویو کے دوران بتایا کہ اس کی برادری چونکہ سیاسی اثر و رسوخ والی تھی، لہٰذا انہوں نے اس کے گھر پر حملہ کر کے اسے جانی نقصان پہنچانے کی کوشش کی اور گھر میں بھی کافی توڑ پھوڑ کی۔ جان کا تحفظ نہ ہونے کی صورت میں اُس نو مسلم کو مجبوراً اپنے علاقے سے ہجرت کرنی پڑی۔[3] اس کے علاوہ متعدد ایسے کیسز ہوتے ہیں جن میں نو مسلمین کی ذاتی جائیداد، گھر اور سامان پر ان کے غیر مسلم رشتہ دار قبضہ کر لیتے ہیں جن کو ان سے چھڑوانے کے لیے نو مسلمین عدالتی مقدمات میں کافی عرصہ تک الجھے رہتے ہیں۔

---

[1] عبد الرحمٰن (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

[2] چندہ احمد (انٹرویو) از اسمارہ بی بی، لاہور، 19 جولائی 2023ء بوقت دن 2 بجے

[3] محمد سیف اللہ (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

# باب سوم: مسلم معاشرے کے سماجی رویے

فصل اول: مثبت سماجی رویے

فصل دوم: منفی سماجی رویے

# فصل اول: مثبت سماجی رویے

پاکستان میں بہت سے مسلمان اپنے ملک میں بسنے والے نو مسلمین کے حوالے سے مثبت رویوں کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ یہ مثبت رویے ان ثقافتی اور مذہبی اقدار کی عکاسی کرتے ہیں جو ہمدردی، حمایت، اور معاشرتی ہم آہنگی پر زور دیتے ہیں۔ پاکستانی مسلمان اکثر اسلام میں داخل ہونے والے نئے مسلمانوں کے لیے خیر مقدم ہونے کا رویہ ظاہر کرتے ہیں اور گرمجوشی سے نو مسلمین کا استقبال کرتے ہیں۔ وہ نئے اسلام لانے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ مسلم معاشرے کی سرگرمیوں، جیسے مذہبی اجتماعات اور سماجی تقریبات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اس سے نئے مسلمانوں کو وسیع تر سماجی تانے بانے میں ضم ہونے اور بامعنی روابط استوار کرنے میں مدد ملتی ہے۔ یوں ان میں نہ صرف برادری کے احساس کو تقویت ملتی ہے بلکہ ان کو اپنے تعلق کا احساس دلانے میں بھی مدد ملتی ہے۔

یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ انفرادی تجربات مختلف ہوسکتے ہیں، اور ہر نو مسلم کو ایک ہی سطح کی حمایت کا سامنا نہیں ہو سکتا۔ تاہم، مجموعی طور پر پاکستان میں ثقافتی اور مذہبی اقدار کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، اکثر مسلمان نو مسلموں کے حوالے سے مثبت رویوں میں حصہ ڈالتے ہیں، جس سے مسلم معاشرے کے اندر اتحاد اور حمایت کے احساس کو فروغ ملتا ہے۔ ان مثبت رویوں کی چند صورتیں مندرجہ ذیل ہیں۔

## 1۔ حکومتی تعاون

پاکستان ایک اسلامی جمہوریہ ملک ہے۔ آئینِ پاکستان 1973ء کے آرٹیکل نمبر 20 کے تحت پاکستان کے تمام شہریوں کو مذہبی آزادی حاصل ہے۔[1] اسی قانون کے تحت پاکستان میں رہنے والے بہت سے غیر مسلم اسلام قبول کر رہے ہیں۔ قبولِ اسلام کے بعد نو مسلمین کو باقاعدہ طور پر تبدیلی مذہب کی قانونی سند جاری کی جاتی ہے۔ اس حوالے سے حکومتِ پاکستان کی جانب سے تمام متعلقہ سرکاری اداروں، جیسے تعلیمی بورڈ، یونیورسٹی، نادرہ اور پاسپورٹ آفس وغیرہ کو اس بات کا قانونی طور پر پابند کیا گیا ہے کہ نو مسلمین کے اہم قانونی تقاضے پورے ہونے کے بعد ان کی دستاویزات میں ان کا نام و مذہب تبدیل کیا جائے اور ان کو بطورِ مسلمان شہری رجسٹر کیا جائے۔ اس کے علاوہ نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے نجی اداروں کو بھی حکومتی سرپرستی حاصل ہوتی ہے اور انہیں باقاعدہ ایک رجسٹرڈ ادارے کے طور پر حکومتی تحفظ حاصل ہوتا ہے۔

[1] The Pakistan Code: Ministry of Law and Justice, "The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973"

## 2۔ عوامی تعاون

پاکستان کی عوام میں نو مسلمین سے تعاون کرنے کے حوالے سے بہت استعداد ہے۔ بس ذرا احساس دلانے کی ضرورت ہے۔ اگر کوئی مسلمان معاشی طور پر نو مسلمین کی خدمت کرنے کے قابل نہیں بھی ہوتا، تو اپنے اچھے اخلاق سے ان سے پیش آ کر ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور اگر ممکن ہو تو انہیں ایسے اداروں کی طرف رہنمائی دیتا ہے جہاں پر ان کے ساتھ ممکنہ تعاون کیا جائے۔ پاکستان کی عوام عموماً ذیل میں درج دو طرح سے نو مسلمین کے حق میں معاون ثابت ہوتی ہے۔

i. **حسنِ سلوک:** نو مسلمین کے ساتھ اخلاقی طور پر اچھے رویے سے پیش آنا بھی ان کی ایک بہت بڑی خدمت ہے۔ ایک نو مسلم نے انٹرویو کے دوران بتایا کہ اسلام قبول کرنے کے بعد جب اسے گھر سے نکالا گیا تو وہ سیدھا مسجد میں مولانا صاحب کے پاس پہنچا جہاں انہوں نے اسے تسلی دی اور مسجد میں رہنے کے لیے جگہ بھی دی۔[1] ایک نو مسلم نے بتایا کہ قبولِ اسلام کے بعد اسے ایسے مسلمان مبلغین ملے، جنہوں نے اس کے ساتھ کاغذی کاروائی کے تمام تقاضے پورے کرنے میں اور دیگر معاملات میں ہر ممکن تعاون کیا اور جب اسے رہائش کا مسئلہ پیش آیا تو چنیوٹ کے ایک مدرسے میں ایک مولانا صاحب نے اسے اور اس کے اہلِ خانہ کو ایک سال تک پناہ دی۔[2] ایک نو مسلم کے مطابق، جب اس نے اسلام قبول کیا اور نتیجتاً اس کے گھر والوں نے اسے گھر سے نکال دیا اور وہ ریلوے اسٹیشن پر اکیلا بیٹھا رونے لگا تو ایک مسلمان بزرگ نے اسے کھانا کھلایا اور اسے ایک مدرسے کا پتہ دیا جہاں اس کے مسائل کے حل ہونے کا امکان تھا۔[3]

ii. **مالی تعاون:** ایک عام مسلمان کو جب پتہ چلتا ہے کہ ہمارے فلاں بھائی نے یا ہماری فلاں بہن نے اسلام قبول کیا ہے تو ان کے دلوں میں اللہ تعالیٰ جو محبت اور مالی تعاون کا جذبہ پیدا کر دیتا ہے، وہ قابلِ ستائش ہے۔ نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے ادارے بھی عوامی تعاون کے بغیر اپنی خدمات سر انجام نہیں دے سکتے۔ زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ اس نیک کام میں ایسے اداروں سے بھرپور مالی تعاون کرتے ہیں۔ سرگودھا کے ایک نو مسلم نے بتایا کہ اس کے چچازاد بھائی اس سے پہلے مسلمان ہو چکے تھے اور مفتی بھی تھے۔ خاندان میں سے جو بھی مسلمان ہو تا گیا، وہی ان سب کو سنبھالتے گئے۔ انہوں نے اس کی کفالت کا بھی ذمہ اٹھایا، اس کی شادی کے اخراجات بھی برداشت کیے اور اسے پیروں پر کھڑا ہونے

---

[1] محمد عبداللہ فاروقی (انٹرویو) از اسمارہ بی بی، لاہور، 19 جولائی 2023ء بوقت دن 10 بجے

[2] عامر منیر (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

[3] محمد احمد (انٹرویو) از اسمارہ بی بی، لاہور، 4 دسمبر 2023ء بوقت دن 3 بجے

کے قابل بھی کیا۔[1] لاہور کے رہائشی ایک نو مسلم نے بتایا کہ جب اس نے اسلام قبول کیا تو اس کی تعلیم مڈل تھی۔ اس کے مسلمان دوست احباب میں سے ایک نے اسے میٹرک کروایا۔[2]

## 3۔ مختلف جماعتوں اور نجی اداروں کا تعاون

ہمارے ملک میں ایسے نجی ادارے اور جماعتیں موجود ہیں جو نو مسلموں کے مسائل کے حل اور ان کو جانی و مالی تحفظ فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ ان اداروں اور جماعتوں سے تعلق رکھنے والے افراد بنیادی طور پر دعوت و تبلیغ کے شعبے سے جڑے ہوتے ہیں۔ ان اداروں اور جماعتوں کے پاکستان کے مختلف شہروں میں تبلیغی مراکز قائم ہوتے ہیں۔ ان مراکز کی جانب سے غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کے دوران اکثر اوقات انہیں دعوتِ طعام پر بھی بلایا جاتا ہے اور ان کی تالیفِ قلب بھی کی جاتی ہے۔ پھر جب اسلام کی صداقت اور اس کی سچائی کا پیغام سن کر غیر مسلم دینِ اسلام سے متاثر ہو کر اسے قبول کرتے ہیں، تو ان مراکز میں نو مسلمین کو اسلامی تعلیم و تربیت بھی دی جاتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ انہیں معاشی، سماجی اور قانونی تحفظ بھی فراہم کیا جاتا ہے۔

پاکستان میں حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ پاکستان کی 75 سالہ تاریخ میں پہلی بار نیو مسلم کانفرنس اس ادارے کے تحت 9 اپریل 2023ء کو لاہور میں منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس میں زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو مدعو کیا گیا۔ لوگوں کے سامنے اس بات کو رکھا گیا کہ ہمارے ملک میں نو مسلمین کے مسائل پر بات کرنے کے لیے ایسے پلیٹ فارمز کی اور ان اداروں کی کمی ہے جو نو مسلمین کے مسائل کے حل اور ان کی فلاح کا کام کریں۔ موجودہ ادارے نو مسلمین کی بڑھتی ہوئی تعداد کو سنبھالنے کے لیے ناکافی ہیں۔ یہ امتِ مسلمہ کی بنیادی ذمہ داریوں میں سے ایک اہم ذمہ داری ہے کہ اس کمی کو پورا کیا جائے۔[3]

نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے موجودہ اداروں اور جماعتوں کی طرف سے نو مسلمین کو جو سہولیات فراہم کی جاتی ہیں وہ ذیل میں درج ہیں۔

i. **تحفظ اور رہائش کی فراہمی:** جن نو مسلمین کو رہائش کے مسائل درپیش ہوتے ہیں، ان کو رہنے کے لیے جگہ دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ نو مسلمین کو عدالتی معاملات کے لیے کورٹ کچہری میں لانے لے جانے کے لیے پوری سیکیورٹی کے ساتھ جانی تحفظ بھی مہیا کیا جاتا ہے۔

---

[1] عبد الرحمٰن (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

[2] محمد احمد (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

[3] عبد الوارث گل (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

ii. **روزگار کی فراہمی اور مالی تعاون:** معاشی اعتبار سے نو مسلمین کو مستحکم کرنے کے لیے ان کی ملازمت اور چھوٹے پیمانے پر کاروبار کو شروع کرنے میں ان کے ساتھ تعاون کیا جاتا ہے۔

iii. **تعلیم و تربیت میں تعاون:** دینی تعلیم کے حصول کے لیے نو مسلمین کو بنیادی اسلامی تعلیمات کا کورس، درس نظامی، تقابلِ ادیان کے کورسز اور دیگر قرآن وحدیث پر مبنی کورسز کروائے جاتے ہیں۔ جو نو مسلمین دعوت و تبلیغ کے شعبے سے منسلک ہونا چاہتے ہیں، ان کو غیر مسلموں کو دعوتِ دین دینے کے اسلوب بھی سکھائے جاتے ہیں اور اس کام کے لیے باقاعدہ طور پر انہیں تربیت دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ان کی دنیاوی تعلیم کے حصول میں بھی ان کے ساتھ مکمل تعاون کیا جاتا ہے اور ان کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے معاملات میں بھی ان کے ساتھ تعاون کیا جاتا ہے۔

iv. **قانونی مسائل میں تعاون:** جب سابقہ کمیونٹی کی طرف سے نو مسلموں پر مختلف الزامات لگا کر انہیں عدالتی مقدمات میں پھنسا دیا جاتا ہے تو قانونی حوالے سے بھی ان کے ساتھ لیگل تعاون کیا جاتا ہے۔ وکلاء پر مشتمل تشکیل دی گئی لیگل ٹیمیں نو مسلمین کے قانونی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرتی ہیں۔ کورٹ کچہری تک آنے جانے میں قانونی تحفظ بھی فراہم کیا جاتا ہے۔

v. **سماجی حلقہ بندی اور شادی بیاہ میں تعاون:** جب نو مسلم اپنے خاندان اور برادری سے کٹ جاتے ہیں تو وہ جذباتی طور پر متاثر ہوتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ احساسِ کمتری میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اس کے حل کے لیے ان کا آپسی حلقہ بنا دیا جاتا ہے اور اس حلقے کے افراد کو وقتاً فوقتاً دعوتِ طعام اور آپس کی غیر رسمی ملاقاتوں پر مدعو کیا جاتا ہے تاکہ وہ آپس میں میل جول رکھ سکیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے کم از کم مہینے میں ایک دفعہ سب کو جمع کر کے ان کی اکٹھی غیر رسمی ملاقات رکھی جاتی ہے، کھانا اکٹھے کھلایا جاتا ہے۔ حلقے کے لوگوں کی حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے کہ وہ آپس میں شادی بیاہ کے معاملات بھی طے کریں۔

vi. **صحت کے مسائل اور علاج معالجہ میں تعاون:** نو مسلم اگر صحت کے مسائل سے دوچار ہوں تو ان کو علاج معالجہ کی سہولیات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔

# فصل دوم: منفی سماجی رویے

پیدائشی مسلمانوں میں ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جو صرف اس وجہ سے مسلمان ہوتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کے گھروں میں پیدا ہوئے ہوتے ہیں۔ اگر علمی اور عقلی بنیادوں پر دیکھا جائے تو ایسے مسلمان اسلام کے بارے میں محدود معلومات رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ کسی نومسلم کے اسلام قبول کرنے کی وجوہات کو پوری طرح سے نہیں سمجھ سکتے۔ سمجھ کی اس کمی کا نتیجہ شکوک وشبہات یا منفی رویوں کی صورت میں نکلتا ہے۔ یہاں اس بات کو بھی مدِ نظر رکھنا ضروری ہے کہ یہ منفی رویے تمام مسلمانوں کے خیالات کی نمائندگی نہیں کرتے اور نہ ہی یہ اسلام کی تعلیمات کے نمائندہ ہیں۔ یہ منفی رویے مختلف صورتوں میں سامنے آتے ہیں۔

## 1۔ جان ومال کا عدم تحفظ

آئین پاکستان کے آرٹیکل نمبر 9 کے مطابق پاکستان کے ہر شہری کو شخصی تحفظ حاصل ہے،[1] لیکن عملی اقدامات کا فقدان پایا جاتا ہے۔ خاص کر نومسلمین کو ان کی سابقہ کمیونٹی کی جانب سے شدید جانی ومالی خطرات لاحق ہوتے ہیں۔ ان خطرات کے حل کے لیے ریاستی سطح پر کوئی خاطر خواہ انتظام موجود نہیں ہے۔ بہت سے نومسلموں کے غیر مسلم خاندان والے ان کی ذاتی جائیداد اور املاک پر زبردستی قبضہ کر لیتے ہیں اور اسلام میں داخل ہوتے ہی نومسلمین عدالتی مقدمات میں ہی پھنس کر رہ جاتے ہیں۔

ایک نومسلم نے دورانِ انٹرویو بتایا کہ اس کے قبولِ اسلام کے بعد اس کی برادری والے جب اس کا گلہ اور پیٹ کاٹ کر اپنی طرف سے اسے قتل کر کے پھینک کر چلے گئے، تو کوئی اسے اٹھا کر ہسپتال لے جانے والا نہ تھا کیونکہ اس کی برادری سیاسی اثرورسوخ رکھتی تھی اور اسی وجہ سے لوگ اس کے قریب آنے سے ڈرتے رہے۔ جب تک ایک مسلمان سیاسی لیڈر نے معاملہ نہیں سنبھالا، اس وقت تک کوئی اسے ہسپتال نہیں پہنچا سکا۔ کچھ عرصہ بعد جب وہ صحت یاب ہوا تو دوبارہ اس کے گھر پر حملہ کر کے اسے جانی ومالی نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی جس کی وجہ سے آخر کار وہ اپنے علاقے سے ہجرت کرنے پر مجبور ہو گیا۔[2] اس کے علاوہ عام مسلمانوں کو ایک خدشہ یہ بھی لاحق ہوتا ہے کہ کوئی جاسوس یا دہشت گرد کہیں نومسلم کے روپ میں ان کے درمیان شامل نہ ہو جائے۔ ایک نومسلم نے بتایا کہ اسے جب اس کے غیر مسلم گھر والوں نے گھر سے نکالا تو وہ ایک مسجد میں گیا اور سونے کو جگہ مانگی۔ مولوی صاحب نے جگہ دینے سے

[1]The Pakistan Code: Ministry of Law and Justice, "The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973"

[2] محمد سیف اللہ (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

معذرت کر لی اور معذرت کرنے کی وجہ یہ بتائی کہ وہ خود اس مسجد میں ملازم ہیں اور ڈرتے ہیں کہ اگر کوئی مسئلہ بن گیا تو وہ ذمہ دار قرار پائیں گے۔[1]

دراصل دھوکہ اور فریب بھی بہت زیادہ ہے، اس لیے عام مسلمانوں میں سے لوگ خطرہ مول لینے کو تیار نہیں ہوتے۔ کچھ کیسز ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ایک غیر مسلم مال کے لالچ میں اسلام قبول کرتا ہے اور وقتی طور پر وہ لوگوں سے مالی تعاون حاصل کرتا ہے۔ مقصد پورا ہونے کے بعد وہ دوبارہ اپنے لوگوں میں واپس چلا جاتا ہے۔ بعض اوقات تو ایسے لوگوں کا یہ معمول بن جاتا ہے۔ اگرچہ ایسے واقعات چند ایک ہیں لیکن ایسے معاملات میں جب تک ریاستی سطح پر کوئی ادارہ موجود نہ ہو تو لوگوں کے لئے مسائل کو حل کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ نومسلمین کے لیے ایک مرکزی سرکاری ادارہ یا انجمن موجود نہیں ہے جو ان کو جانی ومالی تحفظ فراہم کر سکے اور دھوکے بازوں کی چھان بین کر کے ان کے خلاف قانونی کاروائی کر سکے۔ نجی انجمنیں یا جماعتیں محدود تحفظات تو فراہم کر سکتی ہیں لیکن باقاعدہ طور پر تحفظ فراہم کرنا ان کے بس کی بات نہیں کیونکہ خود ان کو بھی ایسے ہی خطرات لاحق رہتے ہیں۔

## 2۔ فرقہ واریت

نومسلمین کو پاکستان کے مسلم معاشرے کی طرف سے جو مشکلات پیش آتی ہیں، ان میں سے ایک بڑی مشکل تفرقہ بازی بھی ہے۔ نومسلموں کو مسجدوں سے صرف اس لیے نکال دیا جاتا ہے کہ وہ اس خاص انداز سے نماز نہیں پڑھتے جس طرح ان مسجدوں کے اماموں کے مخصوص فرقے میں نماز پڑھائی جاتی ہے۔ ایک مسجد میں ایک نومسلم کو ایک صاحب نے اپنے مخالف فرقے کے طریقے سے نماز پڑھتے دیکھا تو یہ کہہ کر اس کے ساتھ تعلق ختم کر دیا کہ اگر آپ نے فلاں فرقے والوں کے پیچھے نمازیں پڑھنی اور سیکھنی تھیں، تو اس سے بہتر تھا کہ آپ غیر مسلم ہی رہتے۔ اس نے یہ بھی بتایا کہ اس کو ایک درس والی جگہ سے ہجرت کرنی پڑی کیونکہ ایک پیر صاحب نے اس سے کہا کہ یہاں پر جو قرآن مجید کا ترجمہ اور تفسیر پڑھ پڑھا کر یہ سارا سلسلہ شروع کر رہے ہو، یہ ٹھیک نہیں ہے۔ ہمارا اپنا ایک درس و تدریس کا طریقہ چلتا آ رہا ہے، یہ اس کے موافق نہیں ہے۔ پیر صاحب نے اپنے کچھ بندے بھی اس کے پاس بھیجے جنہوں نے کہا کہ آپ یہاں سے شرافت سے چلے جائیں ورنہ آپ کے گھر کا سامان ہم اٹھا کر باہر پھینک دیں گے۔[2] ویسے تو مسلمانوں کا رویہ عموماً نومسلمین کے ساتھ اچھا رہتا ہے مگر کچھ مسلمان ایسے بھی ہوتے ہیں جو انہیں صرف اپنے عقیدے کے مطابق رہنمائی دیتے ہیں۔ اس لیے نومسلمین مسلمانوں کے اندر فرقہ واریت کی وجہ سے دین میں کافی الجھاؤ کا شکار ہو جاتے ہیں۔

---

[1] محمد احمد (انٹرویو) از اسماء بی بی

[2] عبد الوارث گل (انٹرویو) از اسماء بی بی

## 3۔ تعلیم و تربیت کے مسائل

بہت سارے نو مسلم ایسے بھی ہیں جنہوں نے دس دس سال سے کلمہ پڑھا ہوتا ہے مگر انہیں معلوم نہیں ہوتا کہ شریعتِ اسلامی کے اصولوں کے مطابق انہیں کرنا کیا ہے۔ وہ اپنی فیملی سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں اور دین سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ ایسے نو مسلم زیادہ تر اَن پڑھ ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان کے ساتھ مسلم معاشرے کی طرف سے معاونت کی اشد ضرورت ہے۔ شرعی تعلیمات کے علاوہ ان کے ساتھ سابقہ خاندان کے بائیکاٹ کے نتیجے میں پیدا ہونے والی معاشی بدحالی کی وجہ سے انہیں اپنے دنیاوی تعلیمی سلسلے کو بھی منقطع کرنا پڑتا ہے، کیونکہ ہر نو مسلم کی رسائی اُن جماعتوں یا اداروں تک نہیں ہو پاتی جو تعلیم و تربیت کے حوالے سے نو مسلمین کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔

## 4۔ ذات پات اور شادی بیاہ کے مسائل

شادی بیاہ کا مسئلہ بھی نو مسلمین کے لیے ایک سنگین نوعیت کا مسئلہ ہے۔ اسلامی تعلیمات کے برعکس ہمارے معاشرے میں ذات پات سے متعلق نسلی تعصب پایا جاتا ہے۔ نسلی تعصب کے علاوہ بھی ہمارے ہاں نو مسلمین مذہبی تعصب کا شکار رہتے ہیں باوجود اس کے کہ اب وہ اسلام قبول کر چکے ہوتے ہیں۔ اسلام قبول کرنے کے بعد، سالوں کا عرصہ گزرنے کے بعد بھی وہ نو مسلمین ہی کہلاتے ہیں۔ پیدائشی مسلمان انہیں ہمیشہ خود سے علیحدہ کمیونٹی شمار کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے شادی بیاہ کے حوالے سے دیگر مسلمانوں میں ان کے لیے رشتے کرنے کا بہت مسئلہ بن جاتا ہے۔ چاہے اپنا رشتہ کرنا ہو یا اپنے بچوں کا، انہیں رشتہ دینے کے لیے کوئی مسلمان تیار نہیں ہوتا۔ نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے ایک نجی ادارے کے سربراہ سے انٹرویو کے دوران انہوں نے بتایا کہ شادی بیاہ کے سلسلے میں جب میری ایک پیدائشی مسلمان سے گفتگو ہوئی تو اس نے مجھ سے کہا کہ آپ نو مسلم سے شادی کی بات کر رہے ہیں جبکہ ہم تو پیدائشی مسلمانوں میں بھی اگر اپنی ذات کے علاوہ دوسری ذات میں شادی کر لیں تو خاندان والے بائیکاٹ کر دیتے ہیں۔[1]

## 5۔ عدم تعاون

ہمارے مسلم معاشرے کا یہ المیہ ہے کہ جب بھی کوئی نو مسلم ان کے پاس آتا ہے، یا تو اسے شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے یا پھر وہ تعصبانہ نگاہوں کا شکار ہو جاتا ہے۔ مسلم معاشرہ اسے قبول نہیں کرتا، نہ ہی کوئی اسے اپنانے کو تیار ہوتا ہے جس کی وجہ سے اسے بہت سے

---

[1] عبدالوارث گِل (انٹرویو) از اسماء بی بی

مسائل کا شکار ہونا پڑتا ہے، جبکہ پہلے ہی وہ اپنے خاندان سے مکمل طور پر کٹ چکا ہوتا ہے اور جذباتی طور پر پستی کا شکار ہو چکا ہوتا ہے۔ بہت سے ایسے غیر مسلم خاندان ہیں جو مسلمان ہونا چاہتے ہیں لیکن صرف اس ڈر سے مسلمان نہیں ہو پاتے کہ مسلمانوں میں سے کوئی انہیں اپنانے والا نہ ہو گا اور اس طرح ان کے لیے بہت سی مشکلات پیدا ہو جائیں گی۔ اسلام قبول کرنے کے بعد نو مسلمین اپنے گھروں سے نکال دیے جاتے ہیں اور بعض اوقات انہیں اپنے علاقوں سے ہجرت بھی کرنی پڑتی ہے۔ اگر ہم اسلامی تاریخ میں دیکھیں تو مواخاتِ مدینہ کی صورت میں ہمارے لیے عملی نمونہ موجود ہے، [1] مگر آج حال یہ ہے کہ جو شخص دائرہ اسلام میں داخل ہوتا ہے، چند روز بعد وہ بھکاری بن جاتا ہے کیونکہ اس کو سنبھالنے والا اور اس سے تعاون کرنے والا کوئی نہیں ہوتا۔ کچھ نو مسلمین ایسے بھی ہوتے ہیں کہ مصائب، مشکلات اور مسلمانوں کے منفی رویوں سے تنگ آ کر کچھ عرصے بعد وہ دوبارہ اپنے آبائی مذہب میں واپس پلٹ کر مرتد ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا یہ ہم مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ ہم ہر لحاظ سے، ہر موقع پر نو مسلمین کے ساتھ تعاون کریں اور انہیں بے یار و مددگار اور بے آسرا نہ چھوڑیں اور ان کے ساتھ محبت اور نرمی کا معاملہ کریں کیونکہ وہ اپنے ماں باپ، بہن بھائی، رشتہ دار، سب کچھ قربان کر کے اسلام میں داخل ہوتے ہیں۔

## 6۔ اخلاقی پستی

جب کوئی غیر مسلم اسلام میں داخل ہوتا ہے تو اسے اپنے غیر مسلم گھر والوں کی طرف سے مسلمانوں کے رویوں کے طعنے دیے جاتے ہیں۔ اسے یہ باور کروانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ مسلمانوں میں چونکہ ہر طرح کی برائیاں پائی جاتی ہیں، اس لئے اسلام ایک اچھا دین نہیں ہے، لہٰذا وہ اس دین کو نہ اپنائے۔ اسی طرح جب کوئی نو مسلم اپنے غیر مسلم خاندان والوں کو دعوتِ اسلام دیتا ہے، تو ایسی صورت میں بھی اسے مسلمانوں کے برے اخلاق کے طعنے دیے جاتے ہیں اور اسے اپنے خاندان والوں سے یہ جواب سننے کو ملتا ہے کہ ہم ایسا مذہب نہیں اپنا سکتے جس کے پیروکار ہر قسم کی برائیوں کا شکار ہوں۔ بعض اوقات مسلمان بھائیوں میں سے کوئی مرد اگر کسی نو مسلمہ سے شادی کر کے اسے اپنانے کی ہمت کر بھی لیتا ہے تو اس کے گھر والے نو مسلم لڑکی کو بطورِ بہو تسلیم نہیں کرتے۔ بہت سے نو مسلموں کو مسلمانوں کی اخلاقی پستی کا شکار ہونا پڑتا ہے، خاص کر وہ نو مسلم خواتین اس کا شکار ہوتی ہیں جن کو سسرال والوں کی طرف سے غیر مسلم خاندان کی بیٹی ہونے کے طعنے ملتے ہیں۔ جب اخلاقی طور پر مسلمانوں کا رویہ نو مسلمین کے ساتھ درست نہیں ہوتا، تو کم استقامت رکھنے والے نو مسلمین اکثر و بیشتر اپنے آبائی مذہب کی طرف واپس پلٹ جاتے ہیں۔

نو مسلمین کے علاوہ بہت سے غیر مسلموں کو بھی مسلمانوں کے برے اخلاق کے مسائل پیش آتے ہیں۔ بہت سے غیر مسلم لوگوں کو اسلام قبول کرنے کا خیال گزرتا ہے مگر مسلمانوں کے منفی رویوں کی وجہ سے وہ اسلام سے بدظن ہو جاتے ہیں۔ ایک نو مسلم نے انٹرویو

---

[1] مبارکپوری، **الرحیق المختوم**، 255

میں اس بات کا ذکر کیا کہ وہ بطورِ نو مسلم مسلمانوں کی طرف سے نفرت کا شکار تو نہیں رہا مگر جب وہ غیر مسلم تھا تو مسلمانوں کی طرف سے اچھوت سمجھا جاتا تھا۔ جب وہ مسلمانوں کی طرف سے ایسی نفرت دیکھتا تھا تو بعض اوقات اسلام قبول کرنے سے رک جاتا تھا، حالانکہ اسے شروع سے ہی اسلام کو اپنانے کا شوق تھا اور وہ اسلامی تعلیمات سے متاثر تھا۔ اس نے کئی دفعہ اسلام قبول کرنے کا سوچا مگر مسلمانوں کے رویوں نے اسے پیچھے دھکیل دیا۔ آخر کار اللہ کے خاص فضل سے وہ مسلمان ہو گیا۔[1]

مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اپنے اندر موجود اخلاقی کمزوریوں کو ختم کر کے اپنی اصلاح کریں اور نو مسلمین کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں۔ ان سے محبت اور اچھے اخلاق سے پیش آئیں۔ نو مسلمین مسلمانوں کے ہمدردانہ رویے اور ان کی طرف سے تعاون کی امیدیں لگائے ہوئے ہوتے ہیں۔ جب وہ مسلمانوں کے منفی رویوں کو دیکھتے ہیں تو ان کی ساری امیدیں ٹوٹ جاتی ہیں اور وہ بہت دل برداشتہ ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ مسلمانوں کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ غیر مسلموں کے ساتھ بھی اچھا برتاؤ کریں، ان سے نفرت نہ کریں، نہ ہی انہیں اچھوت سمجھیں، تاکہ وہ ہمارے منفی رویوں کی وجہ سے اسلام سے نفرت نہ کریں۔

## 7۔ علم و فہم کا فقدان

پاکستان میں مسلمان علماء میں سے بہت کم لوگ تقابل ادیان کا علم جانتے ہیں۔ ایک غیر مسلم اسلام کا مطالعہ کرنے کے بعد جب اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کرتا ہے تو آغاز میں اسے تقابلِ ادیان کے حوالے سے جو سوالات پیدا ہوتے ہیں، عموماً ان کے جوابات اسے کسی مسجد کے امام یا مفتی سے نہیں مل پاتے۔ شرعی تعلیمات کے حوالے سے تو ہمارے مفتیانِ کرام کو علوم پر عبور حاصل ہوتا ہے مگر تقابلِ ادیان کے حوالے سے ابھی علم کا فقدان باقی ہے۔ اس میدان میں بھی مسلمانوں کو آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ ایک نو مسلم نے انٹرویو کے دوران بتایا کہ وہ اسلامی تعلیمات سے کافی متاثر تھا اور تقریباً مسلمان ہو چکا تھا مگر اپنے اسلام کا اعلان کرنے سے پہلے وہ قرآنی تعلیمات کے حوالے سے اپنے کچھ اشکالات دور کرنا چاہتا تھا۔ اس مقصد کے حصول کے لیے وہ ایک مسجد میں گیا اور مسلمانوں سے قرآن پاک طلب کیا۔ اسے جواباً یہ کہا گیا کہ آپ قرآن مجید کو ہاتھ نہیں لگا سکتے کیونکہ آپ غیر مسلم ہیں۔ آپ قرآن کو پڑھنے کی بات کرتے ہیں جبکہ آپ یہ بتائیں کہ آپ نے مسجد میں داخل ہونے کی جرأت کیسے کی؟ اس نے یہ بھی بتایا کہ اسلام قبول کرنے کے بعد جب اس نے اپنے والد کو دعوتِ اسلام دی تو اس کے والد نے جواباً اسے یہ کہا کہ تم کہتے ہو کہ ہم اللہ کے سوا نہ کسی کو رب مانتے ہیں اور نہ کسی سے غیبی مدد مانگتے ہیں لیکن تمہارے مسلمان تو جہاں قبر دیکھتے ہیں وہاں سجدہ ریز ہو جاتے ہیں، وہاں پر ہاتھ جوڑ کر بیٹھ جاتے ہیں، منتیں مرادیں، نظر و نیاز اور چڑھاوے شروع کر دیتے ہیں۔ تم کہتے ہو کہ ناچ گانا اسلام میں پسند نہیں کیا گیا مگر مسلمانوں میں ناچ گانا عام ہے اور دربار پر ڈھول کی تھاپ پر لوگوں کو ناچتے ہوئے عام دیکھا جاتا ہے۔ اس لیے تم پہلے اپنے مسلمانوں کو مسلمان کر لو،

---

[1] محمد احمد (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

ہمیں پھر بعد میں مسلمان کر دینا۔ بعد میں اسی حالتِ کفر پر اس کے والد کا انتقال ہو گیا۔[1] نجانے ایسے کتنے غیر مسلم صرف اس بنا پر اسلام قبول کرنے سے قاصر رہے اور اس دنیا سے رخصت ہو گئے کہ ان کو مسلمانوں کے قول و فعل میں تضاد نظر آیا۔ اس تضاد کی بنیادی وجوہات میں سے ایک بڑی وجہ مسلمانوں میں دینی علم و فہم کا فقدان ہے۔

## 8۔ میڈیا کا کردار

زندگی کے کسی بھی پہلو میں میڈیا کا کردار نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ میڈیا کا اچھا استعمال بھی ہوتا ہے اور برا بھی۔ ہمارے ہاں میڈیا کے حوالے سے یہ کمی پائی جاتی ہے کہ نومسلمین کے مسائل کی آگاہی اور ان مسائل کے حل کے سلسلے میں آواز نہیں اٹھائی جاتی۔ میڈیا کے کچھ افراد اِس حوالے سے اگر تھوڑا بہت کام کرتے بھی ہیں تو ان کے کام میں خلوص کی کمی کی وجہ سے وہ اِس کام کے اصل مقصد کو اُس طرح حاصل نہیں کر پاتے جیسا کرنا چاہیے تھا بلکہ الٹا اسلام کی رسوائی کا سبب بنتے ہیں۔

ایک نومسلم نے میڈیا کے حوالے سے بتایا کہ کچھ میڈیا والوں نے اس کے انٹرویوز اپنے چینلز کے لیے ریکارڈ کئے۔ انٹرویو دینے کا اس کا مقصد یہ تھا کہ دیگر غیر مسلموں میں اسلام قبول کرنے کی جستجو پیدا ہو، جو لوگ اسلام قبول کرنا چاہتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی ہو اور مسلمانوں میں یہ آگاہی پیدا ہو کہ نومسلمین متعدد مسائل کا سامنا کرتے ہیں، لہٰذا وہ دل کھول کر نومسلمین کے ساتھ ہر لحاظ سے تعاون کریں۔ نومسلم کے مطابق میڈیا والوں نے اسے کافی استعمال کیا اور بجائے اصل مقصد پر لوگوں کو متوجہ کرنے کے، لوگوں میں اس کے لیے مالی تعاون کرنے کی مہم چلا دی جبکہ خود انہوں نے اس کے ساتھ ذرہ برابر بھی کوئی مالی تعاون نہ کیا۔ یہاں تک کہ وہ لوگوں میں مشہور ہو گیا اور جہاں بھی وہ جاتا لوگ اسے پہچان لیتے لیکن اسے دیکھتے ہی منہ موڑ لیتے، اس ڈر سے کہ کہیں وہ ان سے کسی قسم کی کوئی مالی مدد نہ طلب کر لے۔ جب وہ ویڈیوز اس کے گھر والوں تک پہنچیں تو اس کے والد صاحب نے اسے فون کیا اور کہا کہ بیٹا! اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کی معاشی حالت بہت زیادہ خراب ہو گئی ہے۔ آپ تو ڈیجیٹل بھکاری بن گئے ہیں، جو انٹرنیٹ کے ذریعے میڈیا پر لوگوں سے بھیک مانگتے پھرتے ہیں۔ کیا آپ نے اسلام قبول کر کے یہی کچھ پایا ہے؟ اگر آپ کو معاشی مدد چاہیے تو آپ میرے پاس آ جائیں، اسلام کو چھوڑ دیں اور اپنے آبائی مذہب کو دوبارہ اپنا لیں، میں آپ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کروں گا۔ نومسلم نے بتایا کہ والد صاحب کی یہ بات سن کر اس کا سر شرم سے جھک گیا اور اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ انہیں کیسے بتائے کہ اسلام تو برا نہیں ہے لیکن بہت سے مسلمان ایسے ہیں جو اسلام کو بدنام کرنے کا باعث بنتے ہیں۔[2]

---

[1] عبدالوارث گِل (انٹرویو) از اسمارہ بی بی

[2] شفیع اللہ (انٹرویو) از اسمارہ بی بی، سوات، 20 دسمبر 2023ء بوقت دن 10 بجے

# باب چہارم: نو مسلمین، خدمات اور عہدہ داران

## فصل اول: نو مسلمین کے انٹرویوز

## فصل دوم: نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے عہدہ داران کے انٹرویوز

# فصل اول:نو مسلمین کے انٹرویوز

## Demographic Data Sheet

| | |
|---|---|
| | انٹرویو کی تاریخ |
| | انٹرویو کا وقت |
| | موجودہ نام |
| | سابقہ نام |
| | سابقہ مذہب |
| | تاریخ پیدائش |
| | قبولِ اسلام |
| | موجودہ تعلیم |
| | قبولِ اسلام کے وقت تعلیم |
| | آبائی علاقہ |
| | موجودہ رہائشی علاقہ |
| | موجودہ ملازمت یا کاروبار |
| | موجودہ ازدواجی حیثیت |
| | قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت |
| | انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ |
| | سابقہ مذہبی حیثیت |

## انٹرویو کے سوالات برائے نو مسلم

1. آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟
2. آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟
3. آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟
4. آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟
5. بطورِ نو مسلم / نو مسلمہ آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟
6. بطورِ نو مسلم / نو مسلمہ آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟
7. قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟
8. ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟
9. کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے / چکی ہیں؟
10. کیا آپ اپنے جیسے نو مسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سر انجام دے رہے / رہی ہیں؟
11. کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سر انجام دے رہے / رہی ہیں؟
12. بطورِ نو مسلم / نو مسلمہ آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے / گی؟
13. بطورِ نو مسلم / نو مسلمہ آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے / گی؟

## انٹرویو نمبر1

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 19جولائی2023ء |
| انٹرویو کا وقت | دن9بجے |
| موجودہ نام | عبد الوارث گل |
| سابقہ نام | وارث مسیح |
| سابقہ مذہب | عیسائیت |
| تاریخ پیدائش | 20اکتوبر1979ء |
| قبولِ اسلام | 2006ء |
| موجودہ تعلیم | لکھنا پڑھنا جانتا ہوں / قرآن و سنت کا علم / تقابلِ ادیان کا علم |
| قبولِ اسلام کے وقت تعلیم | کبھی اسکول نہیں گیا |
| آبائی علاقہ | لاہور، پنجاب |
| موجودہ رہائشی علاقہ | لاہور، پنجاب |
| موجودہ ملازمت یا کاروبار | سماجی کارکن / بانی فلاحی ادارہ برائے نو مسلمین |
| موجودہ ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت | غیر شادی شدہ |
| انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ | انفرادی نو مسلم |
| سابقہ مذہبی حیثیت | عام مذہبی انسان |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ عیسائیت میں رہتے ہوئے میں ہر چیز کے بارے میں زیادہ یا تھوڑا جانتا تھا، جیسے آسمان، چاند، ستارے اور شجر وغیرہ، لیکن میں یہ نہیں جانتا تھا کہ زندگی کا مقصد کیا ہے ؟ ہمیں کیوں پیدا کیا گیا؟ جس وقت میں نے اپنی جوانی میں قدم رکھا تو ایسا ہی خیال میرے دل میں آیا کہ میں کیوں پیدا کیا گیا؟ شعور جب آپ کی زندگی میں قدم رکھتا

ہے تو اس کی سب سے پہلی علامت یہ ہوتی ہے کہ وہ آپ سے یہ سوال پوچھتا ہے کہ تمہاری زندگی کا کیا مقصد کیا ہے؟ جب مجھے اس سوال نے زیادہ پریشان کیا تو میں نے اپنے عیسائی مذہبی رہنماؤں سے پوچھا کہ مجھے کیوں پیدا کیا گیا ہے؟ میری زندگی کا کیا مقصد ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ تمہارا جینا اور تمہارا مرنا، یہ سب مسیح کے لیے ہے۔ میں نے پوچھا کہ اس کے لیے مجھے کیا کرنا ہو گا؟ انہوں نے جواب دیا کہ اس کے لیے آپ کو ایک اچھا، سچا اور پکا عیسائی بننا ہو گا۔ میں نے پھر پوچھا کہ اچھا عیسائی بننے کے لیے مجھے کیا کرنا ہو گا؟ انہوں نے جواب دیا کہ مسیح کی تعلیمات کو اپنے اوپر اور اپنے اندر انڈیل دینا ہو گا۔ گویا کہ مسیح کے رنگ میں رنگ جانا ہو گا۔ مسیح علیہ السلام کی تعلیمات کا مطالعہ روایتی انداز میں تو میں پچھلے بیس سال سے کر رہا تھا، لیکن اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے شعور کی نگاہ سے جب عیسائی تعلیمات کا مطالعہ کرنے کی توفیق عطا فرمائی تو ذہن میں یہ سوال پیدا ہوا کہ یہ کس طرح ممکن ہے کہ مسیح خدا کا بیٹا ہو؟ اگر مسیح خدا کا بیٹا ہے تو خدا کے بھی کوئی ماں باپ ہوں گے، کوئی قوم قبیلہ ہو گا، پھر خدا کا بھی کوئی نسب نامہ ہو گا۔ جبکہ اللہ ان تمام چیزوں سے پاک ہے اور بائبل سے بھی اس بات کا اظہار ہوتا ہے۔ پادری صاحب سے میں نے دوبارہ پوچھا کہ مسیح خدا کا بیٹا کیسے ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ مسیح خدا کا بیٹا اس لیے ہے کہ وہ خدا جیسے کام کرتا ہے۔ میں نے کہا کہ مسیح نے تو خود کہا ہے کہ میں اپنے بھیجنے والے کی قوت اور مدد سے کام کر کے دکھاتا ہوں، میں اپنی مدد سے کچھ نہیں کر سکتا۔ مسیح نے فرمایا کہ میرا بھیجنے والا مجھ سے بڑا ہے اور میں اس کا خادم ہوں۔ پادری صاحب نے کہا کہ مسیح اس لیے خدا کا بیٹا ہے کہ خدا نے اس کو بغیر باپ کے پیدا کیا تھا۔ میں نے کہا کہ پیغمبر آدم بھی تو بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے۔ تو انہوں نے سٹپٹا کے مجھے کہا کہ تم یہ معلوم کرنا چاہتے ہو کہ مسیح خدا کا بیٹا کیسے ہے، حقیقت تو یہ ہے کہ مسیح ہی خدا ہے۔ اس کے بعد میں سمجھ گیا کہ عیسائی تو خود الجھاؤ کا شکار ہیں کہ مسیح خدا کا بیٹا ہے یا خود خدا ہے اور نہ ہی یہ لوگ اپنے ان بے بنیاد دعووں کو دلیل سے ثابت کر سکتے ہیں، لہٰذا باقی ادیان کا مطالعہ بھی کیا جائے اور مقصدِ زندگی اور خدا کی حقیقت تک پہنچا جائے۔ میں اچھا عیسائی بننے کے لیے نکلا تھا مگر عیسائیت سے ہی اعلانِ براَت کر دیا، کیونکہ میں نے اس مذہب کی تعلیمات اور عقائد و نظریات کو افراط و تفریط پر مشتمل پایا۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ عیسائیت سے بیزار ہو کر جب میں نے دیگر مذاہب کا مطالعہ کیا، تو اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے اسلام کا مطالعہ کرنے کی بھی توفیق عطا فرمائی۔ قرآن و سنت کو پڑھنے کے بعد اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے شرح صدر عطا فرمایا اور قرآن کے ذریعے سے اپنا تعارف کروایا۔ قرآن میں خدا کا جو تعارف پیش کیا گیا ہے، وہ اُن صفات کے عین مطابق ہے جو خدا کی ذات میں ہونی چاہییں۔ زندگی کے ہر شعبے سے متعلقہ مسائل کا حل قرآن میں موجود ہے۔ ریاست کے

معاملات، سیاست کے معاملات، تقویٰ اور پرہیز گاری کے معاملات، کینہ اور بغض سے بچنے کے معاملات، خاندان اور کاروبار وغیرہ کے معاملات، ہر قسم کے مسائل میں قرآن ہماری پوری رہنمائی کرتا ہے۔ پھر اس کا ایک اعجاز یہ ہے کہ جب یہ سینوں میں داخل ہوتا ہے تو اندر کی دنیا تبدیل کر دیتا ہے اور جب اندر کی دنیا تبدیل ہوتی ہے تو پھر باہر کی دنیا بھی خود ہی تبدیل ہو جاتی ہے۔ یہ کتابِ نصاب تو ہے ہی مگر یہ کتابِ حیات بھی ہے۔ قرآنِ پاک کی تعلیمات سے متاثر ہو کر میں نے اسلام قبول کر لیا۔

سوال۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ اسلام قبول کرنے کے بعد مجھے بہت زیادہ سکون، اطمینان اور خوشی محسوس ہوئی۔ میں بیان نہیں کر سکتا کہ اسلام کتنی بڑی نعمت اور دولت ہے جو مجھے ملی۔ قبولِ اسلام کے بعد مجھے یہ احساس بھی ہوا کہ کسی مسلمان کی طرف سے دعوتِ دین ملے بغیر بھی ایک غیر مسلم مطالعہ قرآن کے ذریعے اسلام قبول کر سکتا ہے۔ آج اگر ہم ڈیڑھ ارب مسلمان اللہ کے دین کی دعوت و تبلیغ کا کام نہ بھی کریں تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کسی کا محتاج نہیں ہے، کیونکہ وہ ایک غیر مسلم کو اپنے قرآن کے ذریعے خود اپنا تعارف کروانے پر قادر ہے۔

سوال۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ اسلام قبول کرنے سے پہلے میں دبئی میں سنار کا کام کرتا تھا۔ وہاں بہت معزز، میرے بڑے بھائی کی طرح بابر انعام صاحب تھے، میں جن کی سرپرستی میں دبئی میں رہتا تھا۔ انہوں نے میری بہت رہنمائی کی اور انہی کے ہاتھ پر میں نے کلمہ پڑھا۔

سوال۵۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ قبولِ اسلام کے وقت میں دبئی میں تھا اور میری فیملی پاکستان میں تھی۔ جب میں نے اپنے مسلمان ہونے کے بارے میں اپنے گھر والوں کو بتایا تو میرے گھر میں صفِ ماتم بچھ گئی۔ میری والدہ صاحبہ جب بھی فون پر مجھ سے بات کرتیں، تو روتی رہتی تھیں۔ جب میں اپنے والد صاحب سے بات کرتا، تو وہ ہوں ہاں کرتے تھے اور صحیح طور پر بات نہیں کرتے تھے۔ باقی خاندان والوں نے مکمل بائیکاٹ کر دیا تھا۔ مجھے گمراہ قرار دے دیا گیا تھا۔ مجھے میری منگنی ٹوٹنے کا بھی دکھ تھا جو میری پسند کی تھی۔

سوال۶۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ اگر میں اپنے دبئی والے پاکستانی مسلمان دوستوں کی بات کروں، تو انہوں نے میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔ جب میں دبئی سے پاکستان آیا تو میں اچھا مسلمان بننا چاہتا تھا جس کے لیے مجھے تعلیماتِ اسلام سے اپنے آپ کو آراستہ کرنا تھا۔ اس مقصد کے حصول کے لیے میں جب کسی بھی مدرسے یا ادارے میں جاتا تھا، تو وہ کہتے تھے کہ آپ آٹھ سال کا درسِ نظامی مکمل کیجئے اور آپ عالم بنیں۔ میں ان سے کہتا تھا کہ میرے اُوپر تو گھر کی ذمہ داریاں ہیں، اگر میں اپنے آپ کو مکمل طور پر مدرسے میں لگا دوں گا تو گھر والوں کے ذہن میں سوال پیدا ہو گا کہ یہ کیسا اسلام ہے جو والدین اور گھر والوں کی ذمہ داری اٹھانے سے دور کرتا ہے؟ اس طرح تو وہ اسلام سے مزید بدظن ہو جائیں گے۔ جبکہ میری کوشش ہے کہ وہ بھی مسلمان ہو جائیں۔ میں نے متعدد جگہوں پر تلاش جاری رکھی اور اس کوشش میں رہا کہ کوئی ایسا ادارہ مل جائے جس میں بنیادی اسلامی تعلیمات دی جاتی ہوں جو ایک نو مسلم کے لیے ضروری ہیں، مگر مجھے مسلمانوں کے ہاں ایسا کوئی ادارہ نہیں مل سکا۔ یہ میرے لیے ایک المناک بات تھی۔ بہر حال میں نے جیسے کیسے بھی اپنے محلے کی مسجد میں فجر سے پہلے اور عشاء کے بعد دینی تعلیم سیکھنے کا آغاز کیا کیونکہ درمیان کے اوقات میں میری معاشی مصروفیات ہوتی تھیں۔ بطورِ نو مسلم مجھے پاکستان کے مسلم معاشرے کی طرف سے جو سب سے بڑی مشکل پیش آئی وہ فرقہ واریت ہے۔ مجھے مسجدوں سے صرف اس لیے نکال دیا جاتا تھا کہ میں قرآن و سنت کے مطابق نماز ادا کرتا تھا نہ کہ اس خاص انداز سے جس طرح مسلمانوں کے مخصوص فرقوں میں نماز پڑھائی جاتی ہے۔ ایک دفعہ ایک مسجد میں ایک صاحب نے مجھے اپنے مخالف فرقے کے طریقے سے نماز پڑھتے دیکھا تو یہ کہہ کر میرے ساتھ تعلق ختم کر لیا کہ اگر آپ نے فلاں فرقے والوں کے پیچھے نمازیں پڑھنی اور سیکھنی تھیں تو آپ عیسائی ہی رہتے تو وہی بہتر تھا۔ مجھے ایک درس والی جگہ سے ہجرت کرنی پڑی کیونکہ ایک پیر صاحب نے مجھے بلایا اور کہا کہ یہاں پر جو قرآنِ مجید کا ترجمہ اور تفسیر پڑھ پڑھا کر یہ سارا سلسلہ شروع کر رہے ہو، یہ ٹھیک نہیں ہے۔ ہمارا اپنا ایک درس و تدریس کا طریقہ چلتا آ رہا ہے، یہ اس کے موافق نہیں ہے۔ انہوں نے اپنے کچھ بندے میرے پاس بھیجے جنہوں نے مجھ سے کہا کہ آپ یہاں سے شرافت سے چلے جائیں ورنہ آپ کے گھر کا سامان ہم اٹھا کر باہر پھینک دیں گے۔ اس کے علاوہ جب میں نے شادی کرنے کی کوشش کی تو سات مسلمان گھرانوں سے میں ریجیکٹ کر دیا گیا اور اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ میں ایک نو مسلم تھا۔ بعد میں پھر بہت اچھے مسلمانوں سے بھی واسطہ پڑا جنھوں نے ہر ممکن تعاون کیا اور ابھی تک ان کا ساتھ میرے لیے باعثِ فخر ہے۔

سوال ۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ قبولِ اسلام کے آغاز میں جو مسائل مجھے اپنے خاندان کی طرف سے پیش آئے اور جو مسلمانوں کی طرف سے پیش آئے، ان مسائل کے علاوہ کچھ کاغذی کاروائیوں میں تاخیر کے مسئلے ہوتے ہیں جو تقریباً سب ہی نو مسلموں کو پیش آتے ہیں۔

سوال۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ جب اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی راہ میں قربانی دی جائے تو اللہ سبحانہ و تعالیٰ اس سے بڑھ کر نعمتیں عطا کرتے ہیں۔ میرے مسائل بھی اللہ تعالیٰ نے وقت کے ساتھ ساتھ خود ہی حل کر دیے۔ دبئی سے میں جب واپس آیا تو ایئرپورٹ پر کوئی لینے نہ آیا۔ گھر پہنچا تو پہلے تو کسی نے دروازہ نہ کھولا۔ پھر جب والدہ نے دروازہ کھولا تو وہ مجھ سے بات چیت نہیں کر رہی تھیں۔ اس کے بعد پھر میں نے والدین کو سمجھایا کہ میں نے یہ فیصلہ اپنی آخرت کے لیے کیا ہے۔ آپ اگر میری آخرت کی ذمہ داری لیتے ہیں، تو ٹھیک ہے جیسے آپ کہتے ہیں، لیکن اگر آپ اور میں اپنی اپنی آخرت کے خود ہی ذمہ دار ہیں اور جو ہم نے بونا ہے وہی کاٹنا ہے تو میری بات کو سمجھیے۔ الحمدللہ! کچھ ہی دنوں میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی توفیق سے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق اپنے گھر والوں کے ساتھ جب معاملات کیے، تو بہت جلد میرے گھر والے میرے ساتھ تعلقات میں بہتر ہو گئے۔ مجھے میرے اللہ نے میرے گھر والوں کے لیے روزگار کمانے کا جو ذریعہ بنایا تھا، میں نے اسے جاری رکھا اور بیٹا ہونے کی ذمہ داری نبھاتا رہا۔ جن خاندان والوں نے بائیکاٹ کر دیا تھا، اب ان سے بھی تعلقات تقریباً بحال ہو چکے ہیں، کیونکہ میں نے اپنا اخلاق ان کے ساتھ اچھا رکھا اور ضرورت میں ان کے کام آتا رہا۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا میرے ساتھ خاص فضل رہا کہ مجھے ایسے تعاون کرنے والے مسلمانوں کا ساتھ دیا جنھوں نے اپنی بیٹیاں میرے نکاح میں دیں۔ میری دونوں بیویوں کا بھی میرے ساتھ بھرپور تعاون ہے۔

سوال۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ جی، الحمدللہ! دعوتِ اسلام کے حوالے سے محنت جاری ہے۔ ابھی تک متعدد افراد نے اسلام قبول کر لیا ہے۔

سوال۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نو مسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سر انجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ اسلام قبول کرنے کے بعد مجھے اپنی بنیادی دینی تعلیم کے حصول کے لیے کوئی ایسا ادارہ نہیں مل سکا تھا جس میں بنیادی اسلامی تعلیمات دی جاتی ہوں، جو ایک نو مسلم کے لیے ضروری ہیں۔ اس کے بعد مجھے اس بات کی بہت شدت کے ساتھ ضرورت محسوس ہوئی کہ ہمیں ایسے ادارے بنانے چاہییں جن میں اسلام میں داخل ہونے

والوں کی نہ صرف بنیادی اسلامی تعلیمات کا بیڑا اٹھایا جائے بلکہ ان کے معاشی، معاشرتی اور لیگل مسائل کے حل کے حوالے سے بھی انھیں تحفظات فراہم کی جائیں۔ لہٰذا ہم نے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی توفیق سے 2009ء میں حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی اور اس کا باقاعدہ آغاز 2010ء میں ہوا۔ الحمدللہ! اس ادارے کے تحت اب تک ہزاروں غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہو چکے ہیں اور متعدد نو مسلم افراد اس ادارے کی خدمات سے فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔

سوال ۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ جی، میرا مساجد اور دیگر تعلیمی اداروں میں خطبات اور درس وغیرہ دینے کا سلسلہ جاری ہے۔

سوال ۱۲۔ بطورِ نو مسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ میں تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والوں کو یہی پیغام دینا چاہوں گا کہ جب ہم اپنی سہولیاتِ زندگی سے باہر نکلتے ہیں، جب ہم مادہ پرستی سے باہر نکلتے ہیں تو حق کو پانے کے فیصلے ہمارے لیے بہت آسان ہو جاتے ہیں۔ مذاہب کی اندھی تقلید کے بجائے تقابلِ ادیان کا مطالعہ کر کے حق اور سچ کو تلاش کریں اور اپنے مقصدِ حیات کو پہچانیں۔ جب انسان حق کی تلاش میں نکلتا ہے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کے لیے حق پانے کا راستہ آسان کر دیتے ہیں۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ میری یہی درخواست ہے کہ اللہ پر ویسے ہی ایمان لانے والے بن جائیں جیسے کہ ایمان لانے کا تقاضا ہے۔ ہمارے اعمال کو پھل اس وقت لگتا ہے جب وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت و کردار کے مطابق ہوں۔ امت میں انتشار کی بڑی وجہ قرآن و سنت سے دوری ہے۔ جب بھی میں اپنے والد صاحب سے کہتا تھا کہ اسلام قبول کر لیجیے، تو وہ یہی کہتے تھے کہ بیٹا! تم کہتے ہو کہ ہم اللہ کے سوا نہ کسی کو رب مانتے ہیں اور نہ کسی سے غیبی مدد مانگتے ہیں، لیکن تمہارے مسلمان تو جہاں قبر دیکھتے ہیں، وہاں سجدہ ریز ہو جاتے ہیں، وہاں پر ہاتھ جوڑ کر بیٹھ جاتے ہیں، منتیں مرادیں، نظر و نیاز اور چڑھاوے شروع کر دیتے ہیں۔ تم ہمیں کہتے ہو کہ تمہاری بیوی تمہارے سگے بھائیوں سے پردہ کرے گی، تو یہ خواتین کون ہیں جو معاشرے میں نیم عریاں اور چست لباس پہن کر بھیڑ بکریوں کی طرح موجود ہیں اور مرد وزن کا اختلاط مسلمانوں میں عام ہے۔ تم تو کہتے ہو کہ ناچ گانا اسلام میں پسند نہیں کیا گیا مگر مسلمانوں میں ناچ گانا عام ہے۔ اصل میں ہم جس جگہ رہتے تھے، وہاں ہمارا گھر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے دربار کے عقب میں تھا اور وہاں پر ڈھول کی تھاپ پر تھرکتے ہوئے جسموں کو عام دیکھا جاتا تھا۔ والد صاحب کہتے تھے

کہ بیٹا! اپنے مسلمانوں کو پہلے مسلمان کر لو ہمیں پھر بعد میں مسلمان کر دینا اور وہ اسی حالت میں اس دنیا سے چلے گئے۔ مسلمانوں کو اپنے قول و فعل میں موجود تضاد کو ختم کرنا ہو گا۔ میں یہ بھی درخواست کروں گا کہ نہ صرف نو مسلموں کے ساتھ حسنِ اخلاق کے ساتھ پیش آئیں، بلکہ غیر مسلموں کے ساتھ بھی اچھے برتاؤ کی ضرورت ہے۔ بہت سے غیر مسلموں کو اسلام قبول کرنے کا خیال گزرتا ہے، مگر مسلمانوں کے منفی رویوں کی وجہ سے وہ اسلام سے بد ظن ہو جاتے ہیں۔ قبولِ اسلام سے پہلے جب میں نے دینِ اسلام کا مطالعہ کرنے کا ارادہ کیا تو جب میں مسجد میں مسلمانوں کے پاس قرآن مجید لینے کے لیے گیا تو انہوں نے کہا کہ آپ تو قرآن مجید کو ہاتھ بھی نہیں لگا سکتے۔ آپ قرآن کو پڑھنے کی بات کرتے ہیں، جبکہ آپ یہ بتائیں کہ آپ نے مسجد میں داخل ہونے کی جرأت کیسے کی؟ مسلمان علماء کو بھی میں یہ پیغام دینا چاہوں گا کہ پاکستان میں مسلمان علماء میں سے بہت کم لوگ تقابل ادیان کا علم جانتے ہیں۔ اس میدان میں بھی آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ جب میں اسلام کا تقابل دوسرے مذاہب سے کر رہا تھا، اس دوران بھی مجھے ایسا عالم بہت مشکل سے مل پایا جس سے تقابلِ ادیان کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا جا سکتا اور سیکھا جا سکتا۔

## انٹرویو نمبر2

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 19 جولائی 2023ء |
| انٹرویو کا وقت | دن 10 بجے |
| موجودہ نام | محمد عبد اللہ فاروقی |
| سابقہ نام | تیِرس پرکاش |
| سابقہ مذہب | ہندو مت |
| تاریخ پیدائش | 1 جنوری 1985ء |
| قبولِ اسلام | نومبر 2001ء |
| موجودہ تعلیم | میٹرک / درس نظامی / تقابلِ ادیان کا ایک سالہ کورس |
| قبولِ اسلام کے وقت تعلیم | میٹرک |
| آبائی علاقہ | اونچہ کلاں، تحصیل ظفروال، ضلع نارووال، پنجاب |
| موجودہ رہائشی علاقہ | نارووال، پنجاب |
| موجودہ ملازمت یا کاروبار | سماجی کارکن |
| موجودہ ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت | غیر شادی شدہ |
| انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ | انفرادی نو مسلم |
| سابقہ مذہبی حیثیت | عام مذہبی انسان |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ میرے سابقہ مذہب میں اُن ہستیوں کو خدا کے ساتھ شریک کیا جاتا تھا جو خود کوئی طاقت نہیں رکھتیں۔ جب میں اپنے لوگوں کو غیر اللہ کی پوجا کرتے دیکھتا تھا تو سوچتا تھا کہ ہمارے اپنے ہاتھ اِن بتوں کو تراشتے ہیں، تو یہ کیسے

عبادت کے لائق ہو سکتے ہیں۔ اِس کے علاوہ ہندو مت کے اَوتاروں کی کہانیاں افسانوی ہیں اور بعض اوقات ایسی غیر مناسب عبارات اُن میں پائی جاتی ہیں کہ جن کو کوئی انسان بھی مجلس میں بیٹھ کر پڑھنا یا سنانا پسند نہیں کرتا۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ میں اپنے اسکول کے زمانے میں تعلیم حاصل کرنے کے دوران اسلامیات کے مضمون میں توحید و رسالت اور دیگر اسلامی تعلیمات پڑھ کر اسلام سے متاثر ہوا۔ اسلام میں ایک ہی خدا کا تصور ہے اور نبیوں کی زندگیوں کے واقعات حقیقت پر مبنی ہیں نہ کہ ہندو مت کے اَوتاروں کی کہانیوں کی طرح افسانوی ہیں۔ اس کے علاوہ اسلام میں آخرت کا تصور ہے۔ اسکول میں تعلیم کے دوران اساتذہ بتاتے تھے کہ مرنے کے بعد آخرت میں انسان جزا اور سزا کا مستحق ہو گا، ایمان والے کامیاب ہوں گے اور کافر لوگ ناکام ہوں گے۔ مجھے اس بات نے بہت متاثر کیا تھا اور میں نے سوچ لیا تھا کہ میں بھی مسلمان ہو کر جنت میں جاؤں گا۔ میں یہ پسند نہیں کرتا تھا کہ ہندو مت کے عقیدے کے مطابق مجھے مرنے کے بعد آگ میں جلایا جائے۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ اسلام قبول کرنے کے بعد میں نے خود کو حقیقت کے قریب پایا۔ اسلام ہی حقیقت ہے۔ باقی سب بے معنی لگتا ہے۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ مجھے مقامی مسجد کے امام صاحب نے کلمہ پڑھایا جن کا تعلق انٹر نیشنل ختم نبوت کی جماعت سے تھا۔

سوال ۵۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ سب سے پہلے تو میرے گھر والوں نے میری برین واشنگ کی، والد صاحب اور بھائیوں نے مجھے یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ میں نے اسلام تو قبول کر لیا ہے مگر مسلمانوں جیسا بن کر کیا کروں گا کیونکہ وہ تو چوری بھی کرتے ہیں، برے کام بھی کرتے ہیں، جھوٹ بھی بولتے ہیں، ان کے اعمال اور اخلاق اچھے نہیں ہیں۔ میں نے کہا کہ میں نے اسلام قبول کیا ہے، آج کل کے مسلمانوں کا طرزِ زندگی قبول نہیں کیا۔ والد صاحب نے مجھے الجھانے کی کوشش کی کہ میں نے چونکہ ان کی مرضی کے بغیر اسلام قبول کیا ہے، لہٰذا اللہ کے ہاں میرا ایمان قبول نہ ہو گا۔ والد صاحب نے مجھے کہا کہ میں نے برادری میں ان کو ذلیل و رُسوا کر دیا ہے۔ اس کے بعد پھر مجھے نظر بند کرنے کی کوشش بھی کی گئی مگر میں فرار پا گیا۔ گھر والوں نے تلاش کیا اور اُس مسجد تک ساری برادری لے کر آ گئے

جہاں میں پناہ گزین تھا۔ مسلمانوں کا بھی ہجوم اکٹھا ہو گیا۔ میرے خاندان والے میری واپسی کا مطالبہ کرنے لگے۔ کافی بحث و تکرار کے بعد مسلمانوں کے ساتھ کئے گئے اس وعدے پر وہ مجھے گھر واپس لے گئے کہ مجھے کوئی نقصان نہ پہنچائیں گے اور نہ ہی تشدد کریں گے۔ جیسا کہ کافر کے وعدے کا اعتبار نہیں ہوتا، خاندان والوں نے مجھے خوب مارا۔ آخر کار دو تین گھنٹے کے بعد مسلمانوں نے محلے سے آکر چھڑایا۔ کچھ دنوں تک گھر والوں نے خوب کوشش کی کہ مجھے واپس ہندو مت میں لے جائیں۔ مجھے مال اور کاروبار کا لالچ بھی دیا۔ جب بات نہ بنی تو والد صاحب نے مجھے گھر سے نکال دیا اور باقی رشتہ داروں نے بھی مکمل بائیکاٹ کر دیا۔

سوال۶۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ الحمدللہ! مسلمانوں نے میرے ساتھ بہت اچھا سلوک کیا، اپنا بھائی سمجھا، سینے سے لگایا اور ہر طرح کا تعاون کیا۔

سوال۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ گھر سے نکالے جانا میرے لیے ایک بہت بڑا مسئلہ تھا۔ میں نہ صرف رہائش کے مسئلے سے دوچار تھا بلکہ گھر والوں سے دُوری، خاص کر والدہ سے دُوری کی وجہ سے جزباتی طور پر بھی تکلیف میں تھا۔ روزگار کے مسائل بھی تھے اور دینی تعلیم بھی حاصل کرنا چاہتا تھا۔

سوال۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ جب مجھے گھر سے نکالا گیا تو میں سیدھا مسجد میں مولانا صاحب کے پاس پہنچا۔ انہوں نے مجھے تسلی دی اور مسجد میں رہنے کے لیے جگہ دی۔ یوں میں مسجد میں رہنے لگا۔ پھر میں دینی تعلیم کے حصول کے لیے تبلیغی جماعت میں چلا گیا اور لاہور سے درسِ نظامی کا کورس مکمل کیا۔ اس کے بعد ایک سال کا تقابلِ ادیان کا کورس مکمل کیا۔ روزگار کے حوالے سے نجی اداروں، ابن مریم اور حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن نے بھرپور تعاون کیا۔

سوال۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ جی، الحمدللہ! دعوتِ اسلام کے حوالے سے خاندان اور برادری کے لوگوں پر محنت جاری ہے۔ ابھی تک خاندان کے 50 افراد نے اسلام قبول کر لیا ہے۔

سوال۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نومسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ جی، غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام اور نو مسلموں کی دینی تعلیم و تربیت کے شعبے میں ادارہ ابنِ مریم کے تحت میں نے اپنی خدمات سر انجام دینے کا آغاز کیا اور اب حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن کے تحت اپنی خدمات سر انجام دے رہا ہوں۔

سوال ۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سر انجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ پوری کوشش ہوتی ہے کہ اسلام کے فائدے کے ہر کام کے لیے حاضر رہوں۔ خصوصی طور پر میں صرف دعوت و تبلیغ اور نو مسلمین کی تعلیم و تربیت کے شعبے سے منسلک ہوں۔

سوال ۱۲۔ بطورِ نو مسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ ان کو میں یہی کہوں گا کہ اللہ پر ایمان لے آئیں، شرک کو چھوڑ کر توحید کو اپنا لیں اور مسلمان ہو جائیں۔ ان کے لیے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں بھی ہدایت نصیب فرمائے جس طرح اللہ تعالیٰ نے مجھے ہدایت نصیب فرمائی ہے۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ مسلمانوں سے کہوں گا کہ جب بھی کوئی نو مسلم آپ کے پاس پناہ لینے آئے تو آپ کو چاہیے کہ اسے کسی قسم کے وعدے پر بھی اس کے خاندان والوں کو واپس نہ کریں۔ اگر واپس کریں گے تو اسے آزمائش میں ڈال دیں گے کیونکہ کافر کے وعدے کا اعتبار نہیں ہوتا۔ غیر مسلموں کے ساتھ بھی اچھا برتاؤ کریں، ان سے نفرت نہ کریں اور نہ ہی انہیں اچھوت سمجھیں، تاکہ وہ آپ کے منفی رویوں کی وجہ سے اسلام سے نفرت نہ کریں۔ دعوتِ دین اور نو مسلمین کے لیے کام کرنے والے وہ نجی ادارے جن سے میں منسلک رہا یا اب تک ہوں، ایسے مزید اداروں کے قیام کی ضرورت ہے۔ خاص کر سرکاری سطح پر ایسے مرکزی اداروں کے قیام کی سخت ضرورت ہے۔ حکومتی سطح پر نو مسلمین کے لیے رہائشی کالونیاں بنائی جائیں، معاشی حل کے لیے ان کو روزگار فراہم کیے جائیں اور انہیں علاج معالجہ کی سہولیات بھی فراہم کی جائیں۔

## انٹرویو نمبر 3

| | |
|---|---|
| **انٹرویو کی تاریخ** | 19 جولائی 2023ء |
| **انٹرویو کا وقت** | دن 11 بجے |
| **موجودہ نام** | سمیرا منظور |
| **سابقہ نام** | سمیرا منظور |
| **سابقہ مذہب** | عیسائیت |
| **تاریخ پیدائش** | 22 دسمبر 1989ء |
| **قبولِ اسلام** | 22 فروری 2017ء |
| **موجودہ تعلیم** | بی ایڈ / ایم اے / مختلف اسلامی کورسز |
| **قبولِ اسلام کے وقت تعلیم** | بی ایڈ / ایم اے |
| **آبائی علاقہ** | لاہور، پنجاب |
| **موجودہ رہائشی علاقہ** | لاہور، پنجاب |
| **موجودہ ملازمت یا کاروبار** | خاتونِ خانہ |
| **موجودہ ازدواجی حیثیت** | شادی شدہ |
| **قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت** | غیر شادی شدہ |
| **انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ** | انفرادی نو مسلم |
| **سابقہ مذہبی حیثیت** | چرچ میں ٹیچر |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ عیسائیت میں بہت سے ایسے معاملات و نظریات تھے جن کو ذہنی طور پر میں سو فیصد غلط تصور کرتی تھی مگر آباؤ اجداد کے مذہب کی محبت میں گرفتار تھی۔ خاص کر تین خداؤں کا تصور جو کہ ایک خدا کی صورت میں موجود تھا، سمجھ سے بالاتر تھا کہ آخر یہ کیسے ممکن ہے؟ پوچھنے پر صرف یہ جواب ملتا تھا کہ جس طرح ٹھوس، مایا اور گیس تین

حالتیں ہیں، اسی طرح خدا بھی تین ہیں۔ عیسائی یہ بھی کہتے ہیں کہ خدا ایک ہے کیونکہ مشرکین کے کئی خدا ہوتے ہیں۔ پھر آخر یہ کیسا ایک خدا ہے جو تین بھی ہے؟ پھر تو مشرکین جیسا عقیدہ عیسائیوں کا بھی ہو گیا۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ اسلام میں ایک خدا کا تصور ہے جو واحد و یکتا ہے، جس کا کوئی شریک نہیں، نہ ہی اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ ہی اسے کسی نے پیدا کیا۔ اسی بات نے مجھے اسلام کی طرف متاثر کیا۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ اسلام قبول کرنے کے بعد میں نے محسوس کیا کہ جیسے مجھ پر کوئی حقیقت کھل گئی ہو جس کے بارے میں پہلے میں لاعلم تھی۔ اسلام ہی حق اور سچ پر مبنی دین ہے۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ مجھے عبدالوارث گِل صاحب نے کلمہ پڑھایا جو حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن کے بانی ہیں۔

سوال ۵۔ بطورِ نومسلمہ آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ والدین نے دھمکایا کہ مجھ پر عدالتی مقدمہ کر دیں گے اور مجھے جان سے مار دیں گے۔

سوال ۶۔ بطورِ نومسلمہ آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ قبولِ اسلام کے بعد میرا تعلق جن جن مسلمانوں سے رہا، سب نے بہت تعاون کیا۔

سوال ۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ گھر سے نکلنے کے بعد رہائش کا مسئلہ تھا، پھر معاشی مسائل بھی درپیش تھے۔ والدین کی دھمکیوں کی وجہ سے جان کے تحفظ کی فکر بھی لاحق تھی۔ میں اپنے خاندان سے کٹ کر الگ تھلگ ہو کر بالکل تنہا رہ گئی تھی۔ دینی تعلیم و تربیت کی بھی کمی تھی۔

سوال ۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ الحمدللہ! مجھے جو مسائل درپیش تھے، ان کا زیادہ سامنا نہیں کرنا پڑا کیونکہ میں ایک سال تک حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن کی نگرانی میں رہی جنھوں نے نہ صرف مجھے رہائش دی بلکہ میری تمام ضرورتوں کا خیال بھی رکھا اور

ابتدائی دینی تعلیم وتربیت کا بھی بندوبست کیا۔ ایک سال کے بعد پھر اسی ادارے کے ذریعے میری شادی ہو گئی۔ جیسے والدین بچوں کے معاملات میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں، ایسے ہی اس ادارے نے میرے لیے کیا۔ ہر طرح کا تعاون کیا۔

سوال ۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکی ہیں؟

جواب۔ ابھی میں خود زیرِ تعلیم ہوں ایک مدرسے میں۔ جب بھی موقع ملے تو پیغامِ حق پہنچانے کی خواہش جاگتی ہے۔

سوال ۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نو مسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سر انجام دے رہی ہیں؟

جواب۔ ایک مدرسے میں ٹیچنگ کی ہے میں نے۔ جیسا کہ میں نے پہلے ذکر کیا کہ ابھی میں خود زیرِ تعلیم ہوں۔

سوال ۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سر انجام دے رہی ہیں؟

جواب۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ ایک نو مسلم کا اسلام قبول کرنا اور قبولِ اسلام کے بعد پیش آنے والی تمام تکالیف کے باوجود دینِ اسلام پر استقامت سے ڈٹے رہنا ہی اپنے آپ میں اسلام کی خدمت ہے، جو نہ صرف مسلمانوں بلکہ غیر مسلموں، دونوں کے لیے ایک مثال قائم کرنا ہے۔

سوال ۱۲۔ بطورِ نو مسلمہ آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گی؟

جواب۔ ان کو میں یہی کہوں گی کہ اللہ پر ایمان لائیں جو ایک ہی خدا ہے۔ اپنے آباؤاجداد کے دین پر غور کریں کہ سچائی کیا ہے اور اگر اس مذہب میں سچائی نہ ملے تو اسلام قبول کر کے مسلمان ہو جائیں کیونکہ یہی ایک سچا مذہب ملے گا۔ ان کے لیے دعاگو ہوں کہ اللہ تعالی انہیں بھی سچائی دکھائے جس طرح اللہ تعالی نے مجھے دکھائی ہے۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلمہ آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گی؟

جواب۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ نو مسلموں کا حوصلہ بڑھائیں اور ان سے دل کھول کر تعاون کریں۔ بہت سارے نو مسلم ایسے بھی ہیں جنہوں نے دس دس سال سے کلمہ پڑھا ہوتا ہے مگر انہیں معلوم نہیں ہوتا کہ انہیں کرنا کیا ہے۔ ایسے نو مسلم زیادہ تر اَن پڑھ ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان کے ساتھ تعاون کی اشدت ضرورت ہے۔ بہت سے نو مسلموں کو مالی مسائل پیش آتے ہیں، ان کے ساتھ بھی تعاون کی اشد ضرورت ہے۔ جس طرح حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن نے میرے ساتھ تعاون کیا، اسی طرز کے دیگر ادارے بھی پاکستان کے مختلف شہروں میں ہونے چاہییں تاکہ نو مسلمین کو ایک پلیٹ فارم مِل سکے جہاں جاکر وہ اپنے مسائل کا حل تلاش کر سکیں۔

## انٹرویو نمبر 4

| | |
|---|---|
| **انٹرویو کی تاریخ** | 19 جولائی 2023ء |
| **انٹرویو کا وقت** | دن 12 بجے |
| **موجودہ نام** | محمد اویس کھوکھر |
| **سابقہ نام** | اویس کھوکھر مسیح |
| **سابقہ مذہب** | عیسائیت |
| **تاریخ پیدائش** | 14 مارچ 1989ء |
| **قبولِ اسلام** | 13 نومبر 2019ء |
| **موجودہ تعلیم** | بی ایس سی |
| **قبولِ اسلام کے وقت تعلیم** | بی ایس سی |
| **آبائی علاقہ** | لاہور، پنجاب |
| **موجودہ رہائشی علاقہ** | لاہور، پنجاب |
| **موجودہ ملازمت یا کاروبار** | لیکچرار |
| **موجودہ ازدواجی حیثیت** | شادی شدہ |
| **قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت** | غیر شادی شدہ |
| **انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ** | انفرادی نو مسلم |
| **سابقہ مذہبی حیثیت** | عام مذہبی انسان |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ عیسائیت میں اچھائی اور برائی کی کوئی تمیز نہیں تھی۔ تین خدا ایک ہی ہیں، یہ بات سمجھ سے بالکل باہر تھی، یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ باپ بیٹا اور روح القدس تینوں ایک ہی خدا ہوں جبکہ یہ الگ الگ تین ہستیاں ہیں۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ اسلام میں ایک خدا کا تصور ہے۔ چونکہ عیسائیت میں رہتے ہوئے بھی ہمیں یہی بتایا جاتا تھا کہ خدا ایک ہے لیکن تینوں خدا مل کر ایک خدا بنتے ہیں جبکہ اسلام میں ایسا کچھ نہیں۔ اسلام میں اگر خدا ایک ہے تو وہ صرف ایک ہی ہے۔ اس کے ساتھ کوئی چیز مل کر اسے ایک نہیں بناتی بلکہ وہ اپنی ذات میں خود ہی ایک ہے۔ اسلام اچھائی اور برائی میں فرق ظاہر کرتا ہے۔ اسلام میں خواتین کو جو مقام حاصل ہے اور خواتین کے لیے جو پردے کا انتظام ہے، اس چیز نے بھی مجھے بہت متاثر کیا۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ مجھے بہت اچھا محسوس ہوا، مکمل سکون اور اطمینان محسوس ہوا۔ خوشی کی ایک ایسی کیفیت ہے جسے میں بیان نہیں کر سکتا۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ میں نے دارالافتا اہل سنت والوں کے ہاتھ پر کلمہ پڑھا جن کا تعلق دعوتِ اسلامی سے ہے۔

سوال ۵۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ جب فیملی والوں کو معلوم ہوا کہ میں مسلمان ہو گیا ہوں تو انہوں نے پوری کوشش کی کہ کسی طریقے سے میں اپنے آبائی مذہب میں واپس چلا جاؤں۔ جب میں نہیں مانا تو فیملی اور برادری نے مکمل بائیکاٹ کر دیا۔ اسلام قبول کیے مجھے پانچ سال ہو چکے ہیں لیکن آج بھی خاندان کے چند ایک افراد کے علاوہ باقی سب کا بائیکاٹ جاری ہے۔

سوال ۶۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ معاشی طور پر تو چونکہ میں اپنے پیروں پر کھڑا تھا، اس لیے مجھے بہت زیادہ مالی تعاون کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ مگر اخلاقی تعاون کے حوالے سے بھی مسلمانوں کا رویہ ویسا نہ تھا جیسا ہونا چاہیے تھا۔ زیادہ تر مسلمانوں کو یہی ڈر ہوتا ہے کہ کہیں نومسلم واپس اپنے آبائی دین میں نہ پلٹ جائیں۔ ظاہر ہے جب اخلاقی طور پر مسلمانوں کا رویہ نومسلمین کے ساتھ درست نہ ہوگا تو کم علم رکھنے والے نومسلمین اکثر و بیشتر اپنے آبائی مذہب کی طرف واپس پلٹ بھی جاتے ہیں۔ الحمدللہ! مجھے اللہ تعالی نے استقامت اور علم سے نوازا تھا، اس وجہ سے میں اپنے ایمان پر قائم رہا۔ مگر کچھ مسلمان ایسے بھی ہوتے ہیں کہ جب انہیں معلوم ہوتا ہے کہ ہمارا فلاں بھائی نومسلم ہے تو وہ بڑھ چڑھ کر مدد کے لیے آگے آتے ہیں۔

سوال۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ مجھے معاشی طور پر تو زیادہ مسائل کا سامنا نہیں کرنا پڑا کیونکہ میں بطورِ لیکچرار اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہوں مگر معاشرتی طور پر مجھے بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑا، مثال کے طور پر اپنے خاندان والوں سے تعلق قطع ہونے کے بعد میں بالکل تنہارہ گیا تھا، مسلمانوں میں سے بھی کوئی اپنانے کو تیار نہ تھا۔ اس کے علاوہ ایک مسئلہ یہ بھی تھا کہ قبولِ اسلام کے بعد مجھے عبادات کے طریقے بھی معلوم نہ تھے۔

سوال۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن نے بھرپور تعاون کیا اور ایک ایسا ماحول مہیا کیا جس میں نہ صرف میری دینی تعلیم و تربیت کی گئی بلکہ اکیلا پن بھی دور کرنے کی کوشش کی گئی۔ ہمیں مختلف تقریبات اور دعوتوں میں مدعو کر کے ہماری معاشرتی زندگی کو بہتر بنانے کی پوری کوشش کی جاتی ہے۔

سوال۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ میں دیگر غیر مسلموں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ اگر اسلام قبول کرنے کا سوچ رہے ہیں تو گھبرائیں نہیں، آگے بڑھیں اور دینِ حق کو قبول کریں، سب کچھ اللہ تعالیٰ بہتر فرمائے گا۔ میں ان کو اپنی مثال دے کر سمجھاتا ہوں۔

سوال۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نو مسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ جی، میری پوری کوشش ہوتی ہے کہ ہر طرح سے ان کے ساتھ تعاون کیا جائے۔

سوال۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ جو غیر مسلم اسلام کی طرف راغب ہو چکے ہوں مگر ابھی انہوں نے اسلام قبول نہ کیا ہو، میں نہ صرف ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں بلکہ اسلام قبول کر کے جو مسلمان ہو چکا ہوتا ہے، ایسے نو مسلمین کی بھی میں مکمل حوصلہ افزائی کرتا ہوں اور ان کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرتا ہوں میں۔ فی الحال تو میں یہی خدمات سرانجام دے رہا ہوں کیونکہ ابھی میں خود اسلام کو سیکھنے کے عمل سے گزر رہا ہوں۔

سوال۱۲۔ بطورِ نو مسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ ان کو میں یہی کہوں گا کہ اپنے اپنے مذاہب کا بھی مطالعہ کریں اور اسلام کا بھی مطالعہ کریں اور یقیناً آپ اسلام کو دینِ حق پائیں گے اور جب حق آپ پر واضح ہو جائے تو اسلام قبول کرنے میں دیر نہ لگائیں۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے ؟

جواب۔ پاکستانی مسلمانوں سے میں کہوں گا کہ جو لوگ بھی اسلام قبول کر رہے ہیں، ان کی مکمل حوصلہ افزائی کریں، ان سے دوری نہ بنائیں بلکہ ان کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آئیں۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ اسلام بہت تیزی سے پھیل رہا ہے، اس لیے نو مسلمین کے لیے کام کرنے والے ادارے بڑی تعداد کو سنبھالنے کے لیے ناکافی ہیں، لہٰذا ایسے مزید ادارے بنانے کی ضرورت ہے۔

# انٹرویو نمبر 5

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 19جولائی2023ء |
| انٹرویو کا وقت | دن2بجے |
| موجودہ نام | چندہ احمد |
| سابقہ نام | چندہ |
| سابقہ مذہب | عیسائیت |
| تاریخ پیدائش | 2مارچ1995ء |
| قبولِ اسلام | 2جولائی2019ء |
| موجودہ تعلیم | گریجوئیٹ |
| قبولِ اسلام کے وقت تعلیم | گریجوئیٹ |
| آبائی علاقہ | لاہور، پنجاب |
| موجودہ رہائشی علاقہ | لاہور، پنجاب |
| موجودہ ملازمت یا کاروبار | خاتونِ خانہ |
| موجودہ ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت | غیر شادی شدہ |
| انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ | انفرادی نو مسلم |
| سابقہ مذہبی حیثیت | Assistant to Pastor |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ میرے نزدیک بائبل ایک بہترین کتاب تھی مگر پھر بھی بہت سارے معاملات، مثلاً طلاق کے مسائل، وراثت کے مسائل، انسانی حقوق و فرائض، ان تمام معاملات میں مجھے بائبل خاموش ملی، جس کی وجہ سے ایسا محسوس ہوتا تھا کہ عیسائیت میں کوئی نہ کوئی کمی باقی ہے، باوجود اس کے کہ میں پاسٹر صاحب کی غیر موجودگی میں چرچ کی پوری

ذمہ داری نبھاتی تھی اور یوتھ کو بائبل پڑھاتی تھی اور چھوٹے بچوں کو پڑھانے والے volunteers کو train بھی کرتی تھی۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ سی ایس ایس کے امتحان دینے کی تیاری کے دوران مجھے قرآن مجید کا مطالعہ کرنے کا موقع ملا تو معلوم ہوا کہ قرآن ایک ایسی کتاب ہے جس میں میرے ہر سوال کا جواب موجود ہے۔ لہٰذا جب میں نے قرآن کا گہرائی سے مطالعہ کیا تو مجھے اس بات کا انکشاف ہو گیا کہ اسلام ہی دینِ برحق ہے اور یوں میں نے اسلام قبول کر لیا۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ خوشی اور سکون کی ایک ایسی کیفیت ہے جسے میں بیان نہیں کر سکتی۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ میں نے حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن کے بانی، جو میرے سگے ماموں ہیں، عبد الوارث گل کے ہاتھ پر کلمہ پڑھا۔

سوال ۵۔ بطورِ نومسلمہ آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ جب میں نے اسلام قبول کیا اور میری فیملی کو پتہ چلا تو انہوں نے میرے ساتھ مکمل بائیکاٹ کر دیا جو میرے لیے بہت زیادہ باعثِ تکلیف رہا۔

سوال ۶۔ بطورِ نومسلمہ آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ ویسے تو مسلمانوں کا رویہ میرے ساتھ بہت اچھا رہا مگر شروع میں مختلف قسم کے مسلمان ملتے ہیں جو ہمیں صرف اپنے عقیدے کے مطابق رہنمائی دیتے ہیں۔ اس لیے آغاز میں مسلمانوں کے اندر فرقہ واریت کی وجہ سے میں بہت زیادہ الجھاؤ کا شکار ہو گئی تھی۔

سوال ۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ قبولِ اسلام کے بعد جب میری فیملی نے مجھ سے بائیکاٹ کیا تو میں بالکل اکیلی رہ گئی تھی۔ وہ وقت میرے لیے بہت تکلیف دہ تھا۔ اس کے بعد پھر مختلف قسم کے مسلمانوں سے واسطہ پڑتا رہا تو کچھ لوگ ایسے بھی تھے جنہوں نے مجھے فرقہ واریت میں الجھا کر رکھ دیا۔ مجھے اسلامی تعلیم و تربیت کے حوالے سے شدید مسائل کا سامنا تھا۔ اس کے علاوہ مجھے معاشی طور پر بھی مسائل درپیش ہوئے اور رہائش کا مسئلہ بھی پیش آیا۔

سوال۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن نے میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔ اس ادارے میں میری دینی تعلیم و تربیت کی گئی، دنیاوی تعلیم کے حصول کے لیے بھی مجھ سے مالی تعاون کیا گیا، مجھے رہنے کو جگہ دی گئی، مجھے جانی تحفظ مہیا کیا گیا اور پوری سیکیورٹی کے ساتھ عدالت میں کاغذی کاروائی کے لیے میرے آنے جانے کا انتظام کیا۔ حال ہی میں میری برادری سے ایک بہن نو مسلم ہوئی تو عدالت جانے تک اس کی سابقہ برادری نہ صرف اس کا پیچھا کرتی رہی بلکہ عدالت کے باہر دھرنا بھی دیا کہ ہماری لڑکی ہمیں واپس چاہیے۔ ایسی صورت میں ہمیں جانی تحفظ کی سخت ضرورت ہوتی ہے جس کا اس ادارے نے ہر لحاظ سے خیال رکھا۔ اس کے علاوہ میری شادی کے معاملات بھی اسی ادارے نے طے کیے اور ان کا انتظام بھی کیا۔

سوال۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکی ہیں؟

جواب۔ میں مستقبل میں غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا ارادہ رکھتی ہوں اسی لیے ابھی میں دعوت دینے کی ٹریننگ حاصل کر رہی ہوں۔

سوال۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نو مسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سرانجام دے رہی ہیں؟

جواب۔ ابھی تو میں خود زیرِ تعلیم ہوں۔ مستقبل میں نو مسلمین کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے خدمات دینے کا ارادہ رکھتی ہوں۔

سوال۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سرانجام دے رہی ہیں؟

جواب۔ عیسائیت کے زمانے میں رہتے ہوئے چرچ کو دی گئی خدمات کی جگہ اب اسلام کو دینے والی خدمات سے بدلنا چاہتی ہوں۔

سوال۱۲۔ بطورِ نو مسلمہ آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گی؟

جواب۔ دیگر مذاہب کے لوگوں کے لیے میرا یہ پیغام ہے کہ قرآن کا ایک دفعہ مطالعہ ضرور کریں۔ قرآن ایک ایسی کتاب ہے جس میں ہر سوال کا جواب موجود ہے، ہر مسئلے کا حل موجود ہے۔ لہٰذا اس کتاب کا مطالعہ کر کے حق اور سچ کو جاننے کی ضرور کوشش کریں۔

سوال۱۳۔ بطورِ نو مسلمہ آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گی؟

جواب۔ پاکستانی مسلمانوں کے لیے میرا پیغام یہ ہے کہ فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر اسلام کی خدمت کریں۔ نو مسلمین کے لئے تحفظاتی ادارے ملک کے مختلف شہروں میں قائم ہونے چاہییں۔ اس کے علاوہ میری درخواست ہے کہ نو مسلمین کی تعلیم و تربیت کے لیے ایسے ادارے کی اشد ضرورت ہے جو کہ خالصتاً تعلیمی ادارہ ہو جیسے کالج یا یونیورسٹی وغیرہ، لہٰذا اس کے قیام کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

# انٹرویو نمبر6

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 30جولائی2023ء |
| انٹرویو کا وقت | رات 8 بجے |
| موجودہ نام | عامر منیر |
| سابقہ نام | عامر منیر |
| سابقہ مذہب | قادیانیت |
| تاریخ پیدائش | 27جنوری1990ء |
| قبولِ اسلام | 27مارچ2017ء |
| موجودہ تعلیم | جامعہ احمدیہ کے علوم کے علاوہ قبولِ اسلام کے بعد مختلف اسلامی کورسز کیے |
| قبولِ اسلام کے وقت تعلیم | مربی کورس / تقابلِ ادیان / ڈی ایچ ایم ایس (تمام جامعہ احمدیہ چناب نگر سے) |
| آبائی علاقہ | چناب نگر (ربوہ)، ضلع چنیوٹ، پنجاب |
| موجودہ رہائشی علاقہ | اسلام آباد |
| موجودہ ملازمت یا کاروبار | سماجی کارکن |
| موجودہ ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ | مع اہلِ خانہ (بیوی بچے تین سال بعد مسلمان ہوئے) |
| سابقہ مذہبی حیثیت | مربی |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنی کتاب "آئینہ کمالاتِ اسلام" میں لکھا ہے کہ اب مکہ اور مدینہ کی چھاتیاں روحانیت کے لحاظ سے خشک ہو چکی ہیں، اب جس نے روحانیت اور فیض کے چشمے دیکھنے ہوں تو وہ قادیان آئے جہاں اُس کو نور اور فیض کے چشمے نظر آئیں گے۔ لہٰذا میں 2016ء میں قادیان حج کرنے چلا گیا۔ دسمبر کی چھبیس، ستائیس اور

اٹھائیس کو ہر سال دس ہزار پاکستانی قادیان حج کرنے جاتے ہیں۔ جب میں وہاں گیا تو میں نے روحانیت کے حوالے سے مکہ و مدینہ اور قادیان کا تقابل کرنا شروع کیا۔ میں نے وہاں دیکھا کہ مرزا غلام احمد کے گھر سے تیسری عمارت ہندوؤں کے مندر کی تھی جبکہ مکہ و مدینہ میں دور دور تک شرکیہ عبادت گاہ کا تصور بھی نہیں۔ پھر جب میں مرزا کی قبر پر گیا تو اتنے سال گزرنے کے باوجود اُس کی قبر سے بدبو کا آنا میرے لیے تعجب کا باعث تھا۔ بس اُدھر ہی میرا دل قادیانیت سے بدظن ہونے لگا اور میں نے قرآن و حدیث اور سیرت کا مطالعہ کرنے کی ٹھان لی۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ قادیان میں جب میں نے روحانیت کی بجائے تعفن کا ماحول پایا تو میں نے فروری 2017ء میں پاکستان آکر قرآن و سنت کا مطالعہ کیا اور احمدیت اور حقیقی اسلام کا تقابل لکھنا شروع کیا۔ ایک ماہ کے بعد مارچ 2017ء میں اپنی تقابلی تحریر کو میں نے مکمل کیا اور اس نتیجے پر پہنچا کہ اسلام ہی سچا دین ہے اور یوں میں نے اسلام قبول کر لیا۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ مجھے اللہ کے فضل سے بہت اچھا محسوس ہوا۔ حق کو پالینا کسے اچھا نہیں لگتا، بہت خوشی کی کیفیت تھی۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ مسلمان ہونے کی سند تو عدالتی کاروائی کے بعد مجھے بادشاہی مسجد، لاہور سے حاصل ہوئی مگر باقاعدہ طور پر میں کسی کے ہاتھ پر مسلمان نہیں ہوا بلکہ میں نے خود ہی برملا اپنے مربی ہونے کے عہدے سے استعفیٰ دیتے وقت تحریری طور پر احمدیت سے اعلان برأت کیا، مسلمان ہونے کا اقرار کیا اور مرزا غلام احمد کو جھوٹا اور کذاب قرار دیا۔

سوال ۵۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ میں ایک سو دس سال کی تاریخ میں اپنے خاندان کا واحد فرد تھا جس نے قادیانیت کو چھوڑنے کا اعلان کیا تھا۔ چونکہ میں ایک مربی تھا اور احمدیوں کا سرکاری عہدہ میرے پاس تھا، تو سب سے پہلے تو میں از خود اس عہدے سے مستعفی ہوا۔ استعفیٰ دینے کے بعد پورے چناب نگر میں یہ بات آگ کی طرح پھیل گئی۔ پھر جب میں گھر پہنچا تو گھر والوں کو پہلے ہی اس بات کی خبر ہو چکی تھی۔ انہوں نے مجھے خوب لعن طعن کیا اور کہا کہ ہم نے تمہیں مربی بنا کر احمدیت کے لیے وقف کر دیا تھا مگر تم نے کیا کر دیا۔ اس کے بعد قادیانیوں کی خصوصی فورس (special force) آکر مجھے لے گئی اور اپنے تہہ خانے میں مجھے قید کر دیا۔ پہلے تو انہوں نے میری خوب برین واشنگ کی اور پھر جب میں اپنے ایمان پر ڈٹا رہا تو مجھے شدید ٹارچر (torture) کیا۔ مجھے ذہنی اور نفسیاتی مریض قرار دیا گیا۔ مجھے

علاج کے نام پر مخصوص قسم کے ٹیکے لگائے جانے لگے جبکہ درحقیقت وہ ٹیکے ذہنی طور پر مفلوج کرنے کے اور slow poisoning کے تھے تاکہ اسلام قبول کرنے کے بعد اگر میں احمدیت کی فائدے کے لیے کام نہ کروں تو اسلام کے فائدے کے لیے بھی کچھ کرنے کے قابل نہ رہوں۔ ان ٹیکوں کی وجہ سے نہ صرف میری ذہنی حالت متاثر ہوئی تھی بلکہ میری آنکھوں کی نظر بھی چلی گئی تھی۔ انہوں نے اپنی طرف سے تو مجھے ختم اور ناکارہ کرنے کی مکمل کوشش کی تھی مگر اللہ نے مجھے بچائے رکھا۔ آخر کار کافی اذیت دینے کے بعد مجھے میرے گھر والوں کے پاس یہ کہہ کر چھوڑ دیا گیا کہ اس کا علاج اب ممکن نہیں۔ وہی گھر والے جو کبھی مجھ سے بہت پیار کیا کرتے تھے، اب ان کا حال یہ تھا کہ وہ میری بات سمجھنے کو تیار نہ تھے اور انہوں نے خود بھی مجھے ذہنی مریض قرار دے دیا۔ والدین، بیوی بچے، باقی رشتہ دار، سب نے ساتھ چھوڑ دیا۔ سب گھر والوں نے لعن طعن شروع کر دی کہ مرزا کو کذاب کہنے کے نتیجے میں یہ اللہ کا عذاب تم پر نازل ہوا ہے۔ پھر اگست 2017ء میں مجھے نہ صرف گھر سے بلکہ چناب نگر سے نکال دیا گیا اور میرا داخلہ وہاں ممنوع کر دیا گیا۔

سوال ٦۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ اسلام تو میں نے قبول کر لیا تھا لیکن میں مسلمانوں میں سے نہ کسی کو جانتا تھا، نہ میرا کسی سے کوئی رابطہ تھا۔ چناب نگر سے نکلنے کے بعد اب میں کہاں جاتا، کس سے بات کرتا۔ اگر کسی مسلمان سے بات کرتا، تو قادیانیوں سے تو پہلے ہی ان کے اندر اتنی نفرت بھری ہوتی ہے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ خود کو سابقہ قادیانی اور نو مسلم تو کہہ رہا ہے مگر اس کے پیچھے یقیناً اس کا کوئی مقصد ہے، یقیناً یہ جاسوس ہے، مگر پھر بھی میں نے کوشش کی کہ کہیں اپنی جگہ بناؤں مگر مجھے کوئی بھی اپنانے کو تیار نہ تھا۔ آخر کار پھر کچھ ایسے مسلمان مبلغین مجھے ملے، جنہوں نے میرے ساتھ کاغذی کاروائی کے تمام تقاضے پورے کرنے میں اور دیگر معاملات میں ہر ممکن تعاون کیا۔

سوال ٧۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ قبول اسلام کے بعد جب میں نے اپنے مربی کے عہدے سے استعفیٰ دیا اور گھر والوں نے بھی تعاون نہ کیا، تو پھر چناب نگر سے نکلنے کے بعد اب میرے پاس روزگار نہ تھا۔ احمدی کمیونٹی کی فورس کی طرف سے جس اذیت سے میں گزرا تھا، ابھی اسی سے ہی نہ نکل پایا تھا کہ میرے سامنے مزید چیلنجز کھل گئے۔ کبھی میں نے زندگی میں کوئی ایسا کام نہیں کیا تھا جس میں زیادہ محنت و مشقت ہو۔ میرے پاس تو مبلغ ہونے کے علاوہ کوئی دوسرا ہنر بھی نہ تھا۔ مسلمانوں میں سے بھی کوئی تعاون کے لئے تیار نہ تھا۔ اللہ پر توکل کرتے ہوئے میں نے محنت مزدوری کرنی شروع کی۔ فروٹ کی ریڑھی لگائی، سبزی کی ریڑھی لگائی، لیکن دینِ اسلام کو چھوڑ کر پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا کہ کل

میرا اسٹیٹس گیا تھا اور آج میرا اسٹیٹس کیا ہے۔ مختلف حالات وواقعات سے گزرا لیکن دل میں ایک ہی خیال آتا تھا کہ یہ دینِ اسلام ہی حق ہے جس کے راستے میں مشکلات آتی ہیں۔ دین اسلام دراصل قربانی کا نام ہے۔ تین سال تک میں اپنے بچوں کو دیکھنے کے لیے ترستا رہا مگر اپنے بچوں سے مل نہیں سکا۔ آخر کار 2020ء میں میرے بیوی بچوں نے مجھ سے رابطہ کیا اور کہا کہ ہم آپ سے ملنا چاہتے ہیں اور اسلام قبول کرنا چاہتے ہیں۔ یوں تین سال بعد میرے بیوی بچوں نے بھی اسلام قبول کر لیا۔ جب انہوں نے اسلام قبول کیا تو ان کو بھی گھر سے نکال دیا گیا۔ اب میرے پاس خود کوئی رہائش نہ تھی۔ میں کبھی میں دربار میں سو جاتا تھا، کبھی مسجد میں سو جاتا تھا، کبھی کسی ریلوے اسٹیشن پر سو جاتا تھا۔ اب جب بیوی بچے میرے پاس آئے تو میرے لیے مسئلہ یہ بن گیا کہ اب میں ان کو کہاں رکھوں۔ اب رہائش کی سخت ضرورت محسوس ہوئی۔ پہلی بات تو یہ کہ کرائے پر مکان لینا میرے معاشی حالات کی وجہ سے میرے لیے ممکن نہ تھا۔ دوسری بات یہ کہ اگر میرے لیے کرائے کا مکان لینا ممکن ہوتا بھی، تب بھی کوئی مسلمان کسی نو مسلم فیملی کو اپنا مکان کرائے پر دینے کے لیے راضی نہیں ہوتا کیونکہ اسے نو مسلم فیملی کی طرف سے دھوکے کا شکار ہو جانے کا خدشہ ہوتا ہے۔ وہ کسی مصیبت میں نہیں پھنسنا چاہتا۔ اسے یہ ڈر بھی ہوتا ہے کہ نو مسلم فیملی کو پناہ دینے کی پاداش میں اسے ان کی سابقہ برادری سے کہیں کوئی نقصان نہ اٹھانا پڑ جائے۔ آخر کار چنیوٹ کے ایک مدرسے میں ایک مولانا صاحب نے ہمیں پناہ دی اور ایک سال تک ہمیں وہاں رہنے کے لیے جگہ دی۔

سوال۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ جب قادیانیوں کی سپیشل فورس مجھے تقریباً ختم اور ناکارہ کر کے میرے گھر میں چھوڑ گئی تھی تو گھر والے میری اس حالت کو مرزا کی صداقت تصور کرتے تھے کہ چونکہ میں نے مرزا کو جھوٹا اور کذاب کہا ہے، اس لیے میں اللہ کے عذاب سے دوچار ہوا ہوں۔ حالانکہ اس واقع کے بعد جب ڈاکٹروں نے میری میڈیکل رپورٹس دیکھیں تو کہنے لگے کہ آپ کو اس قدر زہر دیا گیا ہے کہ ہم حیران ہیں کہ آپ زندہ کیسے ہیں۔ اگلی ہی رات جب میں سویا تو مجھے خواب میں نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی کہ وہ اپنے صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم کے ہمراہ تشریف فرما ہیں۔ ایک عجیب سی کیفیت مجھ پر طاری تھی اور سر میں کافی تکلیف محسوس ہو رہی تھی۔ جب میری آنکھ کھلی تو میں نے دیکھا کہ میری دونوں آنکھوں کی نظر واپس آچکی ہے اور میں بالکل دیکھ سکتا ہوں۔ میں نے اپنے گھر والوں کو بتایا کہ جس کو آپ عذابِ الٰہی کہہ رہے ہیں، وہ اصل میں اللہ کی طرف سے آزمائش تھی اور اب اللہ تعالی نے ایک معجزہ دکھایا ہے کہ میری آنکھیں بالکل ٹھیک ہو گئی ہیں اور میری نظر واپس آگئی ہے۔ اس کے بعد جب مجھے گھر سے اور چناب نگر سے نکال دیا گیا تو میں نے اپنے معاشی مسائل کو محنت مزدوری کے ذریعے

حل کرنے کی کوشش کی۔ رہائش کا کوئی خاص انتظام نہ تھا تو میں کبھی ریلوے اسٹیشن، کبھی دربار، کبھی مسجد میں سو جاتا تھا۔ پھر جب بیوی بچوں نے اسلام قبول کیا تو چنیوٹ کے ایک مولانا صاحب نے ہمیں اپنے مدرسے میں ایک سال کے لیے رہنے کو جگہ دی۔ بہر حال وقت گزرتا گیا اور اللہ تعالی نے آسانی پیدا کی اور کچھ ایسے مسلمان مبلغین کا مجھے ساتھ عطا فرمایا کہ جن کے ساتھ رہ کر میں دعوت و تبلیغ کے شعبے سے منسلک ہوا اور مجھے دینِ اسلام کی خدمت کرنے کا موقع ملا۔ معاشی طور پر بھی اب میں قدرے مستحکم ہو چکا ہوں اور اب میرا بیٹا بھی کمانے لگا ہے۔ اللہ کے فضل سے ایک اچھا سلسلہ چل رہا ہے۔

سوال ۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ جی بالکل، میں چناب نگر جاتا ہوں اور اپنے دوست احباب سے ملاقاتیں کرتا ہوں اور انہیں حقیقی اسلام کی طرف دعوت دیتا ہوں جس کے نتیجے میں اللہ کے فضل سے میرے اٹھارہ دوست مسلمان ہو چکے ہیں۔ تقریباً اٹھاون سے زائد خاندانوں کو میں مسلمان کرنے کا ذریعہ بنا۔ دعوت کے حوالے سے مجھے کافی مسائل کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ احمدی کمیونٹی کی طرف سے میرے اوپر عدالتی مقدمے وقفے وقفے سے دائر کروائے جاتے رہے کہ یہ شخص جو سابقہ مربی ہے چونکہ یہ ہمارے سارے راز جانتا ہے، اس لیے یہ ہمارے لوگوں میں آکر انہیں ہمارے خلاف بغاوت پر ابھارتا ہے اور ہماری احمدی جماعت کے بارے میں نفرت پھیلاتا ہے، لہٰذا انہوں نے مجھ پر دہشت گردی کے مقدمے دائر کرنے شروع کر دیے۔ اللہ کے فضل سے ہر دفعہ قانونی جنگ لڑ کر کامیابی حاصل کی۔ اس کے علاوہ مجھ پر دو قاتلانہ حملے بھی ہو چکے ہیں۔

سوال ۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نو مسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سر انجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ جی بالکل، ہماری مبلغین کی جماعت مختلف تبلیغی اداروں کے ساتھ رابطے میں رہتے ہوئے نہ صرف دعوتِ دین کا کام کرتی ہے بلکہ نو مسلمین کے مسائل حل کرنے میں بھی پیش پیش رہتی ہے۔ میری کوشش جاری ہے کہ میں مستقبل قریب میں نو مسلمین کے لیے ایک دار الکفالہ بناؤں۔

سوال ۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سر انجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ مختلف تعلیمی اداروں میں اسلامی تعلیمات کے حوالے سے لیکچر دیتا رہتا ہوں۔ پہلے قادیانیت میں رہتے ہوئے میں بطور مربی قادیانی مذہب کی تبلیغ کرتا تھا اور اب اللہ کے فضل سے اسلام میں رہ کر میں اسلام کی دعوت و تبلیغ کا کام سر انجام دے رہا ہوں۔

سوال ۱۲۔ بطورِ نو مسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے ؟

جواب۔ تمام غیر مسلموں کے لیے میرا یہ پیغام ہے کہ وہ اسلام کا مطالعہ کریں، اسے پڑھیں، سمجھیں اور دیگر مذاہب کے ساتھ اس کا تقابل کریں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ! یہ حقیقت ضرور ان پر واضح ہو جائے گی کہ اسلام ہی سچا دین ہے۔ جب اسلام قبول کرنے کا خیال دل میں آجائے تو اس بات سے نہ ڈریں کہ آنے والی مشکلات سے کیسے نمٹیں گے، بلکہ اللہ پر توکل کرتے ہوئے اسلام کے اندر داخل ہو جائیں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ! اللہ تعالیٰ مدد فرمائیں گے۔ یہ کام تو ہے ہی قربانی کا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی بہت سی قربانیاں دی ہیں۔ ہماری قربانیاں تو ان کی قربانیوں کے آگے کچھ بھی نہیں ہیں۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے ؟

جواب۔ پاکستانی مسلمانوں کو میں یہ پیغام دوں گا کہ جب کوئی نو مسلم اسلام میں داخل ہو تو اسے تن تنہا اکیلا مت چھوڑیں، اس سے پورا پورا تعاون کریں، اخلاقی طور پر بھی اور معاشی طور پر بھی، اگر دو یا تین ہزار دینے سے وہ مرتد ہونے سے بچ جاتا ہے تو اس سے بڑی بات اور کوئی نہیں کیونکہ بہت سارے غیر مسلم صرف اس وجہ سے مرتد ہو جاتے ہیں کہ وہ اپنے معاشی مسائل اور مسلمانوں کے رویوں کو جھیل نہیں پاتے۔ ہمارے مسلم معاشرے کا یہ المیہ ہے کہ جب بھی کوئی نو مسلم ان کے پاس آتا ہے تو اسے شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ مسلم معاشرہ اسے قبول نہیں کرتا جس کی وجہ سے اسے بہت سے مسائل کا شکار ہونا پڑتا ہے جبکہ پہلے ہی وہ اپنے خاندان سے مکمل طور پر کٹ چکا ہوتا ہے اور جذباتی طور پر پستی کا شکار ہو چکا ہوتا ہے۔ نو مسلموں کی حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ نو مسلمین کو مکمل تحفظ فراہم کرے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات کرے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ مسلمانوں کے ساتھ ساتھ معاشرے میں منافقین بھی پائے جاتے ہیں اور بہت سے مسلمان نو مسلم کی مدد کرنے سے اس لیے کتراتے ہیں کہ کہیں یہ شخص کسی قسم کا کوئی دھوکہ تو نہیں دے رہا۔ کچھ کیسز ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ایک غیر مسلم مال کے لالچ میں اسلام قبول کرتا ہے اور وقتی طور پر وہ لوگوں سے مالی تعاون حاصل کرتا ہے اور مقصد پورا ہونے کے بعد وہ دوبارہ اپنے لوگوں میں واپس چلا جاتا ہے پھر کچھ عرصے کے بعد یہ دیکھا جاتا ہے کہ وہی شخص کسی دوسری مسجد میں مسلمان ہو رہا ہے اور دیگر مسلمانوں سے مالی تعاون حاصل کر رہا ہے مگر ایسے واقعات چند ایک ہیں۔ پوری طرح مکمل تصدیق کے بعد مسلمانوں کو چاہیے کہ حقیقی نو مسلموں کی بھرپور مدد کریں اور انہیں کبھی بھی بے یار و مددگار نہ چھوڑیں۔ بہت سے ایسے خاندان ہیں

جو مسلمان ہونا چاہتے ہیں لیکن صرف اس ڈر سے مسلمان نہیں ہو پاتے کہ مسلمانوں میں سے کوئی انہیں اپنانے والا نہ ہو گا اور اس طرح ان کے لیے بہت سی مشکلات پیدا ہو جائیں گی۔

# انٹرویو نمبر 7

| | |
|---|---|
| **انٹرویو کی تاریخ** | 31 اگست 2023ء |
| **انٹرویو کا وقت** | دن 2 بجے |
| **موجودہ نام** | عبید اللہ سندھی |
| **سابقہ نام** | رام چند |
| **سابقہ مذہب** | ہندو مت |
| **تاریخ پیدائش** | 16 نومبر 1984ء |
| **قبولِ اسلام** | 2003ء |
| **موجودہ تعلیم** | ایم ایس اسلامیات (پی ایچ ڈی اسلامیات جاری ہے) |
| **قبولِ اسلام کے وقت تعلیم** | ایف اے |
| **آبائی علاقہ** | کُنری پاک، ضلع عمر کوٹ، سندھ |
| **موجودہ رہائشی علاقہ** | اسلام آباد |
| **موجودہ ملازمت یا کاروبار** | لیکچرار |
| **موجودہ ازدواجی حیثیت** | شادی شدہ |
| **قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت** | غیر شادی شدہ |
| **انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ** | انفرادی نو مسلم |
| **سابقہ مذہبی حیثیت** | عام مذہبی انسان |

سوال ۱۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ ہندو مذہب سے بیزاری بچپن سے ہی میرے اندر موجود تھی اور اس مذہب میں مجھے کچھ خاص دلچسپی نہیں تھی جو افسانوی کہانیوں پر مبنی ہے اور حقیقت سے بہت دور ہے۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ اسکول کے زمانے میں جب اسلامیات کا مضمون پڑھایا جاتا تھا تو اس وقت سے ہی میں اسلامی تعلیمات سے متاثر تھا۔ خاص طور پر سیرت النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور اسلام کے نظامِ جہاد نے مجھے سب سے زیادہ متاثر کیا۔ لہٰذا جب مجھے معلوم ہو گیا کہ دینِ اسلام ہی حقیقی اور سچا دین ہے تو میں نے اسلام قبول کر لیا۔

سوال۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ مجھے بہت خوشی محسوس ہوئی کیونکہ جنت میں جانے کا جو شوق بچپن سے تھا، وہ پورا ہوتا نظر آیا۔

سوال۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ میں نے ڈاکٹر کمال صاحب کے ہاتھ پر کلمہ پڑھا جن کا تعلق جماعتِ اسلامی سے ہے۔

سوال۵۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ جب میں نے اسلام قبول کیا تو اپنے گھر والوں کے سامنے قبولِ اسلام کا اعلان کرنے سے پہلے ہی میں جماعت اسلامی کی سرپرستی میں پاکستان کے مختلف شہروں میں دینی تعلیم و تربیت کے لیے چلا گیا۔ دو سال تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ میرے آبائی علاقے میں چونکہ زیادہ تر تاجر برادری ہندوؤں کی ہے اور وہاں کے مسلمان غریب غرباء ہیں، لہٰذا سیاسی عزائم کی تکمیل کے لیے سیاسی مسلمانوں کی طرف سے وہاں کے ہندوؤں کو ایک مرکزی حیثیت حاصل ہے اور ہندوؤں کا اثر ورسوخ وہاں زیادہ ہے۔ دو سال بعد جب میں اپنے گھر واپس گیا تو واپس جانے کے بعد وہاں مجھے کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ میرے گھر میں ایک کہرام مچ گیا۔ میرے والدین نے چونکہ یہ منت مانگ رکھی تھی کہ اگر بیٹا گھر آیا تو مندر میں بکرا نذرانے کے طور پر پیش کریں گے، لہٰذا مجھے جبراً مندر لے جایا گیا اور وہاں سجدہ کرنے کو بھی کہا گیا۔ مجھے اس بات پر بہت زور دیا گیا کہ میں اپنی داڑھی کاٹوں اور اپنے دین میں واپس آ جاؤں۔ مجھے گھر میں اگرچہ باقاعدہ طور پر تو قید نہیں کیا گیا تھا مگر دو سے تین لوگ میرے آس پاس ضرور رہتے تھے کہ میں کہیں گھر سے نکل کر فرار نہ ہو جاؤں۔

سوال۶۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ مسلمانوں کی طرف سے مجھے بہت محبت ملی۔ مسلمان دوست احباب اور جماعتِ اسلامی کے لوگوں نے میرا بہت ساتھ دیا۔

سوال۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ رہائش، معاش اور شادی کے مسائل مجھے اس لیے پیش نہیں آئے کہ میں شروع سے ہی جماعتِ اسلامی کے ساتھ منسلک ہو گیا تھا اور اس حوالے سے ان کا تعاون میرے ساتھ رہا تھا۔ اسناد کی تبدیلی کے دوران مجھے حیدر آباد بورڈ کی طرف سے کافی مسائل پیش آئے جو کرپشن اور رشوت سے متعلقہ تھے۔

سوال ۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ جب دو سال بعد میں واپس اپنے گھر گیا تو گھر والوں کے ساتھ میری ہم آہنگی ممکن نہ تھی اور مجھ پر نظر رکھی جانی لگی کہ میں گھر سے فرار نہ ہو سکوں۔ گھر میں کچھ دن گزارنے کے بعد میں نے رات کو فرار ہونے کی کوشش کی تو گیٹ کو اندر سے تالا تھا، لہٰذا دیوار پھلانگ کر میں فرار ہو گیا۔ معاشی اعتبار سے جماعتِ اسلامی والوں نے میرا وظیفہ مقرر کر رکھا تھا اور بعد میں مجھے ٹیوشن پڑھانے کے مواقع بھی ملے۔ میری شادی بھی جماعتِ اسلامی والوں نے کروائی تھی اور اس کا سارا خرچہ بھی انہوں نے اٹھایا۔ اسناد کی تبدیلی میں بھی انہوں نے ہی معاونت کی۔ معاشی، معاشرتی، قانونی، ہر لحاظ سے انہوں نے مجھ سے تعاون کیا۔

سوال ۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ دعوتِ اسلام کا بطورِ خاص تو میں نے آغاز نہیں کیا، مگر ہندو دوستوں اور اپنے گھر والوں سے اسلام کے بارے میں بات چیت کرنا اور ان کو غیر رسمی دعوتِ اسلام دیتے رہنا، یہ سلسلہ پہلے بھی چلتا تھا اور اب بھی چل رہا ہے۔

سوال ۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نو مسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سر انجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ اپنی تعلیم اور معاش کی مصروفیت کی وجہ سے اس طرف توجہ نہیں دے سکا۔

سوال ۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سر انجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ بطورِ لیکچرار، اسلامی تعلیمات کی درس و تدریس کا کام جاری ہے۔

سوال ۱۲۔ بطورِ نو مسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ غیر مسلموں کو میرا یہ پیغام ہے کہ وہ اسلام کی دعوت کو قبول کریں۔ اسی میں انسان کی دنیا اور آخرت کی کامیابی ہے۔ مجھے بڑا دکھ ہوتا ہے کہ اتنے اچھے خاصے لوگ ہیں جو پڑھے لکھے ہیں، مالدار ہیں، خوبصورت ہیں، لیکن اگر وہ اسلام قبول نہ کریں گے تو آخرت میں جہنم کی آگ میں جلیں گے۔ میں یہ چاہوں گا کہ وہ سب بھی جہنم کی آگ سے بچ جائیں۔ ایک دفعہ وہ اسلام قبول کر لیں تو باقی عمل کی توفیق اللہ تعالیٰ بعد میں دے دیتا ہے۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے ؟

جواب۔ میرا پاکستانی مسلمانوں کے لیے پیغام یہ ہے کہ وہ قرآن و سنت کا سمجھ کر مطالعہ کریں۔ عربی زبان پر عبور حاصل کرنے سے ہم براہِ راست قرآن کو سمجھ سکتے ہیں۔ ہمارے جتنے بھی دینی، اخلاق اور معاشرتی مسائل ہیں، ان کی سب سے بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم نے قرآن و سنت کو عملی طور پر چھوڑ دیا ہے۔

## انٹرویو نمبر 8

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 4 دسمبر 2023ء |
| انٹرویو کا وقت | دن 3 بجے |
| موجودہ نام | محمد احمد |
| سابقہ نام | وجے کمار |
| سابقہ مذہب | ہندومت |
| تاریخ پیدائش | 1 جنوری 1997ء |
| قبولِ اسلام | 2018ء |
| موجودہ تعلیم | میٹرک |
| قبولِ اسلام کے وقت تعلیم | مڈل |
| آبائی علاقہ | رحیم یار خان، پنجاب |
| موجودہ رہائشی علاقہ | لاہور، پنجاب |
| موجودہ ملازمت یا کاروبار | فاسٹ فوڈ کمپنی میں ملازم |
| موجودہ ازدواجی حیثیت | غیر شادی شدہ |
| قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت | غیر شادی شدہ |
| انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ | انفرادی نو مسلم |
| سابقہ مذہبی حیثیت | عام مذہبی انسان |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ میں شروع سے ہی ہندو مذہب سے بیزار تھا۔ آباؤ اجداد سے چلتے آرہے روایتی عبادت کے طریقے دل میں کھٹکتے تھے کہ ان بتوں کی پوجا کوئی کیسے کر سکتا ہے جن کو ہم اپنے ہاتھوں سے بناتے ہیں۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ مسلمانوں کے ساتھ ہمیشہ سے ہی اٹھنا بیٹھنا رہتا تھا اور اسلام کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی رہتی تھیں جن سے میں پہلے ہی متاثر تھا۔ ملازمت کی جگہ پر ایک بھائی جیسے دوست اور استاد تھے، انہوں نے مجھے دعوتِ اسلام دی۔ جواباً میں نے کہا کہ ابھی تک تو میں نے اپنے مذہب کو نہیں پڑھا، پہلے میں ہندومت کی کتابیں پڑھوں گا پھر قرآن کا مطالعہ کروں گا، اس کے بعد فیصلہ کروں گا۔ میں نے پہلے ہندومت کے چار وید پڑھے اور پھر قرآن کا مطالعہ شروع کیا۔ پھر اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر میں نے اسلام قبول کر لیا۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ مجھے بہت خوشی تھی اس بات کی کہ میں مسلمان ہو گیا۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ میں نے لاہور کی ایک مسجد میں پیر سید افضال حسین شاہ کے ہاتھ پر کلمہ پڑھا۔ پیر صاحب کا تعلق بریلوی جماعت سے تھا۔

سوال ۵۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ جب میں نے اسلام قبول کیا تو میں اس وقت ملازمت کرتا تھا اور اپنے گھر والوں کے لیے معاش کا ذریعہ تھا۔ اس لیے دو سال تک تو مجھے گھر والوں نے کچھ نہ کہا، صرف برین واشنگ کرتے رہے کہ مسلمان ہو کر کیا کرو گے، مسلمانوں کے اخلاق تو اتنے گرے ہوئے ہیں کہ ہر قسم کا برا کام وہ کرتے ہیں، جھوٹ بولتے ہیں، چوری کرتے ہیں، والدین کی نافرمانی بھی کرتے ہیں، اسی طرح دیگر برائیاں بھی ان میں پائی جاتی ہیں، اگر ہم نے آپ کا ساتھ چھوڑا تو مسلمان بھی آپ کو نہیں اپنائیں گے۔ اب جہاں تک میرا خیال ہے انہوں نے دو سال تک مجھے اس لیے نہیں تنگ کیا کہ ایک تو میں ان کے لیے کمائی کا ذریعہ تھا اور دوسرا وہ اس گمان میں تھے کہ مجھے سمجھا بجھا کر واپس ہندومت میں لے جائیں گے۔ جب میری ملازمت نہ رہی تو میں گھر پر رہنے لگا اور میں نے داڑھی رکھ لی۔ بس اس کے بعد والد صاحب نے بھائیوں سے بلیڈ منگوایا اور کہا کہ اسے پکڑو اس کی داڑھی کاٹنی ہے۔ جب میں رویا تو والد صاحب نے کہا کہ میں تو صرف آپ کو ڈرا رہا تھا اور سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ اپنے مذہب میں واپس آ جاؤ۔ بہر حال والد صاحب نے داڑھی تو نہیں کاٹی مگر مجھے گھر سے نکال دیا۔ میرے گھر والوں نے مجھ پر کسی قسم کا کوئی تشدد نہیں کیا مگر شاید برادری کے خوف سے انہیں مجھے گھر سے نکالنا پڑا۔ میری برادری میں میری منگنی بھی ہو چکی تھی جو مسلمان ہونے کے بعد ٹوٹ گئی۔

سوال۶۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ جن دوست احباب کے ساتھ میں لاہور میں ملازمت کرتا تھا، ان کا رویہ میرے ساتھ بہت اچھا تھا۔ مسلمانوں میں سے ہر اس شخص نے میرے ساتھ تعاون کیا جو مجھے ذاتی طور پر جانتا تھا یا کسی دوست احباب کے ذریعے جانتا تھا۔ وہ مسلمان جن کے ساتھ میری کوئی جان پہچان نہ تھی، انہوں نے تعاون کرنے سے انکار کر دیا۔ میں بطورِ نو مسلم مسلمانوں کی طرف سے نفرت کا شکار تو نہیں رہا مگر جب میں غیر مسلم تھا تو مسلمانوں کی طرف سے اچھوت سمجھا جاتا تھا۔ جب میں مسلمانوں کی طرف سے ایسی نفرت دیکھتا، تو بعض اوقات اسلام قبول کرنے سے رک جاتا تھا۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی ذکر کیا کہ مجھ میں شروع سے ہی اسلام کو اپنانے کا شوق تھا اور میں اسلامی تعلیمات سے متاثر تھا۔ میں نے کئی دفعہ اسلام قبول کرنے کا سوچا مگر مسلمانوں کے رویوں نے مجھے پیچھے دھکیل دیا۔ پھر آخر کار اللہ تعالی نے اسلام کی دولت سے مالا مال کر دیا۔ میرے قبولِ اسلام میں میرے ان مسلمان ساتھیوں کا بہت تعاون ہے جن کے ساتھ میں ملازمت کرتا تھا اور جنہوں نے مجھے اسلام کی حقیقی تعلیمات سے آگاہ کیا تھا۔ ان کا رویہ میرے ساتھ اس وقت بھی اچھا تھا جب میں ایک ہندو تھا۔ ان احباب میں سے ہی ایک نے مجھے میٹرک کروایا، چونکہ اسلام قبول کرنے سے پہلے میں مڈل پاس تھا۔ قبولِ اسلام کے بعد مسلمانوں کی جانب سے میں کچھ عرصہ فرقہ واریت کے مسائل کا بھی شکار رہا۔ اس کے علاوہ ابھی تک مجھے مسلمانوں کے ہاں سے کوئی رشتہ نہیں مل سکا کہ میں شادی کر کے گھر بساتا، صرف اس لیے کہ میں ایک نو مسلم ہوں۔

سوال۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ مجھے جب گھر سے نکالا گیا تو میرے پاس کوئی ذریعہ معاش نہ تھا جس کی وجہ سے معاشی مسائل پیدا ہو گئے۔ رہائش کا مسئلہ بھی پیدا ہو گیا جس کی وجہ سے مجھے کافی پریشانی رہی۔ میں ایک مسجد میں گیا اور سونے کو جگہ مانگی تو مولوی صاحب نے اجازت نہیں دی۔ دوسری مسجد میں گیا تو مولوی صاحب نے معذرت کی اور وجہ یہ بتائی کہ وہ یہاں خود ملازم ہیں اور ڈرتے ہیں کہ کوئی مسئلہ بن گیا تو وہ ذمہ دار قرار پائیں گے۔ میری جگہ کوئی جاسوس یا دہشت گرد بھی نو مسلم ہونے کا بہانہ کر کے مسجد میں رات گزار کر کوئی کاروائی کر سکتا تھا، اس لیے کوئی بھی خطرہ مول نہیں لیتا۔ میں نے اس وقت نو مسلمین کی کفالت کے لیے ایک ادارے کی کمی کو بہت زیادہ محسوس کیا۔

سوال۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ ریلوے اسٹیشن پر جب میں اکیلا بیٹھا رو رہا تھا تو ایک بزرگ ملے جنہوں نے مجھے کھانا کھلایا اور مجھے ایک مدرسے کا پتہ دیا اور کہا وہاں چلے جائیں۔ جب میں وہاں گیا تو وہاں پر تبلیغی جماعت والوں کے ساتھ ملاقات ہوئی۔ میں ان

کے ساتھ دو سال رہا۔ پھر واپس لاہور اپنی پرانی ملازمت والی جگہ پر میں دوبارہ سے ملازمت کرنے لگا۔ ابھی تک میں لاہور میں ہی ہوں اور اللہ کے فضل سے معاشی حالات قدرے بہتر ہو گئے ہیں۔

سوال۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ میں اپنے گھر والوں کو اسی وقت سے دعوتِ اسلام دے رہا ہوں جب سے میرے گھر والوں کو میرے اسلام قبول کرنے کے بارے میں معلوم ہوا۔ اسی وجہ سے میں ان سے رابطے میں رہا۔ والدہ تو بغیر اسلام قبول کیے اس دنیا سے رخصت ہو گئیں مگر والد صاحب اور بہن بھائیوں کو دعوتِ دینِ حق ابھی تک جاری ہے۔ اس حوالے سے والد صاحب پر میں نے کافی محنت کی ہے اور مجھے پوری امید ہے کہ جلد ہی وہ بھی اسلام قبول کر لیں گے۔ ان شاءاللہ!

سوال۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نومسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ اخلاقی طور پر اچھے رویے سے پیش آنا بھی نومسلمین کی ایک بہت بڑی خدمت ہے۔ اگر میں معاشی طور پر ان کی کوئی خدمت کرنے کے قابل نہیں ہوں تو انہیں تبلیغی اداروں کی طرف رہنمائی دیتا ہوں کہ وہاں سے ان کے ساتھ ممکنہ تعاون کیا جائے گا۔ میرے بہت سے تبلیغی دوست احباب ایسے ہیں جو اس حوالے سے ان کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہیں۔

سوال۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ اس وقت تو میرا بنیادی مقصد یہ ہے کہ میں اپنی فیملی کو ساتھ لے کر چلوں تاکہ وہ سب بھی جلد مسلمان ہو جائیں۔ یہی میری اسلام کے لیے خدمت ہو گی کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو میرے ذریعے میرے گھر والوں کو مسلمان کر دے۔

سوال۱۲۔ بطورِ نومسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ میں غیر مسلمانوں سے یہی کہوں گا کہ یہ مت دیکھیں کہ مسلمانوں کی اخلاقی حالت کیا ہے اور وہ کن کن برائیوں کا شکار ہیں بلکہ یہ دیکھیں کہ حقیقی اسلام کیا ہے، قرآن کیا کہتا ہے، سنتِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں کیا ملتا ہے۔ اگر قرآن و سنت کو حق اور سچ پائیں، تو اسلام قبول کر لیں، اس سے قطع نظر کہ مسلمانوں کے رویے اور معاملات کیسے ہیں۔

سوال۱۳۔ بطورِ نومسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ میں پاکستانی مسلمانوں کے لیے یہی پیغام دوں گا کہ وہ اپنے اندر موجود اخلاقی کمزوریوں کو ختم کر کے اپنی اصلاح کریں کیونکہ جب کوئی غیر مسلم اسلام میں داخل ہوتا ہے تو اسے اپنے گھر والوں کی طرف سے مسلمانوں کے رویوں کے طعنے دیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ مسلمان غیر مسلموں سے اپنی نفرت کو بھی ختم کریں کیونکہ بہت سے غیر مسلم مسلمانوں کے رویوں کی وجہ سے اسلام سے بد ظن ہو جاتے ہیں۔ میری یہ درخواست ہے کہ نو مسلمین کے لیے سرکاری سطح پر ایک ایسا مرکزی ادارہ ہونا چاہیے جو نو مسلمین کی کفالت کرے۔ ایسے بہت سے لوگ ہیں جو دین اسلام میں داخل ہونا چاہتے ہیں مگر وہ صرف اس لیے نہیں داخل ہو پاتے کہ انہیں کوئی اپنانے والا نہیں، کوئی سنبھالنے والا نہیں، جبکہ اپنی برادری کو تو وہ پہلے ہی چھوڑنے کو تیار ہو چکے ہوتے ہیں۔ لہٰذا ایک ایسے ادارے کی شدید ضرورت ہے جو سرکاری سطح پر نو مسلمین کو اپنائے، ان کی کفالت کرے اور ان کی ایک ایسی کمیونٹی بنائے جس میں رہتے ہوئے وہ آپس میں معاشرتی تعلقات قائم کر سکیں اور شادی بیاہ کے معاملات طے کر سکیں۔

## انٹرویو نمبر9

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 10 دسمبر 2023ء |
| انٹرویو کا وقت | دن 2 بجے |
| موجودہ نام | محمد سیف اللہ |
| سابقہ نام | بابو مسیح |
| سابقہ مذہب | عیسائیت |
| تاریخ پیدائش | 10 اپریل 1974ء |
| قبولِ اسلام | 1999ء |
| موجودہ تعلیم | ایف اے / قرآن و حدیث کے کورسز |
| قبولِ اسلام کے وقت تعلیم | ایف اے |
| آبائی علاقہ | گجرانوالہ، پنجاب |
| موجودہ رہائشی علاقہ | کراچی، سندھ |
| موجودہ ملازمت یا کاروبار | بے روزگار |
| موجودہ ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ | انفرادی نو مسلم |
| سابقہ مذہبی حیثیت | پادری |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ اسلام لانے سے پہلے میں ایک پادری تھا اور چرچ میں اپنی ذمہ داریاں بخوبی نبھا رہا تھا۔ ایک دفعہ میں نے بلال رضی اللہ عنہ کے قبولِ اسلام کا واقعہ پڑھا تو مجھے شبہ گزرا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک شخص، وہ بھی ایک حبشی غلام اتنی شدید تکالیف اور اذیتوں کو سہہ کر اپنے تبدیل شدہ مذہب پر قائم رہے۔ ایسی شدید تکالیف اور

آزمائشوں کے بعد کوئی بھی شخص اپنے آبائی مذہب میں واپس لوٹ جاتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ مسلمانوں نے یہ ایک فرضی کہانی گھڑی ہو۔ اس کے بعد میں نے رات کو خواب دیکھا کہ مجھے کہا جارہا ہے کہ اٹھو کلمہ پڑھو۔ اگلی رات پھر وہی خواب دیکھا جس میں مجھے اٹھ کر کلمہ پڑھنے کو کہا گیا۔ تیسری رات بھی یہی ہوا۔ اس کے بعد مجھے یہ یقین ہو چلا کہ عیسائیت میں اب تحریف ہو چکی ہے اور اب اسلام ایک سچا حتمی دین ہے۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ مجھے خواب میں ہی اسلام کی حقانیت کے بارے میں انکشاف ہوا جب میں مسلسل تین راتوں کو ایک ہی خواب دیکھتا رہا جس میں مجھے یہی کہا جاتا رہا کہ اٹھو کلمہ پڑھو۔ اس کے بعد اللہ نے اندر سے دل بدل دیا، باوجود اس کے کہ عیسائیت میں رہتے ہوئے میں اسلام کے سخت مخالف تھا۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ اللہ تعالی نے میرے دل کو اندر سے بدل دیا۔ جو سختی پہلے اسلام کے خلاف میرے اندر موجود تھی، اللہ تعالی نے اسے ختم کر دیا اور اسلام کے لیے میرے دل کو نرم کر دیا۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ میں نے کسی کے ہاتھ پر کلمہ نہیں پڑھا بلکہ مجھے میرے تیسری رات کے خواب میں ہی اٹھا کر کلمہ پڑھا دیا گیا اس کے بعد میں نے خود کو مسلمان قرار دے دیا۔

سوال ۵۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ جب میں نے اپنی بیوی، جو ایم بی بی ایس ڈاکٹر تھی، اس پر اپنے مسلمان ہونے کا انکشاف کیا تو اس نے میرے بھائیوں کو بلا کر کہا کہ یہ پاگل ہو گیا ہے جو مسلمان ہونے کی بات کر رہا ہے۔ مسلمان ہونے کی وجہ سے میرے بھائیوں نے پہلے مجھے زنجیر لگائی اور چالیس دن تک پاؤں باندھے رکھے، پھر تشدد کا نشانہ بنایا۔ مجھے مار مار کر میرے دونوں بازو توڑ دیے، زبان کاٹی، گلا کاٹا، پیٹ کاٹا اور اپنی طرف سے قتل کر کے پھینک دیا لیکن اللہ تعالیٰ نے بچا کر نئی زندگی عطا فرمائی۔ اس کے بعد بھی مجھ پر ان کی طرف سے حملہ کیا گیا جس میں دوبارہ اللہ تعالیٰ نے میری حفاظت فرمائی۔ اسی وجہ سے میں اپنے علاقے سے ہجرت کر گیا۔ آج بھی مجھے ان سے جانی خطرہ لاحق ہے۔

سوال ۶۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ کچھ مسلمانوں سے تو مجھے بہت گلہ شکوہ ہے کیونکہ معاملات میں مسلمان بھائی تھوڑے سخت ہیں۔ کچھ لوگوں نے محبت کارویہ بھی دکھایا۔ شروع میں تو میرے اپنے علاقے کے مسلمان چونکہ مجھے جانتے تھے، تو انہوں نے میرے لیے رہائش کا بھی انتظام کر دیا تھا اور مجھے کسی قسم کا کوئی رہائشی مسئلہ نہ رہا تھا مگر میری برادری چونکہ سیاسی اثر و رسوخ والی تھی، انہوں نے میرے گھر پر حملہ کر کے مجھے بھی جانی نقصان پہنچانے کی کوشش کی اور گھر میں بھی کافی توڑ پھوڑ کی تو پھر میں نے وہاں سے ہجرت کر لی۔ اجنبی شہر میں لوگ بھی اجنبی تھے۔ کسی مسلمان سے وہاں کوئی جان پہچان نہ تھی، اس لیے وہ مجھے شک کی نگاہ سے دیکھتے تھے، لہٰذا کوئی تعاون کرنے کو تیار نہ تھا۔ بعد میں بہت اچھے مسلمانوں سے بھی واسطہ پڑا۔ مسلمانوں میں اچھے لوگ بھی ہیں، برے لوگ بھی ہیں۔ بہر حال مسلمانوں ہی کی مہربانی ہے کہ مجھے شادی کے لیے رشتہ دیا اور الحمدللہ! اسی میں سے اللہ تعالیٰ نے مجھے چھ بچیاں عطا فرمائی ہیں۔

سوال۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ جب میرے بھائیوں نے اپنی طرف سے قتل کر کے مجھے پھینک دیا تو مجھے کوئی اٹھانے والا نہیں تھا۔ ہر کوئی میرے قریب آنے سے ڈر رہا تھا کیونکہ میرا ایک بھائی اقلیت کا وزیر بھی تھا۔ بیوی نے چھوڑ دیا، بھائیوں نے جسم ناکارہ بنا دیا، لہٰذا اب کوئی کام نہیں کر سکتا۔ بے روزگاری کی وجہ سے معاشی مسائل کا شکار ہو چکا ہوں۔ اب اللہ ہی کا سہارا ہے۔

سوال۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ اللہ تعالیٰ مولانا اعظم طارق کی مغفرت فرمائے جو تنظیم سپہ صحابہ پاکستان کے سربراہ تھے، اس وقت وہ زندہ تھے جب مجھے قتل کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے پھر مجھے وہاں سے اٹھوایا اور ہسپتال پہنچایا اور میرا علاج کروایا۔ کچھ دعوت و تبلیغ کے شعبے سے تعلق رکھنے والے احباب ملے، جنہوں نے تعاون کیا۔

سوال۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ جی، میری دعوت سے پنجاب کے ستائیس غیر مسلم خاندان مسلمان ہوئے۔ پھر دو غیر مسلم خاندان کراچی میں مسلمان ہوئے۔

سوال۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نومسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ میں نے جن لوگوں کو مسلمان کیا ہوا ہے، وہ بیچارے ایسے پریشان حال ہیں کہ یہ مجھے پتہ ہے یا میرے اللہ کو پتہ ہے لیکن میں کیا کر سکتا ہوں۔ بے روزگار کا جو حال ہوتا ہے وہ مجھے پتہ ہے کیونکہ میں خود بھی معزور ہوں اور بے روزگار ہوں۔ یہ تو اب حکومت کا کام ہے کہ خصوصی طور پر نو مسلمین کو روزگار فراہم کرے۔

سوال ۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ میں فی الحال دعوتِ دین کا کام ہی کر رہا ہوں۔

سوال ۱۲۔ بطورِ نو مسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ غیر مسلموں سے میں یہی کہوں گا کہ جب حق اور سچ آپ پر واضح ہو جائے کہ اسلام ہی دینِ حق ہے تو اسے فوراً قبول کر لیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کو مشکلات پیش آئیں گی لیکن اس سے بڑی نعمت اور کیا ہے کہ اللہ انسان کو دینِ حق نصیب فرمادے۔ دنیا تو بادشاہ کی بھی کٹ جائے گی اور گداگر کی بھی کٹ جائے گی لیکن کامیاب تو وہی ہو گا جو اللہ کے حکم کو مانے گا اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کو اختیار کرے گا۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ میں پاکستان کے مسلمانوں کے لیے یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ جو لوگ بھی دائرہ اسلام میں داخل ہوں، ان کے ساتھ محبت کریں کیونکہ وہ اپنے ماں باپ، بہن بھائی، رشتہ دار، سب کچھ قربان کر کے اسلام میں آتے ہیں۔ پھر ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم ان کو اپنائیں۔ کچھ نو مسلم ایسے بھی ہوتے ہیں کہ مصائب اور مشکلات سے تنگ آ کر کچھ عرصے بعد وہ دوبارہ مرتد ہو جاتے ہیں۔ اس کی وجہ ہم مسلمان ہیں۔ میں تو اس بات سے کبھی کبھی بہت حیران ہو جاتا ہوں کہ ہمارا ایک اسلامی ملک ہے اور اسی میں ایک نو مسلم محفوظ نہیں، نہ ہی اس کی کوئی کفالت کرنے والا ہے۔ میں حکومتِ پاکستان سے یہ درخواست کروں گا کہ جو لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہوں ان کو پورا تحفظ ملنا چاہیے جس کے لیے کوئی ایسا ادارہ ہونا چاہیے جو خصوصی طور پر نو مسلمین کی کفالت اور ان کے مسائل کے حل کا ذمہ دار ہو۔

## انٹرویونمبر10

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 16دسمبر2023ء |
| انٹرویو کا وقت | دن 11 بجے |
| موجودہ نام | عبدالرحمٰن |
| سابقہ نام | مہیندر پرکاش |
| سابقہ مذہب | سکھ مت |
| تاریخ پیدائش | 2اپریل1980ء |
| قبولِ اسلام | 1999ء |
| موجودہ تعلیم | میٹرک / درس نظامی |
| قبولِ اسلام کے وقت تعلیم | میٹرک |
| آبائی علاقہ | دودہ، ضلع سرگودھا، پنجاب |
| موجودہ رہائشی علاقہ | وجھ، تحصیل ساہیوال، ضلع سرگودھا، پنجاب |
| موجودہ ملازمت یا کاروبار | دکاندار(کریانہ سٹور) / امام وخطیب |
| موجودہ ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت | غیر شادی شدہ |
| انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ | انفرادی نو مسلم |
| سابقہ مذہبی حیثیت | عام مذہبی انسان |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ اسکول میں جب میں پڑھتا تھا تو چونکہ اساتذہ سارے مسلمان تھے، دوست بھی سارے مسلمان تھے، وہ پیار محبت بھی کرتے تھے، اس لیے ان کے اخلاق سے متاثر تھا۔ جب مسلمانوں کو نماز پڑھتا دیکھتا تھا تو حیران ہوتا تھا کہ نماز کیسے ان کو دن میں پانچ وقت کی یاد رہتی ہے، تو ان کو دیکھ کر شوق پیدا ہوتا تھا کہ میں بھی مسلمان ہوں گا اور میں

بھی نماز پڑھوں گا۔ اپنے سابقہ مذہب سے کچھ خاص دلچسپی شروع سے نہیں تھی۔ یہی ذہن میں بچپن سے اللہ نے ڈالا ہوا تھا کہ مسلمان ہو جاؤں گا۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ میرے خاندان کے کچھ لوگوں نے مجھ سے پہلے ہی اسلام قبول کر لیا تھا۔ میرے خالہ زاد بھائی جو کہ مفتی بھی ہیں اور کراچی یونیورسٹی سے انہوں نے اسلامک سٹڈیز میں پی ایچ ڈی بھی کر رکھی ہے، وہ مجھ سے پہلے مسلمان ہو چکے تھے اور اکثر مجھے اسلام قبول کرنے کی ترغیب دیتے رہتے تھے۔ جب انہوں نے مجھے باقاعدہ دعوتِ اسلام دی تو میں نے قبول کر لی اور یوں میں مسلمان ہو گیا۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ مسلمان ہونے کے بعد کافی اطمینان محسوس ہوا، دل کو تسلی اور خوشی ملی۔ ساتھ یہ جذبات بھی تھے کہ جیسے مجھے اللہ نے بطورِ مسلمان قبول کیا ہے تو ایسے سارے جتنے بھی غیر مسلم ہیں، خصوصاً میرے گھر والے، رشتے دار، دوست احباب، ان سب کو بھی اللہ تعالیٰ ہدایت نصیب فرمائے اور وہ بھی جہنم کا ایندھن بننے سے بچ جائیں۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ سرگودھا کے مدرسہ جامعہ مفتاح العلوم کے سرپرست اعلی، مفتی محمد طیب سلیم صاحب کے ہاتھ پر میں مسلمان ہوا تھا۔

سوال ۵۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ جب میں مسلمان ہوا تھا تو میرے والد صاحب نے اس وقت وزیرِ اعظم پاکستان کو یہ درخواست بھیجی تھی کہ ہمارا بچہ چھوٹا ہے، نابالغ ہے، تو اسے مسلمان زبردستی کیا گیا ہے، لہٰذا ہماری مدد کی جائے۔ پھر اُوپر سے آرڈر آئے تھے اور مجھے بلایا گیا تھا۔ اس کے علاوہ گھر والوں نے کافی اصرار بھی کیا کہ اسلام چھوڑ دو، بہت سی چیزوں کا لالچ بھی دیا، لیکن اللہ پاک نے عافیت والا معاملہ فرمایا اور استقامت نصیب فرمائی۔ پھر گھر والوں نے کافی عرصہ میرے ساتھ بائیکاٹ کیے رکھا۔ البتہ بعد میں میرا ان سے رابطہ ہونا شروع ہو گیا۔

سوال ۶۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ قبولِ اسلام کے بعد مسلمانوں کا رویہ میرے ساتھ ٹھیک رہا۔ ان کی جانب سے مجھے کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں ہوئی۔ البتہ ہمارے مسلمان بھائیوں میں تھوڑی سی کمی پائی جاتی ہے کہ نومسلموں کے لیے رشتوں کا بہت مسئلہ بنتا ہے۔ انہیں رشتہ دینے کے لیے کوئی مسلمان ہمت نہیں کرتا، کوئی تیار نہیں ہوتا۔ میرے لیے تو کوئی مسئلہ نہیں بنا مگر باقی نومسلمین جن کو میں جانتا ہوں، ان کے لیے رشتے کرنے کا بہت مسئلہ بنا، چاہے اپنا رشتہ کرنا ہو یا چاہے اپنے بچوں کا۔ اس کے علاوہ مسلمان بھائیوں کو ایک خدشہ یہ بھی لاحق ہوتا ہے کہ یہ کوئی جاسوس یا دہشت گرد تو نہیں جو نومسلم بن کر ہمارے درمیان رہتے ہوئے اپنے ناپاک عزائم کو پورا کرنا چاہتا ہو۔

سوال ۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ مجھے اپنا سابقہ نام تبدیل کرنے میں تھوڑی سی پریشانی اٹھانی پڑی۔ جب مجھے سیکنڈری بورڈ سے میٹرک کی سند میں نام تبدیل کروانا تھا، اس وقت میرا باقاعدہ ٹیسٹ لیا گیا اور مجھے کچھ دعائیں سنانے کو کہا گیا۔ یہ بات میرے لیے کافی حیران کن تھی کہ ایک نومسلم جو آغاز میں ابھی پوری طرح فرائض کو بھی نہیں سمجھ پاتا، وہ مسنون دعائیں کیسے سنا پائے گا۔

سوال ۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ میرے ساتھ کسی قسم کا کوئی بڑا مسئلہ نہیں بنا۔ میرا رشتہ بھی مسلمان احباب کی طرف سے جلدی ہو گیا تھا تبلیغی گھرانے میں۔ اب میں شادی شدہ ہوں اور میری بیوی ایک عالمہ ہے۔ البتہ جو درخواست میرے والد صاحب نے وزیرِ اعظم پاکستان کو دی تھی، اس پر جب مجھے بلایا گیا تو میں پیش ہوا۔ میں نے حلفیہ بیان دیا کہ میں خود مسلمان ہوا ہوں، عاقل ہوں، بالغ ہوں، مجھے کسی نے زبردستی مسلمان نہیں کیا، الحمدللہ! وہ کیس بھی ختم ہو گیا تھا۔ معاشی طور پر بھی مجھے زیادہ مسئلہ پیش نہیں آیا کیونکہ میرے چچازاد بھائی پہلے ہی مسلمان ہو چکے تھے اور مفتی بھی تھے۔ ہمارے خاندان میں سے جو بھی مسلمان ہوتا گیا، وہی ان سب کو سنبھالتے گئے۔ انہوں نے میری کفالت کا بھی ذمہ اٹھایا، میری شادی کے اخراجات برداشت کیے اور مجھے پیروں پر کھڑا ہونے کے قابل کیا۔ اللہ کے فضل سے آج میں اپنی کریانے کی دکان چلاتا ہوں۔

سوال ۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ جی میں تبلیغی جماعت کے ساتھ منسلک ہوں اور دعوت و تبلیغ کا سلسلہ جاری ہے۔

سوال ۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نومسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ جی، ہمارے ایک نو مسلم بھائی جو اسلام قبول کرنے کے بعد اپنی فیملی کے ہمراہ سندھ سے ہمارے پاس پنجاب ہجرت کر کے آئے تھے، وہ زیادہ تر بیمار رہتے ہیں۔ میں نے ان کی کفالت کی ذمہ داری اٹھائی ہوئی ہے۔

سوال ۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ میں اپنا مدرسہ چلاتا ہوں جس میں لڑکیوں کو دینی تعلیم سے آراستہ کیا جاتا ہے۔ میرے پاس مسجد کی امامت و خطابت بھی ہے۔

سوال ۱۲۔ بطورِ نو مسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ غیر مسلموں کے لیے میرا یہی پیغام ہے کہ زندگی میں ایک مرتبہ اسلام پر غور ضرور کریں اور جب دل راضی ہو جائے کہ اسلام قبول کرنا ہے تو فوراً قبول کر لیں۔ سب کچھ وقت اور حالات کے ساتھ ساتھ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ میری تمام غیر مسلموں کے لیے دعا بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں بھی ہدایت عطا فرمائے جیسے اللہ تعالیٰ نے مجھے ہدایت عطا فرمائی۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ میں پاکستانی مسلمانوں کو یہ پیغام دینا چاہوں گا کہ نو مسلمین جب اسلام میں داخل ہوتے ہیں تو دل کھول کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ ان کے ساتھ مالی تعاون بھی کریں اور اچھے اخلاق سے بھی پیش آئیں۔ اس کے علاوہ شادی بیاہ کے معاملات میں بھی ان کے ساتھ تعاون کریں۔ وہ اپنا سب کچھ قربان کر کے دینِ اسلام میں داخل ہوتا ہے، اگر مسلمانوں کی طرف سے بھی اسے تسلی بخش رویے نہیں ملیں گے تو پھر وہ واپس اپنے مذہب میں پلٹ جائے گا اور مرتد ہو جائے گا۔ لہٰذا یہ ہم مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ ہم ہر لحاظ سے، ہر موقع پر نو مسلمین کے ساتھ تعاون کریں۔

# انٹرویو نمبر11

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 20دسمبر2023ء |
| موجودہ نام | شفیع اللہ |
| سابقہ نام | گووند رام |
| سابقہ مذہب | ہندومت |
| تاریخ پیدائش | 29اپریل2023ء |
| قبولِ اسلام | 25دسمبر2011ء |
| موجودہ تعلیم | میٹرک / درسِ نظامی |
| قبولِ اسلام کے وقت تعلیم | میٹرک |
| آبائی علاقہ | جام شورو، ڈویژن حیدر آباد، سندھ |
| موجودہ رہائشی علاقہ | سوات، خیبر پختونخواہ |
| موجودہ ملازمت یا کاروبار | امام مسجد |
| موجودہ ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت | غیر شادی شدہ |
| انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ | انفرادی نو مسلم |
| سابقہ مذہبی حیثیت | مندر کا خزانچی |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ ہندو مذہب میں رہتے ہوئے میں نے ایک گھٹن اور بے چینی محسوس کی۔ ایک گمراہی کی زندگی تھی۔ زندگی کا کوئی مقصد نہیں تھا۔ جس طرح جانور زندگی گزارتے ہیں، اس طرح کی ایک زندگی گزر رہی تھی، بس کھانا پینا، کام کاج کرنا اور سو جانا۔ زندگی میں کوئی نظم و ضبط نہیں تھا۔ ہندومت کے رسم و رواج اور طور طریقے، جیسے بتوں کو

سجدہ کرنا، درختوں کو سجدہ کرنا، چاند، سورج، ستاروں، ہاتھی، شیر اور دیگر چیزوں کو سجدہ کرنا، یہ سب میری سمجھ سے باہر تھا۔ اسی لیے میں نے ہندومت کو چھوڑ دیا۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ اسکول میں اسلامیات کے مضمون میں اسلامی تعلیمات کو پڑھتا تھا تو ان سے بہت متاثر ہوتا تھا۔ عقیدہ توحید، سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے واقعات پڑھتا تھا تو جنت میں جانے کا شوق پیدا ہوا اور دوزخ سے خوف کھانے لگا۔ پھر میں نے دیکھا کہ دینِ اسلام میں ایک نظم وضبط ہے اور وقت کی قدر ہے، ایک ایک سیکنڈ قیمتی ہے۔ پھر اللہ نے میرا دل موڑ دیا اور یہ بات مجھے سمجھ آگئی کہ اسلام ہی سچا دین ہے جو زندگی کے اصل مقصد کی پہچان کرواتا ہے۔ لہٰذا اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر میں نے اسلام قبول کر لیا۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ جب میں نے اسلام قبول کیا تو مجھے بہت زیادہ سکون، راحت اور اطمینان محسوس ہوا۔ مجھے ایسا لگا کہ کوئی پہاڑ میرے دل ودماغ سے اتر گیا ہو۔ میرے پاس وہ الفاظ نہیں ہیں کہ میں جن میں اپنی خوشی اور اطمینان وسکون کو بیان کر سکوں۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ رائیونڈ میں تبلیغی جماعت کے ایک مولانا سے ملاقات ہوئی جو سوات کے تبلیغی مرکز کے سربراہ تھے، ان کے ہاتھ پر میں نے اسلام قبول کیا اور میں انہی کی سرپرستی میں یہاں سوات آگیا تھا۔

سوال ۵۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ جب میرے والدین اور بھائیوں کو میرے اسلام قبول کرنے کے بارے میں انکشاف ہوا تو انہوں نے مجھے پہلے تو بہت زیادہ مارا پیٹا، پھر جب انہیں کنفرم ہو گیا کہ اب ہمارا لڑکا ہندومت میں واپس نہیں آئے گا، تو پھر میرے پورے خاندان نے میرے ساتھ بائیکاٹ کر دیا۔

سوال ۶۔ بطورِ نومسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ ہمارے ہاں اچھے مسلمان بھی پائے جاتے ہیں اور برے بھی۔ کچھ مسلمانوں سے مجھے شدید شکوے ہیں، خاص کر جن کا تعلق میڈیا سے ہے۔ بہت سارے مسلمانوں نے میرے انٹرویوز اپنے چینلز کے لیے ریکارڈ کئے۔ ان کو

انٹرویو دیتے وقت میرا مقصد یہ تھا کہ میری کارگزاری سن کر دیگر غیر مسلموں میں اسلام قبول کرنے کی جستجو پیدا ہو، جو لوگ اسلام قبول کرنا چاہتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی ہو اور مسلمانوں میں یہ آگاہی پیدا ہو کہ نو مسلمین متعدد مسائل کا سامنا کرتے ہیں، لہٰذا وہ دل کھول کر نو مسلمین کے ساتھ ہر لحاظ سے تعاون کریں۔ میڈیا والوں نے اس حوالے سے مجھے کافی استعمال کیا اور بجائے اصل مقصد پر لوگوں کو متوجہ کرنے کے، میرے حوالے سے لوگوں میں مالی تعاون کرنے کی مہم چلا دی جبکہ خود انہوں نے میرے ساتھ ذرہ برابر بھی کوئی تعاون نہ کیا۔ اگرچہ میرے مالی حالات بہت اچھے نہ تھے، مگر میں بھکاری نہیں بننا چاہتا تھا۔ ان میڈیا والوں نے اپنے چینلز کی ریٹنگ بڑھانے کے چکر میں مجھے بھکاری بنا کر رکھ دیا۔ حتیٰ کہ میں لوگوں میں مشہور ہو گیا اور میں جہاں بھی جاتا لوگ مجھے پہچان لیتے لیکن مجھے دیکھتے ہی منہ موڑ لیتے اس ڈر سے کہ کہیں میں ان سے کسی قسم کی کوئی مالی مدد نہ طلب کر لوں۔ جب وہ ویڈیوز میرے گھر والوں تک پہنچیں تو میرے والد صاحب نے مجھے فون کیا اور کہا کہ بیٹا! اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کی معاشی حالت بہت زیادہ خراب ہو گئی ہے۔ آپ تو ڈیجیٹل بھکاری بن گئے ہیں، جو انٹرنیٹ کے ذریعے میڈیا پر لوگوں سے بھیک مانگتے پھرتے ہیں۔ کیا آپ نے اسلام قبول کر کے یہی کچھ پایا ہے؟ اگر آپ کو معاشی مدد چاہیے تو آپ میرے پاس آ جائیں، اسلام کو چھوڑ دیں اور اپنے آبائی مذہب کو دوبارہ اپنا لیں، میں آپ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کروں گا۔ والد صاحب کی یہ بات سن کر میرا سر شرم سے جھک گیا اور مجھے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ میں انہیں کیسے بتاؤں کہ اسلام تو برا نہیں ہے لیکن بہت سے مسلمان ایسے ہیں جو اسلام کو بد نام کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ اس بات کا درد ابھی تک مجھے محسوس ہوتا ہے۔

سوال ۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ اسلام قبول کرنے کے بعد مجھے بہت سارے مسائل پیش آئے۔ میں مدرسے میں پڑھتا تھا تو مجھے میری کتابوں کے اخراجات اٹھانے کی طاقت نہ تھی۔ میرے کپڑے، کھانا پینا اور دیگر ضروریات کے اخراجات بھی میرے لیے اٹھانا مشکل تھا۔

سوال ۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ اسلام قبول کرنے کے بعد میں گھر سے بھاگ کر تبلیغی مرکز میں آ گیا تھا۔ رہائش کا مسئلہ تو مدرسے نے حل کر دیا تھا جس میں اسلامی تعلیم و تربیت حاصل کرنے کے لیے میں نے داخلہ لیا تھا۔ معاشی طور پر جو مسائل مجھے درپیش تھے، ان کو اپنی مدد آپ کے تحت میں نے محنت کر کے حل کیا۔ اگرچہ میری تعلیم صرف میٹرک تھی، مگر چھوٹے بچوں کو ٹیوشن پڑھا کر میں نے اپنے معاشی حالات کو بہتر کرنے کی کوشش کی۔ کچھ مسلمان دوست بھی

ایسے ملے جنہوں نے میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا مگر میری کوشش یہ ہوتی تھی کہ میں کسی کا محتاج نہ رہوں اور اپنی مدد آپ کے تحت جتنی محنت کر سکتا ہوں کروں۔

سوال ۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ میں اپنی کمیونٹی اور دیگر غیر مسلموں کے حوالے سے کافی حد تک کوشش کرتا رہتا ہوں کہ انہیں جتنا ممکن ہو سکے اسلامی تعلیمات سے آگاہ کروں۔ اس کے علاوہ میں تبلیغی جماعت سے دعوتِ اسلام دینے کی باقاعدہ تربیت بھی لے رہا ہوں۔

سوال ۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نو مسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ میری یہ خواہش ہے کہ مجھے یہ موقع ملے کہ میں نو مسلمین کو دینی تعلیم و تربیت دینے میں اپنی خدمات سرانجام دے سکوں۔

سوال ۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ جی، میں سوات میں ایک مدرسہ چلا رہا ہوں اور مسجد کا امام بھی ہوں۔

سوال ۱۲۔ بطورِ نو مسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ جو لوگ ابھی تک اسلام میں داخل نہیں ہوئے ان کو میں یہی پیغام دینا چاہوں گا کہ برائے مہربانی اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کیجیے تاکہ آپ پر حقائق واضح ہوں۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ اسلام کو مسلمانوں کے مزاج کے مطابق مت سمجھیے۔ اسلام ایک بہت اچھا دین ہے لیکن چند مسلمانوں کے برے رویوں کی وجہ سے اسلام بدنامی کا باعث بنتا ہے۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ میں پاکستانی مسلمانوں سے یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ ایسے بہت سارے لوگ ہیں جو اسلام سے متاثر ہیں اور اسے قبول کرنا چاہتے ہیں، مگر ان کے پاس کوئی ایسا پلیٹ فارم نہیں ہے جہاں ان کے مسائل کو حل کیا جائے۔ بعض اوقات ان کو دعوت دینے والا بھی کوئی نہیں ہوتا۔ میں یہ درخواست کروں گا کہ تمام مسلمان دعوتِ اسلام کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوئے غیر مسلموں کو اسلام کی طرف بلائیں۔ نو مسلمین کے ساتھ بھی تعاون کریں اور ان کے مسائل کو حل کرنے میں ان کی مدد کریں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ قیامت والے دن ان کا ہاتھ ہمارے گریبان پر

ہو۔ اگر کوئی خود سے دعوت و تبلیغ کا کام نہیں کر سکتا اور نو مسلمین کے مسائل کو حل کرنے میں اسے مشکل پیش آتی ہے، تو کم از کم ان اداروں اور ان جماعتوں کے ساتھ تعاون کریں جو اس کام کے لیے مخصوص ہیں۔

## انٹرویو نمبر12

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 26دسمبر2023ء |
| انٹرویو کا وقت | رات 8 بجے |
| موجودہ نام | محمد آصف |
| سابقہ نام | محمد آصف |
| سابقہ مذہب | قادیانیت |
| تاریخ پیدائش | 6جنوری1975ء |
| قبولِ اسلام | 19مارچ2016ء |
| موجودہ تعلیم | میٹرک |
| قبولِ اسلام کے وقت تعلیم | میٹرک |
| آبائی علاقہ | گوئی، ضلع کوٹلی، آزاد کشمیر |
| موجودہ رہائشی علاقہ | گوئی، ضلع کوٹلی، آزاد کشمیر |
| موجودہ ملازمت یا کاروبار | مزدور |
| موجودہ ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| قبولِ اسلام کے وقت ازدواجی حیثیت | شادی شدہ |
| انفرادی نو مسلم یا مع اہل خانہ | مع اہلِ خانہ (بیوی بچے) |
| سابقہ مذہبی حیثیت | با عمل احمدی |

سوال ا۔ آپ نے اپنا سابقہ مذہب کیوں تبدیل کیا؟

جواب۔ قادیانی چونکہ خود کو مسلمان قرار دیتے ہیں اس لیے بچپن سے ہی ہر قادیانی بچے کے ذہن میں اس بات کو ڈال دیا جاتا ہے کہ اسلام کی صحیح نمائندگی احمدی جماعت ہی کرتی ہے اور غیر احمدی گمراہ اور کافر ہیں۔جب میں نے ہوش سنبھالا تو میں نے محسوس کیا کہ غیر احمدی مسلمانوں میں احمدی مسلمانوں کے لئے شدید نفرت پائی جاتی

ہے۔ اس نفرت نے مجھے یہ سوچنے پر مجبور کر دیا کہ آخر ایسی کون سی بات ہے جس کی وجہ سے یہ نفرت پروان چڑھتی ہے؟ اس بات کی وجہ معلوم کرنے کے لیے میں نے قرآن، حدیث اور سیرت کی کتابوں کا مطالعہ کیا اور بعد میں مرزا غلام احمد قادیانی کی کتابوں کی تعلیمات کے ساتھ ان کا تقابل کیا، تو مجھ پر یہ انکشاف ہوا کہ حقیقت میں تو احمدی ہی گمراہ اور کافر ہیں اور نہ صرف گمراہ اور کافر ہیں بلکہ اسلام کا لبادہ اوڑھے ہوئے اپنی شناخت بطورِ مسلمان کرواتے ہیں۔ یہ لوگ عرب ممالک یا دیگر اسلامی ممالک میں خود کو اہلِ سنت مسلمان کے طور پر رجسٹر کرواتے ہیں اور مغربی ممالک میں خود کو احمدی رجسٹر کرواتے ہیں۔ یہ ایک مذہب نہیں بلکہ ایک بہت بڑا دھوکا ہے۔ لہٰذا جب یہ حقیقت مجھ پر آشکارا ہوئی تو میں نے قادیانیت کو چھوڑ دیا۔

سوال ۲۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کا سبب کیا تھا؟

جواب۔ قران و سنت کی تعلیمات کے ساتھ جب میں نے مرزا غلام احمد قادیانی کی کتابوں میں لکھی گئی تعلیمات کا تقابلی جائزہ کیا، تو مجھ پر یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ اسلام ہی حقیقی اور سچا دین ہے۔ اس لیے میں نے اپنے بیوی بچوں سمیت اسلام قبول کر لیا۔

سوال ۳۔ آپ کو اسلام قبول کرنے کے بعد کیسا محسوس ہوا؟

جواب۔ مجھے بہت خوشی محسوس ہوئی کہ ایک فریب سے مجھے آزادی حاصل ہو گئی اور حقیقی دین حاصل ہو گیا۔

سوال ۴۔ آپ کو کلمہ پڑھانے والے کا تعلق کس ادارے یا جماعت سے ہے؟

جواب۔ میں نے جامعہ مسجد کے امام، مولانا حافظ رفاقت سلطانی صاحب کے ہاتھ پر کلمہ پڑھا جن کا تعلق اہلِ سنت جماعت سے تھا۔

سوال ۵۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ آپ کے غیر مسلم خاندان اور سابقہ مذہب کی کمیونٹی کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ جب میں نے قادیانیت کو چھوڑا اور مسلمان ہوا تو قادیانی برادری نے مجھے یہ لالچ دیا کہ اگر میں قادیانیت میں دوبارہ واپس چلا جاؤں تو مجھے کسی اچھے مغربی ملک میں آباد کر دیا جائے گا۔ جب میں نہیں مانا تو انہوں نے میرے ساتھ مکمل بائیکاٹ کر دیا۔ انہوں نے تھانے میں میرے خلاف درخواستیں دیں اور مجھ پر جھوٹے پرچے درج کروائے۔ کبھی احمدیوں کی کتابوں کی چوری کا الزام لگاتے تھے اور کبھی کسی اور چیز کا۔ میرے بچے جس سکول میں پڑھتے تھے وہاں جا کر میرے بچوں کے ساتھ زدو کوب کیا گیا۔ کئی دفعہ میرا اور میرے اہلِ خانہ کا راستہ روکا گیا اور

ہمیں دھمکایا گیا۔ مختلف محکموں میں اپنے اثر ورسوخ کے ذریعے میرے گھر کی بجلی کاٹی گئی اور میرے گھر کا پانی بند کیا گیا۔ ہر طرح سے تکلیف دینے کی کوشش کی گئی۔

سوال۶۔ بطورِ نو مسلم آپ کے ساتھ دیگر مسلمانوں کا رویہ کس طرح کا رہا؟

جواب۔ قبولِ اسلام کے بعد میرے ساتھ مسلمانوں کا رویہ بہت اچھا رہا اور آج بھی بہت اچھا ہے۔ لیکن مسلمانوں کے اندر منافق بھی موجود ہوتے ہیں جن کے رویے دکھ دیتے ہیں۔

سوال۷۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب۔ پہلے بھی میں محنت مزدوری کرتا تھا اور اب بھی میں محنت مزدوری کرتا ہوں۔ گھر میرا اپنا ذاتی ہے۔ لہٰذا رہائشی یا معاشی طور پر مجھے کسی قسم کے مسائل پیش نہیں آئے۔ مجھے پیش آنے والے مسائل وہی ہیں جو قادیانیوں کی طرف سے تھے۔

سوال۸۔ ان مسائل کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب۔ اللہ تعالی نے استقامت عطا فرمائی اور ڈسٹرکٹ کوٹلی، آزاد کشمیر کے محکمہ پولیس اور ان کے افسران نے میرے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا۔

سوال۹۔ کیا آپ اپنی سابقہ کمیونٹی یا دیگر غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے کا آغاز کر چکے ہیں؟

جواب۔ میں اپنے علاقے میں اپنی کمیونٹی کے لوگوں کو اسلامی تعلیمات کے حوالے سے آگاہی دیتا رہتا ہوں جس کے نتیجے میں اب تک ایک سو آٹھ قادیانی افراد مسلمان ہو چکے ہیں۔

سوال۱۰۔ کیا آپ اپنے جیسے نو مسلموں کے لیے اپنی کوئی خدمات سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ اپنے نو مسلم بھائیوں، خاص کر سابقہ قادیانیوں کے لیے دن رات خدمات سرانجام دے رہا ہوں اور جب تک میری زندگی ہے، ان شاء اللہ! دیتا رہوں گا۔

سوال۱۱۔ کیا آپ دیگر اسلامی خدمات میں سے بھی کوئی سرانجام دے رہے ہیں؟

جواب۔ ابھی تک تو دعوت و تبلیغ اور نو مسلمین کے مسائل حل کرنے کے شعبے سے ہی مختلف جماعتوں کے ساتھ منسلک ہوں۔

سوال ۱۲۔ بطورِ نو مسلم آپ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے ؟

جواب۔ میرا پیغام غیر مسلموں، خاص کر قادیانی افراد کے لیے یہ ہے کہ قرآن و سنت کا مطالعہ کریں۔ اپنے موجودہ مذہب کی تعلیمات اور اسلام کی تعلیمات کا تقابل کریں اور حقائق تک پہنچنے کی کوشش کریں۔

سوال ۱۳۔ بطورِ نو مسلم آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے ؟

جواب۔ پاکستانی مسلمانوں کو میرا یہی پیغام ہے کہ بہت سے غیر مسلم ایسے ہوتے ہیں جو کم علمی کی وجہ سے اور ان پڑھ ہونے کی وجہ سے حقائق تک نہیں پہنچ پاتے۔ بعض اوقات وہ اپنے موجودہ مذہب سے بیزار ہوتے ہیں اور حقیقت تک پہنچنا چاہتے ہیں۔ میری یہ درخواست ہے کہ ان لوگوں تک دعوتِ اسلام کو پہنچایا جائے کیونکہ یہ ہم مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ جب غیر مسلم اسلام قبول کر لیتے ہیں تو ان کے ساتھ بھی بھرپور تعاون کیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے سہارے کے علاوہ وہ اپنے تمام سہارے پیچھے چھوڑ آتے ہیں اور مسلمانوں سے انہیں بہت امیدیں ہوتی ہیں۔

# فصل دوم: نو مسلمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے عہدہ داران کے انٹرویوز

## Demographic Data Sheet

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | |
| انٹرویو کا وقت | |
| ادارے کا نام | |
| عہدہ دار کا نام | |
| عہدہ | |
| تاریخ قیام | |
| رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ | |
| ادارے کا پتہ | |

## انٹرویو کے سوالات برائے عہدہ دارِ ادارہ

1. اس ادارے کے قیام کا مقصد کیا ہے؟
2. یہ ادارہ کیا خدمات فراہم کر رہا ہے؟
3. آپ کے پاس ابھی تک آنے والے نو مسلمین کون کون سے مسائل سے دوچار رہے؟
4. ان کی مشکلات کے حل کے لئے آپ نے کیا کیا؟
5. پاکستانی مسلمانوں کا رویہ ادارے کی طرف کیسا ہے؟
6. اس ادارے کی مستقبل کی منصوبہ بندی کیا ہے؟
7. آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے / گی؟

## انٹرویو نمبر1

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 19جولائی2023ء |
| انٹرویو کا وقت | دن9بجے |
| ادارے کا نام | حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن |
| عہدہ دار کا نام | عبد الوارث گِل |
| عہدہ | بانی / جنرل سیکٹری |
| تاریخِ قیام | 2009ء |
| رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ | رجسٹرڈ |
| ادارے کا پتہ | A-21، بلاک-L، گلبرگ تھری، مین فیروز پور روڈ، لاہور، پنجاب، پاکستان |

سوال ا۔ اس ادارے کے قیام کا مقصد کیا ہے؟

جواب۔ جب میں نے 2006ء میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی توفیق سے اسلام قبول کیا تو اسلام قبول کرنے کے بعد میں اچھا مسلمان بننا چاہتا تھا جس کے لیے مجھے تعلیماتِ اسلام سے اپنے آپ کو آراستہ کرنا تھا۔ میں جس مدرسے یا ادارے میں بھی جاتا تو وہ کہتے تھے کہ آپ آٹھ سال کا درسِ نظامی مکمل کیجئے اور آپ عالم بنیں۔ میں ان سے کہتا تھا کہ میرے اُوپر تو گھر کی ذمہ داریاں ہیں، اگر میں اپنے آپ کو مکمل طور پر مدرسے میں لگا دوں گا تو گھر والوں کے ذہن میں سوال پیدا ہو گا کہ یہ کیسا اسلام ہے کہ جو والدین اور گھر والوں کی ذمہ داری اٹھانے سے دور کرتا ہے؟ اس طرح تو وہ اسلام سے مزید بد ظن ہو جائیں گے جبکہ میری کوشش ہے کہ وہ بھی مسلمان ہو جائیں۔ میں نے متعدد جگہوں پر تلاش کیا کہ کوئی ایسا ادارہ مل جائے جس میں بنیادی اسلامی تعلیمات دی جاتی ہوں جو ایک نو مسلم کے لیے ضروری ہیں مگر مجھے مسلمانوں کے ہاں ایسا کوئی ادارہ نہیں مل سکا۔ یہ میرے لیے ایک دردناک بات تھی کہ ہمارے ہاں جانوروں کی دیکھ بھال اور تحفظ کے ادارے تو موجود ہیں لیکن کوئی ایک بھی ایسا ادارہ نہیں ہے جو نو مسلم کے تحفظ اور ان کی تعلیم و تربیت کے لیے کام کر رہا ہو۔ بہر حال میں نے جیسے کیسے بھی اپنے محلے کی مسجد میں فجر سے پہلے اور عشاء کے بعد دینی تعلیم سیکھنے کا آغاز کیا کیونکہ درمیان کے اوقات میں میری معاشی مصروفیات

ہوتی تھیں۔ اس کے بعد پھر مجھے اس بات کی بہت شدت کے ساتھ ضرورت محسوس ہوئی کہ ہمیں بہر حال نو مسلمین کے لیے ایسے ادارے بنانے چاہییں۔ حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن کے معرض وجود میں آنے کے پیچھے بنیادی مقصد یہی تھا کہ ایک ایسا ادارہ بنایا جائے جس میں اسلام میں داخل ہونے والوں کی نہ صرف اسلامی تعلیم و تربیت کا بیڑا اٹھایا جائے بلکہ ان کے معاشی، معاشرتی اور قانونی مسائل کے حل کے حوالے سے بھی انھیں تحفظات فراہم کی جائیں۔ لہٰذا ہم نے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی توفیق سے ۲۰۰۹ء میں حقوق الناس ویلفئیر فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی اور اس کا باقاعدہ آغاز ۲۰۱۰ء میں ہوا۔

سوال ۲۔ یہ ادارہ کیا خدمات فراہم کر رہا ہے؟

جواب۔ ہمارے ادارے کا سب سے پہلے شروع کیا گیا کام دعوت و تبلیغ کا ہے جس کا باقاعدہ یہاں ایک شعبہ ہے۔ جب ہم غیر مسلموں میں دعوت کا کام کرتے ہیں اور اسلام کی صداقت اور اس کی سچائی کا پیغام پہنچاتے ہیں تو لوگ بات سنتے ہیں اور اس کے بعد پھر جن لوگوں کے کچھ اشکالات ہوتے ہیں، وہ سوالات کرتے ہیں تو ہم ان کو حکمت کے ساتھ جوابات دیتے ہیں۔ بعض اوقات ہم انہیں دعوت پر بھی بلاتے ہیں اور اس کے بعد پھر جب وہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی توفیق سے اسلام قبول کر لیتے ہیں، تو ہم ان کو اسلامی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ معاشی، سماجی اور قانونی تحفظ بھی فراہم کرتے ہیں۔ الحمدللہ! ابھی تک اس ادارے کے تحت تقریباً تین ہزار لوگ مسلمان ہو چکے ہیں۔

سوال ۳۔ آپ کے پاس ابھی تک آنے والے نو مسلمین کون کون سے مسائل سے دوچار رہے؟

جواب۔ قبولِ اسلام کے بعد لوگوں پر تشدد کیا جاتا ہے، ان کو نظر بند کیا جاتا ہے، ان کو ان کے گھروں سے نکال دیا جاتا ہے۔ ذاتی سامان اور جائیداد پر قبضہ کر لیا جاتا ہے۔ اگر وہ اپنی کمیونٹی میں ملازمت کر رہے ہوں تو وہاں سے نکال دیے جاتے ہیں۔ اگر ان کے بچے مشنری اسکولوں میں پڑھتے ہوں تو بچوں کی تعلیم سے ان کو ہٹا دیا جاتا ہے۔ معاشرے میں عیسائی مشنریز کے ایسے ادارے موجود ہیں کہ جو باقاعدہ طور پر اسلام قبول کرنے والوں کو تنگ کرتے ہیں، ان کو غیر قانونی مسائل میں دبا دیا جاتا ہے، ان کو سیاسی سرگرمیوں میں پھنسا دیا جاتا ہے، ان کے اوپر چوری کے الزامات لگا دیے جاتے ہیں، گستاخی مذہب کے الزامات لگا دیے جاتے ہیں اور مختلف جھوٹے عدالتی مقدمات میں ان کو پھنسا دیا جاتا ہے۔ اغوا کروا لیا جاتا ہے۔ میرے سامنے کراچی کے رہائشی ایک خاندان کا کیس آیا جو میاں بیوی اور ڈیڑھ سالہ بچے پر مشتمل تھا۔ اس شخص نے ایک نو مسلمہ سے شادی کی۔ نو مسلمہ کے خاندان والوں کے ساتھ قانونی جنگ جیتنے کے بعد دونوں ہنسی خوشی زندگی بسر کرنے لگے۔ اللہ نے ان کو ایک بیٹے سے بھی نوازا۔ جب وہ بچہ قریباً ڈیڑھ سال کا ہوا تو نو مسلمہ کے خاندان والوں نے اس کی فیملی سے رابطہ کیا کہ وہ سب

کچھ بھول کر اپنی بیٹی، داماد اور نواسے کے ساتھ ایک نئی زندگی کا آغاز کرنا چاہتے ہیں۔ ایسے میں اس فیملی نے ان کو خوش آمدید کہا اور کچھ دنوں تک دونوں خاندانوں کا آپس میں آنا جانا اور میل جول خوشگوار طریقے سے جاری رہا۔ ایک دن بیوی اکیلے اپنے میکے گئی اور پھر کبھی لوٹ کر نہ آئی۔ شوہر نے جب بیوی کے خاندان والوں سے رابطہ کیا اور اپنی بیوی کے بارے میں دریافت کیا تو وہ نہ صرف اس بات سے انکاری ہو گئے کہ بیٹی ان کے گھر آئی تھی بلکہ داماد کے ساتھ تلخ رویہ اور گالم گلوچ پر اتر آئے اور پرانی باتوں کے نہ صرف اسے طعنے دینے لگے بلکہ اس کی بیوی کی گمشدگی پر طنز کرنے اور اپنی خوشی اور کلیجے کی ٹھنڈک کا اظہار بھی کرنے لگے۔ شوہر نے بیوی کی گمشدگی کا پرچہ درج کروایا اور بیوی کے خاندان والوں پر اپنا شک بھی ظاہر کیا، مگر کوئی ٹھوس ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے آج تک اس کیس کا کوئی نتیجہ اخذ نہ ہو سکا اور وہ چھوٹا سا بچہ اپنے باپ کے پاس بن ماں کے ہی رہ گیا۔ اسی طرح ایک نو مسلم بہن کو اس کے گھر والوں نے نظر بند کر کے کچھ عرصہ بعد اپنی کمیونٹی میں اس کی زبردستی شادی کروادی۔ اس طرح کے متعدد کیسز سامنے آتے ہیں اور ہر کیس کی نوعیت مختلف ہوتی ہے۔ پھر اس کے بعد نومسلمین کی شادی بیاہ کے معاملات ہوتے ہیں۔ شادی بیاہ کا مسئلہ بھی نومسلمین کے لیے ایک سنگین نوعیت کا ہے۔ اس سلسلے میں جب میری ایک مسلمان صاحب سے گفتگو ہوئی تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ آپ نومسلم سے شادی کی بات کر رہے ہیں جبکہ ہم تو پیدائشی مسلمانوں میں اگر اپنی ذات کے علاوہ دوسری ذات میں شادی کر لیں تو خاندان والے بائیکاٹ کر دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ تعلیم و تربیت کے مسائل ہوتے ہیں، معاشی و معاشرتی معاملات بھی ہوتے ہیں، قانونی معاملات میں کاغذی کاروائی کے مسائل اور جانی و مالی تحفظ کی عدم موجودگی کے مسائل ہوتے ہیں۔

سوال ۴۔ ان کی مشکلات کے حل کے لئے ادارے نے کیا کیا؟

جواب۔ الحمدللہ! حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن نے پاکستان میں پہلی بار نیو مسلم کانفرنس منعقد کروائی۔ اس کانفرنس میں ہم نے نومسلمین کے مسائل پر بات کی اور ان مسائل کے حل کے لیے کوشاں اداروں کی ناکافی تعداد کی وجہ سے مزید اداروں کے قیام پر زور دیا، یہ باور کروایا کہ یہ امت مسلمہ کی بنیادی ذمہ داریوں میں سے ایک اہم ذمہ داری ہے اور اس کمی کو پورا ہونا چاہیے۔ حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جو پہلی ترجیح ہے وہ نومسلمین کی اسلامی تعلیم اور تربیت ہے۔ ظاہر ہے کہ جو لوگ اپنے آپ کو تعلیم و تربیت حاصل کرنے کے لیے لگاتے ہیں، کھپاتے ہیں، پھر ان کے جو دیگر مسائل ہیں وہ بھی ہماری ترجیح بن جاتے ہیں۔ اس وقت بھی ہزاروں نومسلم یہاں زیرِ تعلیم ہیں۔ اگر رہائش کا مسئلہ ہو تو ہم اس کا بھی انتظام کرتے ہیں۔ پھر معاشی اعتبار سے نومسلمین کو مستحکم کرنے کے لیے ان کی ملازمت اور چھوٹے پیمانے پر کاروبار کو شروع کرنے میں ان کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ پھر جو سابقہ کمیونٹی کی طرف سے ان کو جھوٹے مقدمات میں پھنسا دیا جاتا ہے، اس میں بھی ہم ان سے لیگل تعاون کرتے ہیں، کورٹ

کچہری تک آنے جانے میں قانونی تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ جب نو مسلمین اپنے خاندان والوں سے کٹ جاتے ہیں تو ایک احساس کمتری میں مبتلا ہو جاتے ہیں، پھر اس کا حل ہم نے یہ کیا کہ ہم نے ان کی ایک اپنی کمیونٹی بنادی ہے اور ہم مہینے میں ایک دفعہ سب کو جمع کر کے ان کی اکٹھی غیر رسمی ملاقات رکھتے ہیں، کھانا اکٹھے کھاتے ہیں۔ کمیونٹی کے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپس میں شادی بیاہ بھی کریں۔ اس کے بعد پھر ان کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے معاملات میں بھی تعاون کرتے ہیں۔ لیکن ہماری ترجیح وہ لوگ ہوتے ہیں جو اپنی تعلیم و تربیت کے حصول میں دلچسپی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ باقی لوگوں کی بنیادی ضروریات کو بھی ہم دیکھتے ہیں لیکن ترجیحی بنیادوں پر وہی ہوتے ہیں جو ہمارے سٹوڈنٹس ہوں۔

سوال۵۔ پاکستانی مسلمانوں کا رویہ ادارے کی طرف کیسا ہے؟

جواب۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے سوا کوئی الہٰ نہیں ہے، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں ہے، قرآن کے بعد کوئی کتاب نہیں ہے، اسی طرح امتِ مسلمہ جیسی کوئی امت بھی نہیں ہے۔ آج تک ہم نے جو کام بھی کیا ہے اپنے مسلمان بھائیوں کی معاونت سے کیا ہے۔ اس ادارے کی جو کامیابی و کامرانی ممکن ہے تو اللہ کی طرف سے توفیق کے بعد امتِ مسلمہ کا اس میں بھرپور کردار ہے۔

سوال۶۔ اس ادارے کی مستقبل کی منصوبہ بندی کیا ہے؟

جواب۔ ان شاءاللہ! ہمارا جو مستقبل کا منصوبہ ہے، وہ نیو مسلم کمپلیکس ہے۔ یہ قریب چھ کنال کا پراجیکٹ ہے۔ اس میں جو چیزیں شامل ہوں گی ان میں مسجد ہے، تعلیمی انسٹیٹیوٹ ہے، اسکول ہے، ہنر سیکھنے کا سینٹر ہے۔ یہ ایک مکمل پیکج ہو گا جس میں نئے آنے والے نو مسلم افراد یا خاندانوں کو ایک سال کے لیے رکھا جائے گا۔ ایک سال میں نہ صرف وہ اچھے مسلمان بنیں گے بلکہ وہ اچھے داعی بن کر سوسائٹی کو اپنی خدمات بھی پیش کر سکیں گے۔ ہمارا دوسرا منصوبہ یہ ہے کہ حقوق الناس ویلفیئر فاؤنڈیشن کے ذیلی دفاتر پاکستان کے مختلف شہروں میں قائم کیے جائیں۔ ایک خواب یہ بھی ہے کہ نیو مسلم ہاؤسنگ پراجیکٹ شروع کیا جائے۔

سوال۷۔ آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ ہمارے معاشرے میں لاکھوں کی تعداد میں لوگ اسلام قبول کرتے ہیں اور کوئی ایک ادارہ ان کی ضروریات پوری نہیں کر سکتا۔ لہٰذا میری درخواست ہے پاکستانی مسلمانوں سے کہ ہم میں سے ہر مسلمان کو اپنی ذات میں انصار بننا پڑے گا۔ الحمدللہ! ہم پاکستانی ایک بہت اچھی قوم ہیں۔ اچھے برے لوگ ہر جگہ اور ہر ملک میں پائے

جاتے ہیں، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ پاکستانی قوم میں بہت استعداد ہے۔ میری ان سے درخواست یہ ہے کہ چونکہ جب کوئی اسلام قبول کرتا ہے وہ اپنے ماں باپ، بہن بھائی، رشتہ دار، خاندان، اپنا گھر بار، اپنی ذاتی املاک، سب اللہ کی راہ میں قربان کر دیتا ہے، تو ان کا احساس کیا جائے، ان کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آیا جائے، ان کے سروں پر دستِ شفقت رکھا جائے، تاکہ ان کی حوصلہ افزائی ہو اور ان کے لیے تسلی بخش معاملہ ہو۔

## انٹرویو نمبر2

| | |
|---|---|
| **انٹرویو کی تاریخ** | 3 اگست 2023ء |
| **انٹرویو کا وقت** | دن 2 بجے |
| **ادارے کا نام** | النور ریفارمنگ سنٹر |
| **عہدہ دار کا نام** | نور اللہ رشیدی |
| **عہدہ** | بانی/ڈائریکٹر |
| **تاریخ قیام** | 2017ء |
| **رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ** | غیر رجسٹرڈ |
| **ادارے کا پتہ** | گلی نمبر 2، مدینہ ٹاؤن، ترنول، اسلام آباد، پاکستان |

سوال ۱۔ اس ادارے کے قیام کا مقصد کیا ہے؟

جواب۔ چونکہ ہمارے ملک میں باقاعدہ طور پر دعوتِ اسلام اور نو مسلمین کی اسلامی تعلیم و تربیت اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی مرکزی ادارہ موجود نہیں ہے، لہٰذا النور ریفارمنگ سنٹر بنانے کا مقصد یہ تھا کہ دعوتِ اسلام کے نتیجے میں قبولِ اسلام کے بعد نو مسلمین کی تعلیم و تربیت کی جا سکے، ان کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کیے جا سکیں اور ان کے لیے ماہانہ اور سالانہ بنیادوں پر تقریبات منعقد کی جا سکیں جن میں نو مسلمین اور پیدائشی مسلمانوں، دونوں کو شرکت کی دعوت دی جائے تاکہ ان کا آپسی خلاء دور کیا جا سکے، دیگر مسلمانوں کو نو مسلمین کے مسائل سے آگاہی دی جا سکے اور ان مسائل کو حل کرنے کے لیے اقدامات لیے جا سکیں۔

سوال ۲۔ یہ ادارہ کیا خدمات فراہم کر رہا ہے؟

جواب۔ بنیادی طور پر یہ ایک تبلیغی ادارہ ہی ہے۔ اس ادارے کے تحت نہ صرف دعوتِ اسلام کا کام کیا جاتا ہے بلکہ قبولِ اسلام کے بعد نو مسلمین کی تعلیم و تربیت بھی کی جاتی ہے، ان کی فلاح و بہبود کے لیے بھی ممکنہ کوششیں کی جاتی ہیں۔ مسلمانوں کو دعوتِ دین دینے کے اسلوب بھی سکھائے جاتے ہیں اور اس کام کے لیے باقاعدہ طور پر انہیں تربیت دی جاتی ہے۔ الحمدللہ! اب تک میرے ہاتھ پر دو ہزار سے زائد غیر مسلم اسلام قبول کر چکے ہیں۔

سوال ۳۔ آپ کے پاس ابھی تک آنے والے نو مسلمین کون کون سے مسائل سے دوچار رہے ؟

جواب۔ قبولِ اسلام کے بعد لوگوں کے ساتھ متعدد مسائل پیش آتے ہیں۔ ان پر تشدد کیا جاتا ہے، ان کو ان کے گھروں سے نکال دیا جاتا ہے۔ ذاتی جائیداد اور گھر پر قبضہ کر لیا جاتا ہے۔ چونکہ ان کے اپنے علاقے میں ان کے لیے رہنا مشکل ہو جاتا ہے، لہٰذا وہ ہجرت کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنی ملازمت یا کاروبار وہاں سے چھوڑ آتے ہیں اور یوں معاشی مسائل کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کی برادری کی طرف سے ان پر جھوٹے مقدمات بھی دائر کئے جاتے ہیں۔ اسلامی تعلیم کے فقدان کے مسائل بھی ہوتے ہیں، شادی بیاہ کے مسائل بھی ہوتے ہیں۔ بہت سے نو مسلموں کو جان کا خطرہ بھی رہتا ہے۔ میرے ہاتھ پر حیدرآباد، سندھ کا ایک سابقہ ہندو پجاری مسلمان ہوا۔ اس کے شاگردوں کی تعداد پانچ سو سے زائد تھی۔ جب وہ بچایا فقیر سے محمد قاسم ہوا تو مسلمان ہونے کے بعد اسے انہی ہندوؤں سے شدید جانی خطرات لاحق ہوئے جو کبھی اس کے چیلے ہوا کرتے تھے۔

سوال ۴۔ ان کی مشکلات کے حل کے لئے ادارے نے کیا کیا؟

جواب۔ ادرے کی طرف سے نو مسلموں کی دینی تعلیم و تربیت کا انتظام کیا جاتا ہے۔ ان کو معاشی طور پر مستحکم کرنے کے لیے ان کے ساتھ مالی تعاون کیا جاتا ہے۔ ان کی شادی بیاہ کے حوالے سے دیگر مسلمانوں کے اندر سوچ اجاگر کی جاتی ہے اور آگے آنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ نو مسلموں کو علاج معالجہ کی سہولیات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ ہم نے کچھ وکلاء پر مشتمل اپنی ایک لیگل ٹیم تشکیل دے رکھی ہے جو نو مسلمین کے قانونی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ ادارہ ایک اشاعتی ادارے کے طور پر بھی کام کر رہا ہے اور ایسی کئی کتب شائع کر چکا ہے جس میں غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دینے اور نو مسلمین کے مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے عوام الناس میں آگاہی پیدا کی گئی ہے۔ ان کتب میں سے تقریباً اکیس کتب میری اپنی تصنیف کردہ ہیں۔

سوال ۵۔ پاکستانی مسلمانوں کا رویہ ادارے کی طرف کیسا ہے؟

جواب۔ الحمدللہ! پاکستانی مسلمانوں کا رویہ ہمارے ادارے کی طرف معاونت سے بھرپور ہے۔ زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ اس نیک کام میں ہم سے تعاون کرتے ہیں۔

سوال ۶۔ اس ادارے کی مستقبل کی منصوبہ بندی کیا ہے؟

جواب۔ ان شاء اللہ ! ہماری پوری کوشش ہے کہ دعوت و تبلیغ اور نو مسلمین کی فلاح و بہبود کی مہم کو پورے ملک میں مزید بڑھائیں اور ایسے افراد تیار کریں جو دینِ اسلام کے حوالے سے ملکِ پاکستان کی خدمت کر سکیں اور نو مسلمین کے مسائل کو اپنا اجتماعی مسئلہ سمجھتے ہوئے ان کے حل کے لیے کوشاں رہیں۔

سوال ۷۔ آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے ؟

جواب۔ پاکستانی مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اپنے سیاسی و فقہی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی اور اسلام کی سربلندی کے لیے کام کریں۔ یہ امتِ مسلمہ کی ذمہ داری ہے کہ غیر مسلموں کو دعوتِ اسلام دیں تا کہ غیر مسلم بھی اسلام میں داخل ہو کر دنیا و آخرت میں کامیاب ہو جائیں۔ قبولِ اسلام کے بعد نو مسلموں کو پیش آنے والے مسائل میں بھی ان سے بھرپور تعاون کریں۔

## انٹرویو نمبر 3

| | |
|---|---|
| انٹرویو کی تاریخ | 2 دسمبر 2023ء |
| انٹرویو کا وقت | دن 3 بجے |
| ادارے کا نام | شعبہ تبلیغ تحفظِ ختم نبوت مجلس احرارِ اسلام |
| عہدہ دار کا نام | محمد آصف |
| عہدہ | نائب ناظم |
| تاریخ قیام | 29 دسمبر 1929ء |
| رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ | رجسٹرڈ |
| ادارے کا پتہ | 69-بلاک C، حسین سٹریٹ، وحدت روڈ، نیو مسلم ٹاؤن، لاہور، پنجاب، پاکستان |

سوال ۱۔ اس ادارے کے قیام کا مقصد کیا ہے؟

جواب۔ چونکہ یہ ادارہ قیام پاکستان سے پہلے ہی لاہور میں وجود میں آیا تھا، اس لیے اس وقت متحدہ ہندوستان میں جس طرح کے حالات چل رہے تھے، ان حالات کے پیشِ نظر اس ادارے کے قیام کا مقصد یہ تھا کہ تحریک خلافت میں شامل ہوا جائے اور انگریز کے تسلط سے ہندوستان کو آزادی دلوائی جائے اور عام مسلمانوں میں علم کی کمی کو دور کر کے اسلامی تعلیمات کو فروغ دیا جائے۔ جب انگریز ہندوستان میں آئے تو وہ اپنے ساتھ مشنری ٹیمیں بھی لائے جو پورے ہندوستان میں عیسائیت کی تبلیغ کرتی تھیں۔ لہٰذا اسلامی تعلیمات کا فروغ اس وقت کی اہم ضرورت تھی۔ اس کے علاوہ جو فتنہ قادیانیت برپا ہو چکا تھا، اس کے خلاف کھڑے ہونا بھی اس ادارے کے قیام کے مقاصد میں شامل تھا۔ قیام پاکستان کے بعد جب حالات تبدیل ہوئے تو ادارے کے مقاصد میں بھی تبدیلی آئی۔ اس ادارے کے موجودہ مقاصد میں دینی تعلیم و تربیت، خدمتِ خلق اور دعوت و تبلیغ کے ساتھ ساتھ نو مسلمین کی کفالت بھی شامل ہے۔

سوال ۲۔ یہ ادارہ کیا خدمات فراہم کر رہا ہے؟

جواب۔ اس ادارے کی ملک بھر میں شاخیں موجود ہیں۔ یہ ادارہ تین شعبوں پر مشتمل ہے، پہلا شعبہ ہے شعبہ تعلیم جس میں دینی تعلیمات کے حوالے سے خدمات فراہم کی جاتی ہیں، دوسرا شعبہ ہے شعبہ خدمتِ خلق جس کے تحت ملک بھر میں روزانہ اور ماہانہ بنیادوں پر لوگوں سے تعاون کیا جاتا ہے اور جب کبھی ملک میں کوئی آفاتی صورتحال پیدا ہو جائے تو اس حوالے سے بھی یہ شعبہ اپنی امدادی کاروائیاں شروع کر دیتا ہے، اور تیسرا شعبہ ہے شعبہ تبلیغ جس کے تحت پاکستان میں جتنے بھی مذاہب پائے جاتے ہیں ان کو اور خاص کر قادیانیوں اور بہائیوں کو دعوتِ اسلام دی جاتی ہے، ان کو اپنے ہاں بلایا جاتا ہے، ان کی خدمت کی جاتی ہے اور ان کو اسلامی تعلیمات سے آگاہی دی جاتی ہے۔ یہی شعبہ پھر نو مسلمین کے معاملات ان کی کفالت کے حوالے سے بھی اپنی خدمات فراہم کرتا ہے۔ اس ادارے کی طرف سے نو مسلمین کے رہائشی مسائل حل کیے جاتے ہیں، ان کے روزگار کا بندوبست کیا جاتا ہے، ان کی کفالت اور تعلیم و تربیت کی ذمہ داری بھی اٹھائی جاتی ہے، ان کے قانونی مسائل بھی حل کئے جاتے ہیں اور عدالت تک آنے جانے میں قانونی تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کی شادی بیاہ کے معاملات میں بھی ان کے ساتھ تعاون کیا جاتا ہے۔

سوال ۳۔ آپ کے پاس ابھی تک آنے والے نو مسلمین کون کون سے مسائل سے دوچار رہے؟

جواب۔ جتنے بھی مذاہب ہیں، وہ یہ دعوٰی تو کرتے ہیں کہ ہمارے ہاں مذہبی اعتبار سے وسیع ظرف پایا جاتا ہے اور وسعتِ قلب پائی جاتی ہے، مگر حالت یہ ہے کہ جب ان کی کمیونٹی سے کوئی اسلام قبول کرتا ہے تو اس سے شدید نفرت کا اظہار کرتے ہیں، انہیں مارتے پیٹتے ہیں، ان سے مکمل بائیکاٹ کر دیتے ہیں، ان پر مختلف قسم کے پرچے کرواتے ہیں ان کے اوپر مقدمے دائر کرتے ہیں۔ پھر جب وہ نو مسلم اپنی قانونی جنگ لڑنے کے لیے عدالت پہنچتا ہے تو عدالت تک اس کا پیچھا کرتے ہیں۔ بعض اوقات ان کو اغوا یا قتل کرنے کی بھی کوشش کرتے ہیں۔ ان کی نفرت کا یہ عالم ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور حیران ہوتے ہیں کہ کیا یہ وہی لوگ ہیں جو اپنی وسعتِ قلب کے دعوے کرتے ہیں اور انسانی حقوق کی بات کرتے ہیں۔

سوال ۴۔ ان کی مشکلات کے حل کے لئے ادارے نے کیا کیا؟

جواب۔ اس ادارے کی طرف سے نو مسلمین کے رہائشی مسائل حل کیے جاتے ہیں۔ ان کے روزگار کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ ان کی کفالت اور تعلیم و تربیت کی ذمہ داری بھی اٹھائی جاتی ہے۔ ان کے قانونی مسائل بھی حل کئے جاتے ہیں اور عدالت تک آنے جانے میں قانونی تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کی شادی بیاہ کے معاملات میں بھی ان کے ساتھ تعاون کیا جاتا ہے۔

سوال۵۔ پاکستانی مسلمانوں کا رویہ ادارے کی طرف کیسا ہے؟

جواب۔ پاکستانی مسلمانوں کی طرف سے ہمارے ادارے کے ساتھ مکمل تعاون کیا جاتا ہے۔ البتہ اگر کوئی کمی باقی ہے تو وہ شادی بیاہ کے معاملات ہیں جن میں مسلمانوں کی طرف سے تعاون کا فقدان ہے۔

سوال۶۔ اس ادارے کی مستقبل کی منصوبہ بندی کیا ہے؟

جواب۔ اس ادارے کی مستقبل کی منصوبہ بندی یہ ہے کہ نو مسلمین کے لیے ایک دارالکفالہ بنایا جائے جس میں ان کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے، ان کی کفالت کی جائے، ان کی ضروریات کا خیال رکھا جائے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کوششیں کی جائیں۔

سوال۷۔ آپ پاکستانی مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب۔ پاکستانی مسلمانوں کو فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر آپسی اصلاح بھی کرنی چاہیے اور دعوتی مزاج کے ساتھ غیر مسلموں کو بھی دعوت دینی چاہیے۔ پھر جو غیر مسلم اسلام میں داخل ہو جائیں، تو ان نو مسلمین کے ساتھ بھی بھرپور تعاون کرنا چاہیے۔

# نتائج

- دین اسلام دنیا میں تیزی کے ساتھ پھیل رہا ہے۔ بہت سے غیر مسلم اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیتے ہیں۔ پاکستان میں بھی غیر مسلم بڑی تعداد میں اسلام قبول کر رہے ہیں۔
- انٹرویوز دینے والے نو مسلمین کے سابقہ مذاہب میں ہندومت، عیسائیت، قادیانیت اور سکھ مت شامل ہیں۔
- پاکستان میں رہنے والے نو مسلموں کو اسلام قبول کرنے کے بعد متعدد سماجی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جن میں سے زیادہ تر مسائل ان کے سابقہ مذہب کی کمیونٹی کی طرف سے انہیں پیش آتے ہیں لیکن کچھ مسائل ایسے بھی ہیں جو انہیں مسلم معاشرے کی طرف سے درپیش ہوتے ہیں۔
- سرکاری اداروں اور عدالتوں کے روایتی نظام اور طریقہ کار کی وجہ سے نو مسلمین بہت سے قانونی مسائل کے حل میں تاخیر کا شکار ہو جاتے ہیں۔
- پاکستانی نو مسلمین میں سے کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جو اسلام قبول کرنے کے بعد پیش آنے والے منفی سماجی رویوں سے تنگ آ کر اور آزمائشوں سے گھبرا کر واپس اپنے آبائی مذہب کی طرف پلٹ کر مرتد ہو جاتے ہیں۔
- دعوتِ اسلام اور قرانی تعلیمات کی عدم رسائی بہت سے غیر مسلموں کے لیے قبولِ اسلام سے مانع ہے۔
- ہمارے معاشرے میں مسلک کی دعوت کو ہی اسلام کی دعوت سمجھا جاتا ہے۔
- چند غیر مسلم ایسے بھی ہوتے ہیں جو صرف اپنے مفادات کے حصول کے لیے اسلام قبول کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دیگر مسلمانوں کو ایک حقیقی نو مسلم کا کردار بھی مشکوک نظر آتا ہے۔
- پاکستان میں عوامی سطح پر موجود کچھ افراد ایسے بھی ہیں جو نو مسلمین کے تحفظ، ان کی کفالت، ان کی تعلیم و تربیت اور ان کے مسائل کے حل کے لیے مختلف جماعتوں اور نجی اداروں کی صورت میں کوشاں ہیں، البتہ سرکاری سطح پر ان مسائل کے حل کے لئے کوئی مرکزی ادارہ موجود نہیں ہے۔

## سفارشات

- پاکستان میں نو مسلمین کے لیے علیحدہ سے وفاقی یا صوبائی سطح پر ایک وزارت قائم کی جائے، یا کم از کم ایک مرکزی ادارہ قائم کیا جائے جو ان کے سماجی مسائل کی تمام صورتوں، مثلاً معاشرتی، تعلیمی، معاشی، قانونی اور علاج معالجے سے متعلق تمام مسائل کے حل میں آسانی پیدا کرے، جو ان کے لیے رہائشی کالونیاں بنانے کا بھی بندوبست کرے اور تعلیمی اداروں میں نو مسلمین کے لیے وظیفے کا خصوصی کوٹا بھی متعین کرے۔
- پاکستان میں کاغذی کاروائی سے متعلق تمام سرکاری اداروں میں تاخیر سے بچنے کے لیے نو مسلمین کے لیے علیحدہ ون ونڈو آپریشن(One Window Operation)کا آغاز ہونا چاہیے۔
- قانونی چارہ جوئی میں تاخیر کو ختم کرنے کے لیے نو مسلمین کے قانونی مسائل کے حل کے لیے پیش کردہ تجاویز کو پاکستانی وکلاء، ججوں اور بیوروکریٹس کے غور و فکر اور مشورے کے بعد انہیں نافذ کیا جانا چاہیے۔
- عوامی سطح پر لوگوں کو نو مسلمین کے مسائل اور ان کے حل کے بارے میں آگاہی دینے کے لئے میڈیا کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔
- پاکستان میں موجود دعوت و تبلیغ سے منسلک جماعتوں کے دعوتی طریقہ کار کو زیرِ تحقیق لایا جائے اور اس کی بہتری کے لیے تجاویز پیش کی جائیں۔

# ضمیمہ جات

فہرستِ آیات

فہرستِ احادیث

فہرستِ اماکن

# فہرستِ آیات


| صفحہ نمبر | سورۃ | آیت | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| 24 | البقرۃ | وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا ۔۔۔۔۔ | 1 |
| 21 | البقرۃ | كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللَّهُ النَّبِيِّينَ ۔۔۔۔۔ | 2 |
| 28 | البقرۃ | لَا إِكْرَاهَ ۔۔۔۔۔ | 3 |
| 22 | آل عمران | إِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللَّهِ ۔۔۔۔۔ | 4 |
| 21 | آل عمران | قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ ۔۔۔۔۔ | 5 |
| 23 | آل عمران | وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ ۔۔۔۔۔ | 6 |
| 21 | یونس | وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً ۔۔۔۔۔ | 7 |
| 27 | ھود | يَا قَوْمِ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا ۔۔۔۔۔ | 8 |
| 22 | یوسف | قُلْ هَذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ ۔۔۔۔۔ | 9 |
| 25 | النحل | ادْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ ۔۔۔۔۔ | 10 |
| 26 | طٰہٰ | فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَيِّنًا ۔۔۔۔۔ | 11 |
| 21 | الأنبیاء | إِنَّ هَذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً ۔۔۔۔۔ | 12 |
| 21 | الأنبیاء | وَتَقَطَّعُوا أَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ كُلٌّ ۔۔۔۔۔ | 13 |
| 29 | العنکبوت | أَحَسِبَ النَّاسُ أَنْ يُتْرَكُوا ۔۔۔۔۔ | 14 |
| 28 | العنکبوت | وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۔۔۔۔۔ | 15 |
| 23 | فصلت | وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا ۔۔۔۔۔ | 16 |
| 37 | الممتحنۃ | يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ ۔۔۔۔۔ | 17 |
| 27 | الصف | يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ ۔۔۔۔۔ | 18 |
| 27 | الصف | كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللَّهِ ۔۔۔۔۔ | 19 |

# فہرستِ احادیث



| صفحہ نمبر | حدیث | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 23 | بلغوا عني ــــــ | 1 |
| 22 | كل مولود يولد ــــــ | 2 |
| 25 | من دعا إلى هدى ــــــ | 3 |
| 24 | والذي نفسي بيده لتامرن بالمعروف ــــــ | 4 |
| 25 | والله لان يهدى بك رجل واحد ــــــ | 5 |

# فہرستِ اماکن



| صفحہ نمبر | جگہ کا نام | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 60 | اونچہ کلاں | 1 |
| 95 | دودہ | 2 |
| 104 | گوئی | 3 |
| 95 | وجھ | 4 |

# مصادر و مراجع


1. القرآن الکریم

## کتبِ تفسیر

2. مودودی، سید ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن۔ لاہور: ادارہ ترجمان القرآن، 2012ء۔

## کتبِ حدیث

3. بخاری، محمد بن اسماعیل، **صحیح بخاری**، مترجم محمد ناصر الدین ناصر۔ لاہور: پروگریسو بکس، 2016ء۔
4. ترمذی، محمد بن عیسیٰ، **جامع ترمذی**، مترجم بدیع الزمان۔ لاہور: نعمانی کتب خانہ، 2012ء۔

## اُردو کتب

5. حدوٹی، محمود الرشید، **مطالعہ مذاہب**۔ لاہور: مکتبہ آبِ حیات، 2005ء۔
6. خان، ابو محمد ذوہیب، **داستان**۔ (بدون مقامِ اشاعت): ادارہ تبلیغ اسلام پاکستان، 2018ء)۔
7. صدیقی، محمد کلیم، **نسیم ہدایت کے جھونکے**۔ آکولہ: مکتبہ دار العلوم سنوری، 2010ء۔
8. ظہیر، احسان الٰہی، **البابیہ: عرض و نقد**۔ (بدون مقامِ اشاعت و ناشر و سنہ)۔
9. ظہیر، احسان الٰہی، **البہائیہ: نقد و تحلیل**۔ (بدون مقامِ اشاعت و ناشر و سنہ)۔
10. عثمانی، تقی، **عیسائیت کیا ہے؟**۔ کراچی: دار الاشاعت (بدون سنہ)۔
11. علوی، منیر احمد، **احمدیت اسلام کیوں نہیں؟**۔ (بدون مقامِ اشاعت): شبان ختم نبوت، (بدون سنہ)۔
12. فلاحی، انیس احمد، **مذاہبِ عالم: ایک تقابلی مطالعہ**۔ مکتبہ قاسم العلوم، (بدون سنہ)۔
13. فہمی، شوکت علی، **ہندوستان پر اسلامی حکومت**۔ کراچی: سٹی بک پوائنٹ، 2005ء۔
14. فہمی، شوکت علی، **ہندوستان پر مغلیہ حکومت**۔ کراچی: سٹی بک پوائنٹ، 2007ء۔
15. مبارکپوری، صفی الرحمٰن، **الرحیق المختوم**۔ لاہور: المکتبۃ السلفیۃ، 2002ء۔
16. منظور احمد، میاں، **تقابلِ ادیان و مذاہب**۔ لاہور: علمی بک ہاؤس، 2004ء۔
17. مودودی، سید ابو الاعلیٰ، **دعوتِ دین کی ذمہ داری**۔ لاہور: اسلامک پبلی کیشنز، 1996ء۔

18. مور، لیوس، **مذاہبِ عالم کا انسائیکلوپیڈیا**، مترجم سعدیہ جواد، یاسر جواد۔ لاہور: نگارشات پبلشرز، 2003ء۔

19. نائیک، ذاکر عبدالکریم، **اسلام اور ہندومت: ایک تقابلی جائزہ**، مترجم محمد زاہد ملک۔ لاہور: زبیر پبلشرز (بدون سنہ)۔

20. نائیک، ذاکر عبدالکریم، **مذاہبِ عالم میں تصورِ خدا**، مترجم سید امتیاز احمد۔ لاہور: دار النوادر، 2006ء۔


## انگریزی کتب


21. Jameelah, Maryam, *Islam and Modernism*. n.p. Kazi Publications Incorporated, 1977.
22. Jameelah, Maryam, *Islam versus The West.* n.p. Markazi Maktaba Islami Publishers, 1993.
23. Jameelah, Maryam, *Islam and Orientalism.* n.p. Kazi Publications Incorporated, 1991.
24. Tsadik, Daniel, *Between Foreigners and Shi'is: Nineteenth-Century Iran and Its Jewish Minority*. Stanford: Stanford University Press, 2007.
25. West, Barbara A., *Encyclopedia of the Peoples of Asia and Oceania*. New York: Infobase Publishing, 2009.


## مقالہ جات


26. قطب نثار۔ "پاکستان میں نو مسلم افراد کی مشکلات اور ان کا حل"۔ مقالہ برائے پی ایچ ڈی، دی یونیورسٹی آف لاہور، 2018ء۔


## ویب گاہ


27. ابو عمارہ زاہد الراشدی۔ "نو مسلموں کے مسائل"۔

zahidrashdi.org. Accessed July 1, 2023. http://zahidrashdi.org/503

28. انور جلال۔ "وادی سندھ کی قدیم تہذیب"۔

humsub.com. Accessed December 5, 2023.
https://www.humsub.com.pk/415551/anwar-jalal-10/

29. اکرام سہگل۔ "جنوبی ایشیا کی تہذیب گندھارا"۔

express.pk. Accessed December 5, 2023.
https://www.express.pk/story/2296257/268/

30. اکرام سہگل۔ "جنوبی ایشیا کی تہذیبیں اور ہندوازم"۔

express.pk. Accessed December 5, 2023.
https://www.express.pk/story/2299280/268/

31. اکرام سہگل۔ "جنوبی ایشیا میں زرتشتی مذہب"۔
express.pk. Accessed December 9, 2023.
https://www.express.pk/story/2265806/268/

32. اکرام سہگل۔ "جنوبی ایشیاء میں عیسائیت کا فروغ"۔
mukaalma.com. Accessed December 6, 2023.
https://www.mukaalma.com/139913/

33. ثناءناز۔ "ہندومت کی کتب کا مختصر تعارف"۔
zindgienau.com. Accessed December 5, 2023.
http://zindgienau.com/Issues/2018/November2018/images/unicode_files/heading7.htm

34. جنید احمد۔ "ہندوؤں کا عقیدہ تثلیث"۔
alamaat.com. Accessed December 5, 2023. https://alamaat.com/trilogy-in-hinduism-the-basic-concept-of-hinduism/

35. ختم نبوت۔ "انگریز نے مرزا کادیانی کو کیوں چنا"۔
khatm-e-nubuwwat.org. Accessed December 7, 2023. https://khatm-e-nubuwwat.org/angraiz-nay-mirza-qadiani-ko-ku-chunaa/

36. ختم نبوت۔ "صد سالہ جشن پر پابندی اور شعائر اسلامی کا استعمال–سپریم کورٹ آف پاکستان"۔
khatm-e-nubuwwat.org. Accessed December 7, 2023. https://khatm-e-nubuwwat.org/100-sala-jashan-par-pabandi-or-shayar-islami-ka-istamal-scmr-1718-1993-supreem-court-of-pakistan/

37. ختم نبوت۔ "قادیانی مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟"۔
khatm-e-nubuwwat.org. Accessed December 7, 2023. https://khatm-e-nubuwwat.org/qadiani-musalmano-ko-keya-samjtay-hain/

38. ختم نبوت۔ "قادیانیوں کی کتابیں"۔
khatmenabowat.wordpress.com. Accessed December 7, 2023.
https://khatmenabowat.wordpress.com/%D9%82%D8%A7%D8%AF%DB%8C%D8%A7%D9%86%DB%8C%D9%88%DA%BA-%DA%A9%DB%8C-%DA%A9%D8%AA%D8%A7%D8%A8%DB%8C%DA%BA/

39. رانا اور نگزیب۔ "نو مسلموں کے حقوق اور ہمارا معاشرہ"۔
mukaalma.com. Accessed July 3, 2023. https://www.mukaalma.com/13489/

40. عبدالوارث گل۔ "جنت تلواروں کے سائے تلے ہے"۔
huqooq.org. Accessed July 3, 2023.
https://huqooq.org/%d8%ac%d9%86%d8%aa-%d8%aa%d9%84%d9%88%d8%a7%d8%b1%d9%88%da%ba-

%da%a9%db%92-%d8%b3%d8%a7%db%8c%db%81-%d8%aa%d9%84%db%92-%db%81%db%92/

41. Danish Hussain. "Pakistani man wins right to correction of religion from Islam to Judaism". tribune.com.pk. Accessed December 13, 2023. https://tribune.com.pk/story/1366268/man-interfaith-parents-wins-right-religion-choice/

42. European Court of Human Rights. "European Convention on Human Rights". echr.coe.int. Accessed December 21, 2023. https://www.echr.coe.int/documents/d/echr/convention_ENG

43. Iftikhar H. Malik. "Religious Minorities in Pakistan". refworld.org. Accessed December 3, 2023. https://www.refworld.org/pdfid/469cbfc30.pdf

44. Liel Leibovitz. "Pakistan's Jewish Ghosts". tabletmag.com. Accessed December 13, 2023. https://www.tabletmag.com/sections/news/articles/pakistans-jewish-ghosts

45. My Jewish Learning. "The Jewish Denominations". myjewishlearning.com. Accessed December 13, 2023. https://www.myjewishlearning.com/article/the-jewish-denominations/

46. Pakistan Bureau of Statistics. "Population by Religion". pbs.gov.pk. Accessed December 3, 2023. https://www.pbs.gov.pk/node/96

47. Saif Tahir. "The lost Jewish history of Rawalpindi". tribune.com.pk. Accessed December 13, 2023. https://tribune.com.pk/article/32513/the-lost-jewish-history-of-rawalpindi/

48. Sepehr Manuchehri. "Historical Accounts of two Indian Babis: Sa'in Hindi and Sayyid Basir Hindi". h-net.org. Accessed December 10, 2023. https://www.h-net.org/~bahai/notes/vol5/hunud.htm

49. The Constitution of Pakistan. "Constitution (Second Amendment) Act, 1974". pakistani.org. Accessed December 7, 2023. https://www.pakistani.org/pakistan/constitution/amendments/2amendment.html

50. The Pakistan Code: Ministry of Law and Justice. "The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973". pakistancode.gov.pk. Accessed October 1, 2023. https://pakistancode.gov.pk/english/UY2FqaJw1-apaUY2Fqa-apaUY2Fvbpw%3D-sg-jjjjjjjjjjjj

51. United Nations Human Rights: Office of The High Commissioner. "Declaration on the Elimination of All Forms of Intolerance and of Discrimination Based on Religion or Belief". orchr.org. Accessed December 21, 2023. https://www.ohchr.org/en/instruments-mechanisms/instruments/declaration-elimination-all-forms-intolerance-and-discrimination

52. United Nations Human Rights: Office of The High Commissioner. "International Covenant on Civil and Political Rights". orchr.org. Accessed December 21, 2023. https://www.ohchr.org/en/instruments-mechanisms/instruments/international-covenant-civil-and-political-rights

53. United Nations Human Rights: Office of The High Commissioner. "Universal Declaration of Human Rights". orchr.org. Accessed December 21, 2023. https://www.ohchr.org/en/universal-declaration-of-human-rights

پاکستان میں نو مسلوں کے سماجی مسائل

ORIGINALITY REPORT

| 14% | 13% | 1% | 4% |
| --- | --- | --- | --- |
| SIMILARITY INDEX | INTERNET SOURCES | PUBLICATIONS | STUDENT PAPERS |

PRIMARY SOURCES

| | | |
| --- | --- | --- |
| 1 | wahabi-books.amuslim.org<br>Internet Source | 1% |
| 2 | ur.wikipedia.org<br>Internet Source | 1% |
| 3 | forum.ahmadimuslim.de<br>Internet Source | 1% |
| 4 | Submitted to Higher Education Commission Pakistan<br>Student Paper | 1% |
| 5 | lib.bazmeurdu.net<br>Internet Source | 1% |
| 6 | www.alishaat.com<br>Internet Source | <1% |
| 7 | zindgienau.com<br>Internet Source | <1% |
| 8 | tarjumanulquran.org<br>Internet Source | <1% |
| 9 | www.khutbajuma.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 10 | religion.asianindexing.com<br>Internet Source | <1% |
| 11 | itexpertteam.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 12 | www.urduweb.org<br>Internet Source | <1% |
| 13 | Submitted to University of Melbourne<br>Student Paper | <1% |
| 14 | www.ahmadimuslim.de<br>Internet Source | <1% |
| 15 | www.bbc.com<br>Internet Source | <1% |
| 16 | urdupub.com<br>Internet Source | <1% |
| 17 | quranlearning.info<br>Internet Source | <1% |
| 18 | mazameen.com<br>Internet Source | <1% |
| 19 | islamicurdubooks.com<br>Internet Source | <1% |
| 20 | www.urdupoint.com<br>Internet Source | <1% |
| 21 | www.urduvoa.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 22 | hamariweb.com<br>Internet Source | <1% |
| 23 | daleel.pk<br>Internet Source | <1% |
| 24 | www.tarjumanulquran.org<br>Internet Source | <1% |
| 25 | www.proceedings1974.org<br>Internet Source | <1% |
| 26 | raahedaleel.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 27 | thewireurdu.com<br>Internet Source | <1% |
| 28 | www.islamicurdubooks.com<br>Internet Source | <1% |
| 29 | www.urduvb.com<br>Internet Source | <1% |
| 30 | urdu.app.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 31 | www.askislampedia.com<br>Internet Source | <1% |
| 32 | www.ahlesunnatpak.com<br>Internet Source | <1% |
| 33 | quran.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 34 | ia600702.us.archive.org<br>Internet Source | <1% |
| 35 | www.al-mawrid.org<br>Internet Source | <1% |
| 36 | archive.org<br>Internet Source | <1% |
| 37 | d1.islamhouse.com<br>Internet Source | <1% |
| 38 | www.ama.com.au<br>Internet Source | <1% |
| 39 | dawatetohid.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 40 | nliulawreview.nliu.ac.in<br>Internet Source | <1% |
| 41 | shaheedeislam.com<br>Internet Source | <1% |
| 42 | www.alhayatindia.com<br>Internet Source | <1% |
| 43 | www.express.pk<br>Internet Source | <1% |
| 44 | chunida.com<br>Internet Source | <1% |
| 45 | www.jasarat.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 46 | zambal26.rssing.com<br>Internet Source | <1% |
| 47 | chitraltimes.com<br>Internet Source | <1% |
| 48 | studentsrepo.um.edu.my<br>Internet Source | <1% |
| 49 | baaghitv.com<br>Internet Source | <1% |
| 50 | forum.mohaddis.com<br>Internet Source | <1% |
| 51 | urdu.aawsat.com<br>Internet Source | <1% |
| 52 | urdu.newstime.jp<br>Internet Source | <1% |
| 53 | urduhadees.blogfa.com<br>Internet Source | <1% |
| 54 | urdumehfil.net<br>Internet Source | <1% |
| 55 | www.bmj.com<br>Internet Source | <1% |
| 56 | zahidrashdi.org<br>Internet Source | <1% |
| 57 | tocs.asianindexing.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 58 | salaamone.com<br>Internet Source | <1% |
| 59 | dailypearlview.com<br>Internet Source | <1% |
| 60 | masoodnk.wordpress.com<br>Internet Source | <1% |
| 61 | theworldimportantnews.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 62 | www.degruyter.com<br>Internet Source | <1% |
| 63 | alaiwah.wordpress.com<br>Internet Source | <1% |
| 64 | alqalamonline.com<br>Internet Source | <1% |
| 65 | paktodays.com<br>Internet Source | <1% |
| 66 | www.archive.org<br>Internet Source | <1% |
| 67 | www.javedahmadghamidi.com<br>Internet Source | <1% |
| 68 | www.jihap.org<br>Internet Source | <1% |
| 69 | www.lafzuna.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 70 | www.minhajbooks.com<br>Internet Source | <1% |
| 71 | www.topstoryonline.com<br>Internet Source | <1% |
| 72 | ahlesunnatpak.com<br>Internet Source | <1% |
| 73 | archive.urdu.siasat.com<br>Internet Source | <1% |
| 74 | d-scholarship.pitt.edu<br>Internet Source | <1% |
| 75 | dailypakistan.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 76 | khateeb.mohaddis.com<br>Internet Source | <1% |
| 77 | umarlibrary.org<br>Internet Source | <1% |
| 78 | ur.wikibooks.org<br>Internet Source | <1% |
| 79 | www.healthwatchsunderland.com<br>Internet Source | <1% |
| 80 | www.kazmis.com<br>Internet Source | <1% |
| 81 | www.mukaalma.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 82 | Submitted to London School of Economics and Political Science<br>Student Paper | <1% |
| 83 | Submitted to Universiti Islam Sultan Sharif Ali<br>Student Paper | <1% |
| 84 | Submitted to University of Malaya<br>Student Paper | <1% |
| 85 | aawaaznews.ad4allover.in<br>Internet Source | <1% |
| 86 | bazmeurdu.net<br>Internet Source | <1% |
| 87 | ebin.pub<br>Internet Source | <1% |
| 88 | eprints.nottingham.ac.uk<br>Internet Source | <1% |
| 89 | info-funia.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 90 | www.anwar-e-islam.org<br>Internet Source | <1% |
| 91 | www.independenturdu.com<br>Internet Source | <1% |
| 92 | Submitted to Middle East Technical University<br>Student Paper | <1% |
| 93 | kitabosunnat.com<br>Internet Source | |

| | | |
|---|---|---|
| | | <1% |
| 94 | www.abs.org.nz<br>Internet Source | <1% |
| 95 | Submitted to University of Nicosia<br>Student Paper | <1% |
| 96 | apnaarooj.com<br>Internet Source | <1% |
| 97 | m.thewireurdu.com<br>Internet Source | <1% |
| 98 | paighamequran.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 99 | urdubloggertamplets.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 100 | www.roznamakhabrein.com<br>Internet Source | <1% |
| 101 | www.urduquran.net<br>Internet Source | <1% |
| 102 | dergipark.org.tr<br>Internet Source | <1% |
| 103 | www.dawatedeen.com<br>Internet Source | <1% |
| 104 | Submitted to The Islamic College<br>Student Paper | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 105 | article.urduhome.net<br>Internet Source | <1% |
| 106 | commons.wikimedia.org<br>Internet Source | <1% |
| 107 | ghrd.org<br>Internet Source | <1% |
| 108 | jang.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 109 | man103.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 110 | motivationspeakersandquotes.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 111 | shaybanifoundation.com<br>Internet Source | <1% |
| 112 | www.alfazl.com<br>Internet Source | <1% |
| 113 | www.islamicboard.com<br>Internet Source | <1% |
| 114 | www.islamimehfil.com<br>Internet Source | <1% |
| 115 | www.tazkia.org<br>Internet Source | <1% |
| 116 | www.urdupower.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 117 | alhassanain.org<br>Internet Source | <1% |
| 118 | almarfa.in<br>Internet Source | <1% |
| 119 | bolaan-news.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 120 | cemendtaur-ki-urdu-dunya.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 121 | fridayspecial.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 122 | gourmetkhawateen.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 123 | iseek.online<br>Internet Source | <1% |
| 124 | knowcliff.com<br>Internet Source | <1% |
| 125 | minhaj.org<br>Internet Source | <1% |
| 126 | vid.app.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 127 | webs.ucm.es<br>Internet Source | <1% |
| 128 | www.admin.hrw.org<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 129 | www.banuri.edu.pk<br>Internet Source | <1% |
| 130 | www.khwajaekramonline.com<br>Internet Source | <1% |
| 131 | www.ris.bka.gv.at<br>Internet Source | <1% |
| 132 | www.urdusafha.pk<br>Internet Source | <1% |
| 133 | www.zuhoor14.com<br>Internet Source | <1% |
| 134 | baattv.com<br>Internet Source | <1% |
| 135 | capitaltalk.geo.tv<br>Internet Source | <1% |
| 136 | dailypakistan.pk<br>Internet Source | <1% |
| 137 | epdf.pub<br>Internet Source | <1% |
| 138 | essays2.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 139 | hhrd.tv<br>Internet Source | <1% |
| 140 | hilal.gov.pk<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 141 | hizb-ut-tahrir.info<br>Internet Source | <1% |
| 142 | library.ahnafmedia.com<br>Internet Source | <1% |
| 143 | majliseulamaehind.org<br>Internet Source | <1% |
| 144 | meri-batein.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 145 | paycheck.pk<br>Internet Source | <1% |
| 146 | roshnai.com<br>Internet Source | <1% |
| 147 | shahfaez.wordpress.com<br>Internet Source | <1% |
| 148 | share.america.gov<br>Internet Source | <1% |
| 149 | shiachatroom.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 150 | suayharam.com<br>Internet Source | <1% |
| 151 | tanzil.net<br>Internet Source | <1% |
| 152 | threadreaderapp.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 153 | todayscolumn.com<br>Internet Source | <1% |
| 154 | ur.1stpreschurch.org<br>Internet Source | <1% |
| 155 | ur.stpatrickschoolwhitelake.org<br>Internet Source | <1% |
| 156 | urdutimesusa.com<br>Internet Source | <1% |
| 157 | writers.novelhinovel.com<br>Internet Source | <1% |
| 158 | www.dailyaaj.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 159 | www.dawnnews.tv<br>Internet Source | <1% |
| 160 | www.dw.com<br>Internet Source | <1% |
| 161 | www.mbilalm.com<br>Internet Source | <1% |
| 162 | www.tanqeed.org<br>Internet Source | <1% |
| 163 | www.urdumajlis.net<br>Internet Source | <1% |
| 164 | www.urdunews.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 165 | Submitted to University of Rijeka<br>Student Paper | <1% |
| 166 | aboutmuhammad.net<br>Internet Source | <1% |
| 167 | alamaat.com<br>Internet Source | <1% |
| 168 | cpsalrisala.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 169 | dailykhabrain.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 170 | dailypakpro.com<br>Internet Source | <1% |
| 171 | deeneefiza.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 172 | igrfoundation.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 173 | islamhouse.com<br>Internet Source | <1% |
| 174 | islamneedoftoday.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 175 | jafarali.blog.ir<br>Internet Source | <1% |
| 176 | jamatdawa.org<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 177 | khabraininternational.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 178 | kims.net.pk<br>Internet Source | <1% |
| 179 | ksars.org<br>Internet Source | <1% |
| 180 | kufarooq.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 181 | magazine.mohaddis.com<br>Internet Source | <1% |
| 182 | mahmedtarazi.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 183 | maimoonahamza.com<br>Internet Source | <1% |
| 184 | ownislam.com<br>Internet Source | <1% |
| 185 | prr.hec.gov.pk<br>Internet Source | <1% |
| 186 | radeqadianiyat.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 187 | reader.islamhouse.com<br>Internet Source | <1% |
| 188 | shakeelashraf.wordpress.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 189 | sunnihanfisunni.wordpress.com<br>Internet Source | <1% |
| 190 | ur.m.wikipedia.org<br>Internet Source | <1% |
| 191 | urdulib.com<br>Internet Source | <1% |
| 192 | usvah.org<br>Internet Source | <1% |
| 193 | wikisource.org<br>Internet Source | <1% |
| 194 | www.abduladirmughalbookbinder.com<br>Internet Source | <1% |
| 195 | www.adgostar.com<br>Internet Source | <1% |
| 196 | www.asian-women-magazine.com<br>Internet Source | <1% |
| 197 | www.bbc.co.uk<br>Internet Source | <1% |
| 198 | www.bible.com<br>Internet Source | <1% |
| 199 | www.dailysahafatquetta.com<br>Internet Source | <1% |
| 200 | www.fundamentalsofislam.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 201 | www.kifayats.com<br>Internet Source | <1% |
| 202 | www.millat.com<br>Internet Source | <1% |
| 203 | www.na.gov.pk<br>Internet Source | <1% |
| 204 | www.nawaiwaqt.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 205 | www.openj-gate.com<br>Internet Source | <1% |
| 206 | www.osce.org<br>Internet Source | <1% |
| 207 | www.ryde.nsw.gov.au<br>Internet Source | <1% |
| 208 | www.unnpakistan.com<br>Internet Source | <1% |
| 209 | www.writeforpakistan.com<br>Internet Source | <1% |
| 210 | www.zarbeaahan.com<br>Internet Source | <1% |
| 211 | www.zoontv.com<br>Internet Source | <1% |
| 212 | top.hatnote.com<br>Internet Source | <1% |

| | | | |
|---|---|---|---|
| Exclude quotes | On | Exclude matches | < 5 words |
| Exclude bibliography | On | | |